عملیاتِ جفر
www.freeamliyaatbookspdf.com
مصنف : حکیم ڈاکٹر محمد سعید
پبلشرز : خیال محمد پبلشرز نیا لاری اڈا وہاڑی

بحُسنِ توفیقہٖ تعالیٰ جلَّ شانہٗ

عملیات کرنے کے تمام اصول وقواعد شرائط حروف تہجی

ابجدات' عناصر' موکلات' تعویذات' زکات' موثر اوقات عملیات' اسماء وآیات

مصنف

حکیم ڈاکٹر محمد سعید

پبلشرز

خیالِ مجید پبلشرز رسیلا لاری اڈا وہاڑی

نام کتاب — عملیات جفر

نام مصنف — حکیم و ڈاکٹر حاجی محمد سعید

اشاعت اول — مارچ 1998ء

اشاعت دوئم — نومبر 2006ء

کمپوزنگ — منہاج کمپیوٹرز کلب روڈ وہاڑی

پروف ریڈنگ — محمد افضل ہاشمی

تعداد — ایک ہزار

ناشر — خیال مجید پبلشرز وہاڑی

منگوانے کا پتہ

خیال مجید پبلشرز، نیا لاری اڈا وہاڑی

فون: 067-3365435، 0321-7736682

قادری سعید

پیش لفظ

دور حاضر میں کون ایسا ہوگا جسے زندگی کی شاہراہ پر کسی نہ کسی صعوبت سے واسطہ نہ پڑتا ہو۔ یہی مشکلات اور پریشانیاں انسان کی خوشیوں کو ماند کر دیتی ہیں، سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیتیں معدوم ہو جاتی ہیں اور ایسے حالات میں بعض اوقات انسان خود کو بہت بے بس اور مجبور پاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جتنے بھی علوم زمین پر اتارے ہیں ہر ایک میں اسرار و رموز رکھے ہیں۔ اسی پاک ذات نے ہی اپنے بعض بندوں پر اس قدر رحمتوں کی بارش کی کہ ان پر علوم کی خزانے کھول دیئے اور جس قدر چاہا مخفی اسرار ان پر عیاں کیے اور اس بات کی توفیق عطا فرمائی کہ وہ اپنے علوم کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے لوگوں کی رہنمائی کریں انہیں سیدھی راہ دکھائیں تاکہ پریشان حال لوگ اپنی مشکلات اور مصیبتوں سے جان چھڑانے کے لیے بھٹکتے نہ پھریں۔

صعوبتوں اور پریشانیوں کے اس دور میں اللہ تعالیٰ کے مقدس کلام پاک سے استفادہ حاصل کر کے ہی نجات حاصل کی جا سکتی ہے۔ زیر نظر کتاب ''عملیات جفر'' اسی ضمن میں ترتیب دی گئی ہے اس میں غربت و افلاس

کے لیے نجات ہے مجرب عملیات ہیں۔ بیماریوں سے شفاء کے لیے، امتحانات میں کامیابی کے لیے، ادائیگی قرض، جادو ٹونے کے خاتمے، چشم خلائق میں معزز و محبوب ہونے، دشمن پر غلبہ حاصل کرنے، گھریلو ناچاقی دور کرنے اور بچیوں کے رشتے کے بارے میں پریشان حال والدین کیلئے نہایت مجرب و آزمودہ وظائف ،عملیات وتعویزات موجود ہیں۔ غرضیکہ ہر ایک مقصد میں یقینی کامیابی کے لیے کتاب ہذا بہترین وسیلہ ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ہر نام اسم اعظم ہے۔ یاد رکھیں کہ اس سے بڑی طاقت کوئی نہیں ہے۔ جبکہ اس کی قدرت کا شاہکار پوری کائنات ایک طلسمات ہے۔ ستاروں اور سمندروں کے نظام ہی کو لیجیے۔ ہر ستارہ ایک طلسم خانہ ہے اور ہر قطرے میں ایک سمندر۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت بڑی بسیط و محیط ہے جس کا کوئی اندازہ نہیں لگایا جا سکتا جس کا علم فقط اللہ ہی کو ہے۔ جس کی ذات بابرکات ہی روحانی قوتوں کا سرچشمہ ہے۔ میں نے اسی مقصد کو مدنظر رکھ کر زیر نظر کتاب "عملیات جفر" مرتب کی ہے۔

میری اس کتاب "عملیات جفر" سے ہر شخص استفادہ حاصل کر سکتا ہے۔ زندگی کی کشمکش میں ہزاروں تجربات، مشاہدات، مجاہدات، عملیات، علوم روحانی،

جو ہر مصیبت و افتاد میں منفرد راہ کا کام دیتے ہیں۔ کتابی صورت میں آپکے سامنے ہیں ان سے استفادہ کرنا اور فیض پانا آپ کا کام ہے۔ میری اس کتاب سے ہر شخص فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ اس لیے اس کا عامل کامل ہونا ضروری نہیں۔ ہر نورانی و روحانی عمل اس قدر سادہ، سلیس اور عام فہم تحریر کیا گیا ہے کہ عام انسان کے لئے اسے سمجھنا مشکل نہیں وہ اسے عملی طور انجام دے سکتا ہے۔ اس کتاب کی رہبری میں قدم اٹھا سکتا ہے، اس کے راستے میں کسی قسم کی رکاوٹ و دقت پیش نہ آئے گی۔ آخر میں میں ان تمام مہربان دوستوں کا بے حد شکر گزار ہوں جنہوں نے میری کتاب "عملیات جفر" کی اشاعت کے معاملے میں معاونت کی۔

حکیم و ڈاکٹر حاجی محمد سعید

قادری سعید

قواعد وضوابط

وہ اصطلاحات اور قانون جن کی اس کتاب میں ضرورت ہوگی۔

برج معلوم کرنے کیلئے نام مع والدہ کے اعداد کو آپ بارہ ۱۲ پہ تقسیم کریں اور برج حمل سے اس کو شمار کریں گے۔

(۱) حمل (۲) ثور (۳) جوزا (۴) سرطان (۵) اسد (۶) سنبلہ (۷) میزان (۸) عقرب (۹) قوس (۱۰) جدی (۱۱) دلو اور ۱۲ حوت ہے

۲۔ ستارہ معلوم کرنا ہو تو سات پر تقسیم کریں اگر باقی ایک ہے تو قمر ۲ ہو تو عطارد ہے ۳ ہو تو زہرہ ۴ ہو تو شمس ۵ ہو تو مریخ ۶ ہو تو مشتری ۷ ہو تو زحل ہے۔

۳۔ چار پہ تقسیم کریں تو عنصر معلوم ہوگا اگر باقی ایک ہے تو آتش ۲ ہے تو باد ۳ ہے تو آب ۴ ہو تو خاک ہے۔

۴۔ دو نام کو امتزاج دینے کا مطلب ہے ایک حرف ایک سطر کا اور ایک سطر دوسری سطر کا لے کر ملاتے ہیں۔

مثلاً۔ محمد اور علی کے نام کو امتزاج دینا ہے۔ امتزاج والی سطر کو قرآن اصطلاحین بھی کہتے ہیں

م ح م د

ع ل ی

امتزاج: م ع ح ل م ی د ہوا۔

۷۔ عروج ماہ کو زائد النور کہا جاتا ہے یعنی چاند کے پہلے چودہ (۱۴) دن، اور چاند کے باقی چودہ (۱۴) دنوں کو ناقص النور یا کسر النور کہا جاتا ہے۔ زائد النور میں اعمال خیر اور ناقص النور میں اعمال شر تیار کرتے ہیں۔

۸۔ کسی سطر کی تکسیر کرنا یا صدر مؤخر کرنا یا زمام لگانا ایک ہی بات ہوتی ہے۔

۹۔ عملیات حب میں نام طالب و مطلوب مع والدہ کے درمیان حب، اجذب تسخیر، تسخیر القلوب ودود۔ بدوح۔ جلب لقب لکھتے ہیں۔ جو مقصد کو ظاہر کرتے ہیں۔

۱۰۔ اعمال شر میں طالب و مطلوب میں وہ الفاظ لکھتے ہیں جو موافق مقصد کے ہوں مثلاً عداوت۔ نفاق۔ بغض، ہلاکت وغیرہ۔

۱۱۔ اعمال خیر کیلئے قلم کالی یا سرکنڈے یا انار شیریں کا ہو نا زعفران سے لکھتے ہیں۔ اعمال شر کیلئے قلم لوہے کا اور نیلی یا کالی سیاہی سے لکھتے ہیں۔

۱۲۔ بسط حرفی کا مطلب ہے الفاظ کو الگ الگ لکھنا مثلاً علی بسط حرفی ع ل ی ہے۔

قادری سعید

باب اوّل

علم جفر حروف کی دقیقِ سائنس ہے جو نہایت دلچسپ اور حیران کن بھی ہے، اساتذہ عظام نے انہیں بے شمار طریق پر تقسیم کر کے لاتعداد اعمال مرتب کئے ہیں ہر قسم اپنے اندر ایک نئی دنیا لئے ہوئے ہے، عام طور پہ ابجد کی سات سو چوراسی ۷۸۴ اقسام بیان کی جاتی ہیں حالانکہ یہ تعداد کروڑوں تک جاتی ہے صرف اٹھائیس ۲۸ ابجدی کتب میں ملتی ہیں ان میں اولین دس ابجد جفر کے حصہ آثار و اخبار میں زیادہ تر مستعمل ہیں۔ چونکہ ان سے حروف مستحصلہ استخراج ہوتے ہیں اس لئے عرفِ عام میں انہیں لسان الغیب بھی کہا جاتا ہے اس باب میں ہم چند مشہور اقسام بیان کئے دیتے ہیں تاکہ آثار و اخبار میں طالب علم کو پریشانی نہ اٹھانا پڑے۔ ابجد شمسی کا مرتبہ ابجد قمری سے بہت بلند ہے لیکن اس سے عملیات بہت کم ملتے ہیں میرے خیال کے مطابق اسکی دو وجوہ ہیں۔ اول اسکے اعمال بہت مشکل ہیں۔ دوم بہت تیز ہیں۔ اس میں ذراسی بے احتیاطی بے ترتیبی ہونے سے فوراً رجعت ہوتی ہے۔ گویا ابجد قمری جمال یا رحم ہے اور ابجد شمسی جلال یا غضب ہے ذراسی بے احتیاطی سے ایسی سزا ملتی ہے کہ زندگی خراب ہو جاتی ہے۔ یاد رہے یہ علم سینہ بہ سینہ ہے سفینہ نہیں۔ بزرگ حضرات ایسے نکات خاص خاص شاگردوں کو تعلیم فرماتے تھے۔

حروف کی چند مشہور اقسام یہ ہیں۔

۱۔ حروف صوامت :۔ یہ عقود میں کام آتے ہیں انکی تعداد تیرہ[۱۳] ہے ۔
ا، ح، د، ر، س، ص، ط، ع، ک، ل، م، و، ہ ۔

۲۔ حروف نورانی :۔ کشادگی اور تحفظ میں نیں یہ چودہ[۱۴] ہیں ۔
ا، ہ، ح، ط، ی، ک، ل، م، ن، س، ع، ص، ق، ر ۔

۳۔ حروف ظلماتی :۔ صوامت کی طرح تعمیری پہلو کم اور تخریبی زیادہ ہے یہ چودہ[۱۴] ہیں عموماً انہیں سزا دینے کا اعمال میں استعمال کرتے ہیں ۔
ب، ج، و، د، ز، ف، ش، ت، ث، خ، ذ، ض، ظ، غ

۴۔ حروف ناطقہ :۔ ب، ج، ز، ی، ن، ش، ت، ث، خ، ذ، ض، ظ، ف، غ، ق
یہ پندرہ ہیں بند کاموں کے کھولنے کے کام آتے ہیں ۔

۵۔ حروف شفا :۔ ا، ب، ت، ث، ط، ظ، ف، ک، ل، ی یہ دس ہیں شفائے امراض میں کام آتے ہیں ۔

۶۔ حروف علت :۔ یہ تعداد میں اٹھارہ ہیں بیمار کرنے یا سزا دینے میں موثر ہیں ان کا مجموعہ ۲۳۰۴ ہے ۔ حروف یہ ہیں ۔
ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ع غ ق م ن ہ ۔

۷۔ حروف مذکر :۔ ا، ج، ہ، ز، ط، ی، ل، ن، ع، ص، ق، ش، ث، ذ، ظ، ض ۔

۸۔ حروف مؤنث :۔ ب د و ح ک م س ف ر ت خ ص ۔

۹۔ حروف مکتوبی :۔ میم، نون، واؤ

۱۰۔ حروف ملفوظی :۔ الف، جیم، دال، سین، شین، صاد، ضاد

عین، غین، قاف، کاف، لام، یہ تعداد میں بارہ ہیں۔

۱۱۔ حروف مسروری :۔ با۔ تا۔ ثا، حا، خا، را، زا، طا، ظا، فا،
ھا، یا، یہ بارہ ہیں۔

۱۲۔ حروف زوج :۔ انہیں مدوح بھی کہتے ہیں یہ تعداد میں بارہ ہیں
حب وتسخیر کے کام آتے ہیں۔

ب، د، و، ح، ک، م، س، ف، ر، ت، خ، ض،

۱۳۔ حروف فرد :۔ یہ تفرقہ کے کام آتے ہیں یہ تعداد میں سولہ ہیں
ا، ج، ہ، ز، ط، ی، ل، ن، ع، ص، ق، ش، ث، ذ، ظ،

یہ مشہور اقسام ہیں یہ اعمال واخیارنے کے کام آتے ہیں حروف ملفوظی مسروری، حروف مذکر حروف مونث حروف، مکتوبی کے علاوہ عملیات میں کام آتے ہیں علاوہ ازیں جو اقسام اور بھی ہیں وہ اخبر کے کام آتی ہیں بعض عملیات میں بھی کام دیتی ہیں لیکن عملیات میں صرف حل مقصد ہوتا ہے ذاتی قوت بعض مثلاً نواخیہ، غیر نواخیہ، حروف جلالی، جمالی، خشک زبر بتیات عناصر کی تقسیم، مداخل، واغیرہ وغیرہ حروف کی قوتوں کو بڑھانے کے قواعد کم کرنے کے طریق، ترقی دینے اور گرانے کے طریق بھی بہت موثر ہیں۔ یہ حروف کی تقسیم کے طریقے ہیں۔ ابجد کی قسمیں نہیں ہیں تاہم یہ وہ موثر قواعد ہیں جن پر بھروسہ کر کے جفار نام پیدا کرتے تھے۔

ابجد قمری کو ابجد نوری یا ابجد آدم بھی کہتے ہیں۔ یہ مرکب اعداد مسلمہ ثبوت ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی طرف منسوب ہے۔

حروف	ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰
موکل	اسرافیل	جبرائیل	کلکائیل	دردائیل	دوریائیل	رفتمائیل	شرفائیل	تنکفیل	اسمائیل	سرکتیائیل	حروذائیل	طاطائیل
حروف	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ
اعداد	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰
موکل	رویائیل	حرقائیل	هموائیل	لوخائیل	مرکائیل	ایجمائیل	عطرائیل	امواکیل	اهجوائیل	عزرائیل	میکائیل	میھکائیل
حروف	ذ	ض	ظ	غ								
اعداد	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰								
موکل	اسرائیل	عطکائیل	تورائیل	نوخائیل								

۲- ابجد شمسی یا ابجد ابتث یہ حضرت آدم علیہ السلام سے منسوب ہے۔

حروف	ا	ب پ	ت ٹ	ث	ج	ح	خ	د ڈ	ذ	ر ڑ	ز ژ	س	ش	ض	
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	
حروف	ص	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک گ	ل	م	ن	و	ہ	ی	
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰	

۳- ابجد اجذش یہ ابجد شمسی سے استخراج کی جاتی ہے۔

حروف	ا	ج	ذ	ش	ظ	ق	ن	ب	ح	ر	ص	ع	ک	و	
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	
حروف	ت	خ	ز	ض	غ	ل	ہ	ث	د	س	ط	ف	م	ی	
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰	

۴: ابجد معجم: یہ ابجد قمری سے بنائی گئی ہے۔

حروف	ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
حروف	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

۵- ابجد ارقمی یہ ابجد شمسی سے بنائی گئی ہے۔

حروف	ا	ر	غ	ی	ذ	ع	ھ	و	ظ	د	ح	ط	ل	غ
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
حروف	ض	م	ج	ص	ل	ث	ش	ک	ت	س	ق	ب	ز	ف
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰

۶- ابجد الیقغ یہ ابجد قمری سے بنائی گئی ہے۔

حروف	ا	ی	ق	غ	ط	ص	ظ	ج	ف	ض	ز	ع	ذ	واؤ
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
حروف	س	خ	ھ	ن	ث	د	م	ت	ج	ل	ش	ب	ک	ر
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

۷:- ابجد احزط یہ ابجد شمسی سے استخراج کرتے ہیں

حروف	ا	ح	ز	ط	ق	و	ت	د	س	ع	ل	ی	ج	ر
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
حروف	ض	ف	ن	ب	خ	ش	ط	ک	ھ	ث	ذ	ص	غ	م
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

۸۔ ابجد اوکع یہ ابجد قمری سے استخراج کرتے ہیں۔

حروف	ا	و	ک	ع	ش	ض	ج	ح	م	ص	ث	غ	ھ	ی
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
حروف	س	ر	ذ	ب	ز	ل	ن	ت	ظ	د	ط	ن	ق	خ
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

۹۔ ابجد اثخز یہ ابجد شمسی سے بنائی گئی ہے۔

حروف	ا	ث	خ	ذ	ش	ط	غ	ک	ن	ی	ت	ح	ز	س
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
حروف	ض	ع	ق	م	ھ	ب	ج	د	ر	ص	ظ	ف	ل	و
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

۱۰: ابجد اوری

حروف	ا	و	ر	ی	م	ع	ن	ت	ذ	ع	ج	د	ط	ل	
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	
حروف	س	ص	ش	غ	ظ	ب	ہ	ح	ک	ن	ف	ر	ت	ض	
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰	

۱۱:۔ ابجد سوال عظیم الخلق

س	د	ا	ل	ع	ظ	ی	م	خ	ق	ح	ز	ت	ف	
ص	ن	ذ	غ	ر	ب	ش	ک	ض	ط	ھ	ج	د	ث	

۱۲ ابجد قطب یا ابجد منازل قمر

حروف	س	د	ا	ل	ع	د	ی	م	ج	ق	خ	ز	ث	ف	
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	
حروف	ص	ن	ذ	خ	ر	ب	ش	ک	ض	ط	ھ	ح	ظ	ث	
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰	

۱۳- ابجد ابوبکر طوسی اس ابجد سے علم الاخبار میں کام لیا جاتا ہے آثار بھی کام لیتے ہیں۔

حروف	ا	ج	ھ	ص	ط	ک	م	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
حروف	غ	ص	خ	ت	ر	ص	ع	ن	ل	ی	ح	و	د	ب
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

۱۴- ابجد النسخ

حروف	ا	ن	س	غ	ی	م	ع	ظ	ج	ل	ف	ض	د	ک
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
حروف	ص	ذ	ھ	ی	ق	خ	د	ط	ر	ث	ز	ح	ش	ت
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

اسمائے الٰہی: ابدالِ حق حضور قلندر بابا اولیاؒ لوح و قلم میں فرماتے ہیں کہ اسمائے الٰہیہ کی تعداد گیارہ ہزار ہے اسمائے الٰہیہ تین تنزلات پر منقسم ہیں۔ ۱۔ اسمائے اطلاقیہ ۲۔ اسمائے عینیہ۔ ۳۔ اسمائے کونیہ۔

۱۔ اسمائے اطلاقیہ وہ نام ہیں جو صرف اللہ تعالیٰ کے تعارف میں ہیں انسان ہو یا موجودات کا ان سے براہ راست کوئی ربط نہیں مثلاً علیم بحیثیت علیم کے اللہ تعالیٰ اپنے علم اور صفات علم سے خود ہی واقف ہیں انسان کا ادراک یا ذہن کی کوئی پرواز کبھی اللہ تعالیٰ کے علیم ہونے کے تصور کو کسی طرح قائم نہیں کر سکتی علیم کی یہ نوعیت اسم اطلاقیہ بھی ہے۔ یہاں ہر اسم اطلاقیہ کی دو حیثیتیں قائم ہو جاتی ہیں علیم بحیثیت ذات اور علیم بحیثیت واجب، باری تعالیٰ کی وہ صفت ہے جس کی نسبت موجودات کو حاصل ہے پہلی نسبت تنزل اول ہے، اسمائے اطلاقیہ کی تعداد اہل تصوف کے نزدیک تقریباً گیارہ ہزار ہے ان گیارہ ہزار اسمائے اطلاقیہ کے ایک رخ کا عکس لطیفہ اخفیٰ اور دوسرے رخ کا عکس لطیفہ خفی کہلاتا ہے۔ اس طرح پہلی نسبت میں ثابتہ اللہ تعالیٰ کی گیارہ ہزار صفات کا مجموعہ ہے ثابتہ کا نقش پڑھ کر ایک صاحب اسرار ان گیارہ ہزار تجلیوں کے عالم مثال کا مشاہدہ کرتا ہے۔

ثابتہ کو جب علم کی نسبت دی جاتی ہے تو اس کا مفہوم یہ ہوتا ہے۔

کہ موجودات اللہ تعالیٰ سے بحیثیت علیم ایک واسطہ رکھتی ہے لیکن یہ واسطہ بحیثیت علیم کُل نہیں ہوتا بلکہ بحیثیت علیم جزو ہوتا ہے۔ بحیثیت علیم کل وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کا اپنا خصوصی علم ہے چنانچہ ثابتہ کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے انسان کو اسماء کا علم عطا فرمایا تو اسے علیم کی نسبت حاصل ہو گئی اس ہی علم کو غیب اکوان کہتے ہیں اس علم کا حصول علیم کی نسبت کے تحت ہوتا ہے۔

اگر انسان خالی الذہن ہو کر اس نسبت کی طرف متوجہ ہو جائے تو ثابتہ کی تمام تجلیات کا مشاہدہ کر سکتا ہے۔ یہ نسبت دراصل ایک یاد داشت ہے۔ اگر کوئی شخص مراقبہ کے ذریعہ اس یاد داشت کو پڑھنے کی کوشش کرے تو ادراک ورود یا شہود میں پڑھ سکتا ہے

انبیاء اور انبیاء کے وراثت یافتہ گروہ نے تفہیم کے طرز پر اس یاد داشت تک رسائی حاصل کی ہے طرز تفہیم دن رات کے چوبیس ۲۴ گھنٹے میں ایک گھنٹہ دو گھنٹے یا زیادہ سے زیادہ اڑھائی گھنٹے اور اور باقی وقت بیدار رہنے کی عادت ڈال کر حاصل کی جا سکتی ہے ۔ طرز تفہیم کو اہل تصوف سیر اور فتح کے نام سے بھی تعبیر کرتے ہیں۔

عام طور پر ننانوے اسمائے الٰہی زیادہ مشہور ہیں تو دنیا میں بھی انہیں سے زیادہ کام لیا جاتا ہے۔ قرآن مجید میں یہ اس طرح درج ہیں

سورۃ فاتحہ میں پانچ ہیں ۔ اللہ رب ۔ رحمٰن ۔ رحیم ۔ مالک ۔

سورۃ بقرہ میں ۲۶ ہیں ۔ محیط ۔ قدیر ۔ علیم ۔ حکیم ۔ تواب ۔ بصیر ۔

واسع، بدیع، سمیع کافی رؤف شاکر، اللہ۔ واحد۔ غفور۔ حلیم۔ خالق باسط۔ لاالہ الا ھو۔ حی۔ قیوم، علی، عظیم، ولی، غنی۔ حمید۔

سورۃ آل عمران میں تین ہیں۔ قائم وہاب۔ سریع الحساب۔

سورۃ النساء میں سات ہیں۔ رقیب۔ حسیب۔ شہید۔ غافر۔ غفور۔ مقیت۔ وکیل۔

سورۃ انعام میں پانچ ہیں۔ باطن۔ قاہر۔ قادر۔ لطیف۔ خبیر۔

سورۃ اعراف میں دو ہیں۔ محی۔ ممیت۔

سورۃ انفال میں دو ہیں۔ نعم المولیٰ۔ نعم النصیر۔

سورۃ ہود میں سات ہیں۔ حفیظ۔ قریب۔ مجیب۔ قوی۔ مجید۔ ودود۔ فعال لما یرید۔

سورۃ رعد میں دو ہیں۔ کبیر اور متعال۔

سورۃ ابراہیم میں ایک ہے۔ منان۔

سورۃ حجر میں ایک خلاق۔

سورۃ مریم میں دو ہیں۔ صادق۔ اور وارث

سورۃ حج میں ایک باعث ہے۔

سورۃ مومنین میں ایک کریم ہے۔

سورۃ نور میں تین ہیں۔ نور۔ حق۔ اور مبین۔

سورۃ فرقان میں ایک ھادی ہے۔

سورۃ سبا میں ایک فتاح۔

سورۃ طٰہٰ میں ایک شکور
سورۃ مومن میں چار ہیں ۔ غافر ۔ قابل التوبۃ ۔ شدید العقاب ذوالطول ۔
سورۃ ذاریات میں تین ہیں ۔ رزاق ۔ ذوالقوۃ ۔ اور متین ۔
سورۃ طور میں ایک ہے برّ ۔
سورۃ اقربت میں ایک مقتدر ہے ۔
سورۃ رحمٰن میں ایک ذوالجلال والاکرام ۔
سورۃ حدید میں چار ہیں ۔ اول ۔ آخر ۔ ظاہر ۔ باطن ۔
سورۃ حشر میں دس ہیں ۔ قدوس ۔ سلام ، مومن ، مہیمن ، عزیز جبار ۔ متکبر ، خالق ، باری ، مصور ۔
سورۃ بروج میں دو ہیں مبدی ۔ معید ۔
سورۃ اخلاص میں دو واحد ، صمد ہیں ۔

عملیاتی طور پر اساتذہ کرام نے انہیں تین طریق پر تقسیم کیا ہوا ہے ۔

۱ ۔ اسمائے جمالی ۔ ۲ ۔ اسمائے جلالی ۔ ۳ ۔ مشترک ۔

۱ ۔ اسمائے جمالی پینتالیس ۴۵ ہیں انہیں اسمائے رحمت بھی کہا جاتا ہے بلند مرتبہ ۔ کشائش رزق ۔ فتح مندی جنگ ۔ امراء وزراء سلاطین اور افسران سے سرخروئی حاصل کرنے محبت اور دوستی تسخیر کے عملیات میں کام آتے ہیں ۔

نقشہ اسمائے جمالی

موکلات	اعداد	اسماء	موکلات	اعداد	اسماء
اموائیل	۵۱۴	یا رشید	اموائیل	۲۹۸	یا رحمٰن
جبرائیل	۲۰۲	یا بر	اموائیل	۲۰۸	یا رزاق
جبرائیل	۱۱۳	یا باقی	طاطائیل	۱۲۹	یا لطیف
عطکائیل	۱۰۰۱	یا ستار	تنکفیل	۷۸	یا حکیم
دویائیل	۱۴۵	یا مہیمن	رویائیل	۱۴۹	یا معطی
جبرائیل	۷۲	یا باسط	رویائیل	۴۸	یا ماجد
حردزائیل	۲۵۰	یا کریم	مولائیل	۲۵۶	یا نور
رفتمائیل	۴۶	یا ولی	اسرافیل	۱۳	یا احد
تنکفیل	۱۸	یا حی	اموائیل	۲۵۸	یا رحیم
لومائیل	۵۶	یا شفو	سرہمائیل	۲۸۹	یا فتاح
رفتمائیل	۱۴	یا واحد	لوخائیل	۱۲۸۶	یا غفور
رفتمائیل	۱۴	یا وہاب	تنکفیل	۸۸	یا حلیم
ردیائیل	۱۱۷	یا معز	حولائیل	۲۰۱	یا نافع
رفتمائیل	۱۳۷	یا واسع	اہجمائیل	۱۳۴	یا صمد
لوخائیل	۱۰۶۰	یا غنی	دوربائیل	۲۰	یا ہادی
عطرائیل	۱۵۶	یا قیوم	مولائیل	۱۷۰	یا نعیم
اموائیل	۲۸۶	یا رؤف	ہموائیل	۱۳۱	یا سلام
رفتمائیل	۶۶	یا وکیل	جبرائیل	۲۱۲	یا باری
ردیائیل	۱۳۶	یا مومن	ہموائیل	۵۲۶	یا شکور
لوخائیل	۱۲۸۱	یا غفار	رفتمائیل	۲۰	یا ودود

اسماء	یا حفیظ	یا کفیل	یا محی	یا تواب	یا صبور
اعداد	۹۹۸	۱۴۰	۵۸	۴۰۹	۲۹۸
موکلات	تنکفیل	حروزائیل	ردیائیل	عزرائیل	اہجمائیل

۱۔ ان تمام ناموں میں یا باسطُ یا فتاحُ یا سلامُ یا معزُ یا لطیفُ یا کریمُ یا واسعُ ۔ بلند مرتبہ ۔ کشائش رزق کے عملیات میں بے حد موثر ہیں علم التکسیر میں اسکی تفصیلات الگ بیان کی جائیگی مگر ان سے عملیات میں نہایت پُر اثر اور عام طریق کام لینے کا یہ ہے کہ اپنا نام مع والدہ کے اعداد لیں اور اپنے سر حرف سے جو نام باری تعالیٰ ہے کے اعداد لیں۔ اگر ان سات ناموں سے کوئی اسم سر حرف سے موافق نہیں ہے تو پھر ان سات ناموں کے اعداد لیں اور موکلات کے اعداد شامل کر کے کل تعداد کو جمع کریں اب ساعت مشتری میں ایک نقش مربع اس رفتار سے عرق گلاب و زعفران کی سیاہی سے تیار کریں روزانہ اس نقش کو تیار کریں۔ اور اسکی گولی بنا کر آٹے میں لپیٹ دیں ۔ اور دریا میں ڈال دیا کریں۔ ایسا اکتالیس یوم کریں۔ ہر رات اپنے کے عدد اور موافق اس اسم یا ان سب ناموں کے جیسی صورت ہو اسمائے باری تعالےٰ کا ورد کیا کریں۔ انشاء اللہ رزق میں ایسی برکت ہوگی کہ آپ حیران رہ جائینگے رزق اور کاروبار میں بے انتہا برکت اور ترقی ہوگی۔

رفتار نقش یہ ہے۔۔

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

۲۔ حُبّ۔

حُبّ کی ضرورت ہو تو تین اسماء ودود۔ بدوح۔ یا لطیف سے
کام لیا جاتا ہے طریقہ یہ ہے کہ اعداد اسم طالب مع والدہ جمع اعداد نام
مطلوب مع والدہ اب ان میں ان تین اسماء سے کوئی ایک اسم کے عدد
جمع کریں اور ساعت مشتری عروج ماہ میں مربع اس رفتار سے عرق
گلاب و زعفران سے تیار کردہ سیاہی اور گلاب یا انار کی لکڑی کے
قلم سے نقش تیار کریں بخور مشتری (حب الغار صندل سرخ۔ ناگرموتھا
عود۔ عنبر۔ جدوار) سلگائیں

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

جب نقش تیار ہو جائے تب
اسے نئے چراغ گلی جس پر
پانی کا اثر نہ ہو میں بطور
فیتلہ پاکیزہ روئی سے تیار
کر کے روغن چنبیلی ڈال کر جلائیں۔ بخور مشتری بھی جلائیں چراغ کا رُخ
خانہ مطلوب کی طرف کریں اور خود پاک بیٹھ کر اسم الٰہی کو اسکے عدد کے موافق
ذیل کے طریق ہر عزیمت پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ قلب فلاں بنت فلاں علیٰ حُبّ فلاں بن فلاں بحق
یالطیفُ اَجب یا طاطائیلُ یا اسمائیلُ یا سراکتیائیلُ یا سرھماکیلُ
سامعاً مطیعاً بحق یا لطیفُ العجل العجل العجل۔

اگر اسم یا ودود کو لیں تب عزیمت یہ ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ سَخِّر قلب فلاں بنت فلاں علٰی حُبِّ فلاں بن فلاں بحق یا وَدُودُ اَحبب یا دفتمائیل یا دردائیل یا دفتمائیل یا دردائیل سامعاً مطیعاً بحق یا وَدُودُ العجل العجل العجل۔

۳۔ اگر حصول تندرستی یا بیماری سے نجات مقصد ہو تو یا حفیظُ، یا سَلامُ یا باقی یا کریمُ یا نافعُ یا غفورُ، یا ھادی ان سے کام لیں۔ قاعدہ یہ ہے کہ نام مریض مع والدہ کے اعداد ہیں ان اسماء کے اعداد مع موکلات کے جمع کریں اور ساعت عطارد میں نقش عرق گلاب و زعفران سے تیار کردہ سیاہی سے لکھیں۔ رفتار نقش یہ ہے

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اب روزانہ نقش لکھکر دھوکر مریض کو پلایا کریں انشاءاللہ چند یوم میں صحت حاصل ہو گی۔

اسمائے جلالی

یہ تعداد میں اکیس ۲۱ ہیں انہیں اسمائے ہیبت یا قہر بھی کہا جاتا ہے بغض و عداوت۔ جدائی۔ دشمنی، قہر و غضب کے عملیات میں کام دیتے ہیں ان تمام اسماء میں سے، یا قہار یا جبار، یا قدیل البات بہت مُرتا بغض و عداوت کا اگر عمل کرنا مقصود ہو تو نام

دشمن مع والدہ اسم باری تعالےٰ مع موکل کے اعداد لیں۔ اور نقش مربع بساعت زحل یا قمر در عقرب میں تحریر کریں۔ نیل۔ سرکہ۔ سہاگہ ملاکر سیاہی تیار کرے لوہے کے قلم سے لکھیں۔ یا سیاہ روشنائی میں قدرے سرکہ شامل کر کے اس سیاہی کو استعمال کریں۔ نقش لکھنے کے بعد خاک جہاں گدھا لیٹے، خاک ویران گھر۔ خاک پرانی قبر۔ خاک مینارہ ویران۔ جہاں چیل بیٹھی ہو۔ خاک چوراہا۔ کھیتوں کے چوہے کے بل کی مٹی ان سات خاکوں کو مٹی کے کورے نئے برتن میں رکھیں۔ اور نقش جو تیار کیا ہوا ہے کو درمیان میں رکھ کر اس برتن پر نام باری تعالےٰ مع موکل کے اعداد کے موافق پڑھیں اور کہیں کہ فلاں دشمن تباہ و برباد ہو۔

یاد رکھیں ایسے عملیات بلاوجہ و بلا قصور کرنے والا قابل مواخذہ ہے اسمائے جمالی میں پرہیز نہ بھی ہو تو اسکے پڑھنے سے رجعت نہیں ہوگی مگر اسمائے جلالی کے پڑھنے سے غلطی یا بد پرہیزی سے رجعت کا خوف ہوتا ہے۔ اگر رجعت ہو جائے تو تباہی و بربادی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آتا۔

اسمائے جلالی کا نقش اگلے صفحہ پر ہے

اسمائے جلالی یہ ہیں

موکلات	اعداد	اسماء	موکلات	اعداد	اسماء
رویائیل	۲۰۹	یا مقسط	لومائیل	۹۴	یا عزیز
عطرائیل	۹۰۳	یا قابض	کلکائیل	۷۳	یا جلیل
رویائیل	۱۲۴	یا معید	رویائیل	۷۴۴	یا مقتدر
رویائیل	۱۶۱	یا مانع	کلکائیل	۲۰۶	یا جبار
رویائیل	۷۷۰	یا مذل	عطرائیل	۱۱۶	یا قوی
رویائیل	۹۰	یا ممیت	رویائیل	۶۳۰	یا منتقم
رفتمائیل	۶۷	یا وارث	رویائیل	۶۶۲	یا متکبر
لومائیل	۱۱۰	یا علی	رویائیل	۵۰۰	یا متین
عطرائیل	۳۰۵	یا قادر	اهرائیل	۹۰۱	یا ذو الجلال
رویائیل	۲۱۲	یا مالک الملک	عطرائیل	۳۰۶	یا قہار
			رویائیل	۵۶	یا مہدی

باب دوم

اعمال حُب

اعمال عشق و محبت کیلئے طالع ثور یا میزان ہو۔ دن جمعرات یا جمعہ یا دو کی راتیں ہونا چاہئیں بساعت بھی مشتری یا زہرہ ہو۔ قمر کی مشتری یا زہرہ کسی سے نظر تسدیس یا تثلیث یا قران ہونا چاہیے زیادہ باریکی میں جانا مطلوب ہو تو مؤثر درجات کچھ اس طرح کے ہونا ضروری ہیں۔

زہرہ برج میزان کے ۱۳ یا قوس کے ۲۴ یا حوت کے ۲۳ درجہ پر بحالت مستقیم مشرقی طلوع ہو اس وقت قمر اس حالت میں ہو یعنی وہ برج ثور کے ۱۴ یا جوزا کے ۱۰ یا سرطان کے ۱ یا سنبلہ کے ۲۸ یا میزان کے ۲۸ درجہ پر واقع ہو اور مشتری و زہرہ میں نظر تسدیس یا تثلیث ہو یا قمر و مشتری کا قران ہو۔ اگر ایسا نہ ہو تو قمر و مشتری کے درمیان زہرہ بالاجات میں کسی ایک درجہ پر ہو تب عمل کرلیا اگر دو واقف اشخاص کے درمیان مہر و الفت پیدا کرنا مطلوب ہو تو عمل مقابلہ شمس و قمر ثور کے ۱-۴ یا سنبلہ کے ۹-۱۴-۱ ۲۲ یا میزان کے ۸ یا عقرب کے ۱۶ یا قوس کے ۲۴ یا جدی کے

۱ - ۵ - ۷ - ۱۶ یا دلو کے ۷ یا حوت کے ۱۸ - ۲۲ درجہ پر ہونا چاہیئے تب عمل استخراج کریں۔ اگر کسی عورت کے قلب کو اپنی جانب متوجہ کرنا یا کھینچنا مقصود ہو تب زہرہ بحالت مستقیم طلوع بہ مشرق ہونا چاہیئے ۔ اور برج ثور کے ۱ - ۴ - یا اسد کے ۱۴ یا سنبلہ کے ۱ - ۱۰ - ۱۴ یا میزان کے ۸ - ۱۳ یا عقرب کے ۱۶ یا قوس کے ۱۹ یا جدی کے ۱ - ۱۶ یا دلو کے ۷ - ۱۶ - ۲۹ یا حوت کے ۲۳ - ۲۷ درجہ ہونا چاہیئے علاوہ ازیں سعد نظرات قمر یا مشتری کے ساتھ ہوں۔ دن جمعرات یا جمعہ ہونا چاہیئے ۔ نظرات میں اگر کام لینا ہو تو مندرجہ ذیل نقشہ کے تحت کسی اچھی تقویم سے مدد لیکر عمل کو استخراج کر کے کام میں لائیں تو ناکامی نہ ہوگی۔

نظرات کواکب

کواکب	تثلیث یا تسدیس	کواکب	قرانات
قمر و عطارد	تسخیر اہل تیم وصل محبوب	قمر و زہرہ	برائے محبت و طلب عشق و شادی
قمر و زہرہ	حب و تسخیر مستورات	مریخ و زہرہ	مستورات اور اہل نشاط پر تسلط اور غلبہ حاصل کرنے کیلئے
عطارد و زہرہ	وصل محبوب تسخیر اہل جاہ	عطارد و زہرہ	اتصال محبت۔ حصول علم موسیقی
عطارد و مریخ	شفا بیمار و قوت بدن	زہرہ و مشتری	برائے تسخیر مرداں، ترقی علم۔ تسخیر مطلوب۔
زہرہ و مریخ	تسخیر مستورات		
زہرہ و مشتری	تسخیر مطلوب تسخیر خلق دفع غضب حکام و امرا		
زہرہ و زحل	محبت و نکاح کے استحکام کیلئے		
مریخ و شمس	تسخیر سلاطین		

۱۔ عمل حُب:

علامہ دیربی نے فتح المجید میں تحریر کیا ہے مگر کتابت کی املا غلط ہونے کی وجہ سے مشکوک ہو کر رہ گیا ہے۔ قبلہ استادی حضرت کاش البرنی مرحوم نے اور کئی دیگر اساتذہ عظام نے اسے درست کیا ہے۔ جو تجربہ کی میزان پر پورا اترا ہے۔ یہ عمل زہرہ یا مشتری یا تثلیث زہرہ ومشتری میں کرنا چاہیے۔ ستارے کی پابندی کریں تو بہتر ورنہ ضروری نہیں پہلے دن زہرہ یا مشتری کے وقت عمل کریں اور شروع ہونے کا وقت دیکھ لیں۔ اسکے بعد ہر روز اس وقت کی پابندی ضرور کریں۔ اول و آخر ۳ - ۳ بار درود شریف پڑھنا چاہیئے دوران عمل مطلوب کا خوب تصور رکھیں، پرہیز جمالی کریں تو بہت انسب ہے ورنہ کوئی ضروری نہیں ہے۔

عمل نام مطلوب کو الگ الگ حرفوں میں لکھیں مثلاً شہناز تو یوں ہوگا ش۔ ہ۔ ن۔ ا۔ ز اور ایک علیحدہ کاغذ پر حروف آتشی ا۔ ہ۔ ط، م۔ ف۔ ش۔ ذ۔ لکھیں۔

اب حروف مطلوب اور حروف آتشی کو امتزاج دیں۔ امتزاج کا طریق یہ ہے کہ پہلے حرف آتشی پھر مطلوب کے نام کا حرف لیں گے اگر مطلوب کے نام کے حرف سات سے زیادہ ہیں تو جس قدر حروف زیادہ ہوں سب کو لکھکر آخر میں حروف آتشی جو ایک باقی ہو لکھ دیں۔ اسطرح یہ ایک لائن تیار ہوجائیگی۔ اب یہ جس قدر اس سطر میں حروف ہوں اُن کو تین گنا کریں۔ اور اس تعداد کے مطابق علیحدہ علیحدہ

کاغذ کے ٹکڑوں پر اس سطر کو لکھیں، اور ہر پرچہ پر ذرا ذرا سا زعفران بھی رکھیں اور ان کاغذوں کو علیحدہ علیحدہ پڑیاں بنا لیں۔ اب کھلے دہکا کر زہرہ یا مشتری کی متعلقہ خوشبو ڈالیں جب اس سے دھواں اٹھنے لگے تب ایک پڑیہ اس میں ڈال دیں اور جو تعداد آپ نے ان حروف کو تین گنا کر کے حاصل کی ہے یعنی جس قدر پڑیاں میں اس تعداد کے مطابق ذیل کا عمل پڑھیں ایک گولی پر پڑھنے کے بعد دوسری گولی ڈالیں یہاں تک کہ سب گولیاں ختم ہوں۔ گویا ہر گولی پر تعداد مطلوبہ کو پڑھنا ہو گا۔ یاد رہے دوران عمل دھوئیں کا سلسلہ منقطع نہ ہو کم وبیش ہونے میں کوئی ہرج ہیں۔ اگر سلسلہ ٹوٹ گیا تو عمل بیکار رہ جائیگا دھوئیں کے سلسلہ کو جاری رکھنے کیلئے صندل کا برادہ۔ لوبان یا دھوپ یا کوئی اور عطر خوشبو کو استعمال کیا جا سکتا ہے عمل کی تعداد پڑھائی وہی رہے گی اور اتنے ہی دنوں کا عمل ہے دوران عمل حاضری مطلوب کا خوب خیال رکھیں۔

عمل جو پڑھنا ہو گا۔

مَ حِب یَا حُدُ ام الحُ دف انَّا ربّیَۃ سَخِّر لی نام مطلوب مع والدہ و الفاء محبتی فی قلب نام طالب مع والدہ بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین آپ رحیم کی میم کو الحمد کے ل کو ملا کر یعنی ملحمد کر کے پڑھیں گے۔

۲۔ عمل حُب : جفر میں اعداد متحابہ رگ رقد کا قاعدہ ایک مشہور

قاعدہ ہے اساتذہ کرام نے اس سے بہت سے اعمال استخراج کر کے بیان کئے ہیں اِن اعداد کی قوت کا اظہار علامہ ابن خلدون نے اپنی مشہور کتاب مقدمہ میں کیا ہے کہ اس طریق سے تیار کردہ عمل ایک تیر بے خطاء ہوتا ہے۔ میں نے اس قاعدہ کو ماہنامہ آئینہ قسمت لاہور میں بھی پیش کیا تھا جسے بہت سے حضرات نے آزمانے کے بعد اس کی بے حد تعریف کی۔

طریق یہ ہے کہ طالب مع والدہ کے اعداد میں رکھ کے اعداد اور مطلوب کے اعداد طالب و مطلوب کو الگ الگ جمع کریں۔ اب ان کو مربع نصفی میں پُر کریں طریق یہ اس طرح ہے کہ اعداد طالب و مطلوب کو الگ الگ نصف کریں۔ اب اعداد طالب سے تین کم کریں اور اعداد مطلوب سے چار عدد کم کریں اب طالب کا اِن اعداد کو مربع کے پہلے آٹھ خانوں میں باترتیب پُر کریں پھر بقیہ ۸ خانے مطلوب کے اعداد سے پُر کریں۔ اس طرح تین نقش تیار کریں۔ ایک کو مطلوب کی گزرگاہ میں دفن کریں ایک طالب پاس رکھے تیسرا عنصر کے مطابق کام میں لائیں۔ بعض اوقات ایک بار کام نہیں ہوتا بلکہ متواتر کئی روز کام کرنا پڑتا ہے۔ اسلئے عنصری نقوش زیادہ تحریر کرلیں۔

اس مربع نصفی کو تثلیث یا تسدیس زھرہ و مشتری یا عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے روز ساعت زھرہ یا مشتری میں عرق گلاب و زعفران سے تیار کردہ سیاہی سے تحریر کریں۔ تحریر کرتے وقت بخور متعلقہ ستارہ

کا ضرور سلگائیں جب نقش تیار ہوجائے تب خانہ ۵ جو طالب کا آخری خانہ ہے پر انگشت شہادت رکھکر نام طالب مع والدہ ۲۲۰ مرتبہ اور خانہ ۱۶ جو مطلوب کا آخری خانہ ہے پر انگلی رکھکر نام مطلوب مع والدہ ۲۸۴ بار پڑھیں پھر ہر روز جس ساعت میں نقش تیار کیا تھا اس ساعت میں اسی طرح طالب و مطلوب کے خانہ پر انگلی رکھکر پڑھیں ایک ہفتہ میں مطلوب حاضر ہوکر اطاعت کا دم بھی گیا۔ اگر نام طالب و مطلوب کی بجائے طالب کی جگہ رکھ اور مطلوب کی جگہ بعدد پڑھیں گے تو بھی عمل تیر کی طرح کام کریگا بشرطیکہ دوران پڑھا تو تصور مطلوب ہو۔

اس عمل کی مثال پورا کرنے سے قبل دیگر ضروری نکات کی تشریح نہ کروں تو آپ عمل تیار کرتے میں ناکام رہیں گے۔ اگر عمل تیار کرتے وقت پورا پورا تقسیم نہ ہو تو ½ حصہ جو رہے اسے خانہ نہم سے پانچواں خانہ یعنی ۱۳ میں ایک کا اضافہ کردیں گے تو نقش مکمل ہو جائیگا۔ بہتر ہوگا کہ آپ کو علم ہو کہ آپ کا مطلوب زائچہ کے کسی خانہ سے متعلقہ ہے اگر طالب اور اولاد بیٹے بیٹی یا تعلیم، علم، حافظہ وغیرہ سے حب درکار ہے تو طالع اور خانہ پنجم کے مالکان میں نظر حب ضروری ہے۔ اگر مطلوب بیوی ہے خاتون ہے تو طالع اور خانہ ہفتم کے مالکان میں نظر حب کا اتصال ضروری ہے اگر مطلوب کوئی افسر، حاکم، وزیر، گورنر یا صدر ہے تو طالع اور خانہ دہم کے مالکان میں نظر حب ضروری ہے۔

مثلاً طالب شاہد اعداد ۳۱۰ + ۲۲۰ = ۵۳۰ نصف ۲۶۵ - ۲ = ۲۶۳

مطلوب شہناز اختر ۱۵۶۴ + ۲۸۴ = ۱۸۴۸ نصف ۹۲۴ - ۴ = ۹۲۰

رفتار نقش

۱۳	۱۲	۷	۲
۳	۶	۹	۱۶
۱۰	۱۵	۴	۵
۸	۱	۱۴	۱۱

اصل نقش

۹۲۴	۹۲۳	۲۶۸	۲۶۳
۲۶۴	۲۶۷	۹۲۰	۹۲۷
۹۲۱	۹۲۶	۲۶۵	۲۶۶
۲۶۹	۲۶۲	۹۲۵	۹۲۲

اس مثالی کا نقش کے عنصر میں کام آنے والے نقش ۲۳۷۸ کے مفرد ۳۲ تیار ہونگے گویا بتیس دن کا عمل ہے۔

۳۔ حاضری مطلوب: سادہ اور آسان قاعدہ ہے استخراج میں غلطی نہ ہو تو عمل تیر کی طرح کام کرتا ہے عمل عروج ماہ جمعرات یا جمعہ کو ساعت عطارد، بخور مصطگی روغنی جلا کر تیار کریں۔ طریق یہ ہے کہ نام مطلوب مع والدہ اور نام طالب مع والدہ کے درمیان دک اور بعد میں رقد بھر حروف۔ بادک۔س۔ق۔ تحریر کرہ۔ ان سے موکل استخراج کریں۔ اس انہی ناموں کی تکسیر جفری کریں۔ اب تکسیر کے گوشہ ہائے اور قلب کے حروف لیں۔ ان حروف کے اعداد سے دوسرا موکل بنائیں۔

اب ایک نقش مربع اس رفتار سے تیار کریں۔ نقش تیار کرنے

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

کا طریقہ یہ ہے کہ کل تکسیر اعداد سے یہ نقش تیار ہوگا ۔

میں ایک مختصر مثال سے سارا عمل سمجھائے دیتا ہوں ۔

نام مطلوب ساجدہ نام طالب ظفر حروف متحابہ رک رفد ۔

حروفِ باد ک س ق

سطر امتزاج :۔ س اج دھ رک ظ ف ر رف د ک س ق

۷۳۰ ۲۲۰ ۱۱۸۰ ۲۸۴ ۱۸۰

کل مجموعہ = ۱۹۳۷

اعداد کے حروف ز ل ظ غ
(۷ ۳۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰)

موکل اول :۔ زل ظ غ زلظغائیلُ

تکسیر حبقری

۱۔ س اج دھ رک ظ ف ر رف دک س ق

۲۔ ق س س اک ج د دف ھ ر ر ک ف ظ

۳۔ ظ ق ف س ک س ر ا ر ک رج ھ د ف د

۴۔ د ظ ف ق د ف ھ س اج ک ر س ک ر ر ک

۵۔ ا د ر ظ ر ف ک ق س ا ر ی ر ف ک ب ھ ج س میزان

۶۔ س اج دھ رک ظ ف ر رف دک س ق زمام

حروف گوشہ ہائے :- س ق و س ا س

حروف قلب :- و س

حروف گوشہ و قلب :- س ق و س ا س

اعداد :- ۶۰ ۱۰۰ ۶ ۶۰ ۱ ۶۰

مجموعہ اعداد :- ۲۸۴

حروف :- ب ف د

موکل دوم :- ب ف د بفدائیل

حروفِ طلسم

س	ا	س	و	ق	س
سم	اج	سم	اج	قف	سم

نقش اول

سم   قف

تصویر مطلوب

زلطقائیل

اج   سم

تکسیر کے سطر اول کے حروف

ک س ق	ر ف د	ظ ف ر	ر ک	س ا ج د ہ
۱۸۰	۲۸۴	۱۱۸۰	۳۲۰	۶۳

کل اعداد تعداد سطور تکسیر ۱۹۳۷ × ۵ = ۹۶۸۵۴

عمل تفریق ۹۶۸۵۴ - ۳۰ = ۹۶۸۲۴ عمل تقسیم ۹۶۸۲۴ ÷ ۴

خارج قسمت ۲۴۲۰۶ باقی صفر۔

نقش مربع جو نقش اول کی پشت پر کرنا ہے

۲۴۲۱۹	۲۴۲۰۶	۲۴۲۱۳	۲۴۲۱۶
۲۴۲۱۲	۲۴۲۱۷	۲۴۲۱۸	۲۴۲۰۷
۲۴۲۱۴	۲۴۲۱۱	۲۴۲۰۸	۲۴۲۲۱
۲۴۲۰۹	۲۴۲۲۰	۲۴۲۱۵	۲۴۲۱۰

نوٹ :- جب ایک نقش تیار ہو جائے تو اسکی ایک اور نقل بھی تیار کریں گویا یہ دو نقش ہونگے۔ مصطگی رومی کا بخور دیکر ایک درخت پر لٹکائیں اور دوسرا طالب ہاتھ میں رکھکر مستاب ہے انشاء اللہ مطلوب از خود حاضر ہو کر اقرار محبت کریگا۔

۴۔ عمل حب برائے نکاح

آپ کسی جگہ نکاح کی خواہش رکھتے ہیں مگر لڑکی کے ورثا یا خود لڑکی راضی نہیں ہو رہے تب یہ عمل کام دے گا۔ عروج ماہ میں ہفتہ کی صبح کو نماز فجر سے قبل غسل کریں۔ اس دن نفلی روزہ ہوگا۔ اب نماز فجر کے بعد تنہائی میں بیٹھکر جو خوشبو سے خوب مہکی ہوئی ہو برگد کی لکڑی کے قلم سے یہ نقش عرق گلاب و زعفران سے تیار کردہ سیاہی سے سفید کاغذ پر عود و صندلین کا بخور سلگا کر پر کریں۔ جب نقش مکمل ہو جائے تب اس کے نیچے اپنا مقصد لکھیں اور خوشبو سے معطر کر کے اپنے دائیں ہاتھ پر باندھ لیں اور دل میں نیت برائے نکاح کریں تمام

دن الگ کمرہ میں اپنے آپ کو بند رکھیں کسی سے گفتگو نہ کریں۔ بلکہ سارا
دن یہ تصور رکھیں کہ آپ کا مطلوب سے نکاح ہو رہا ہے۔ شام کو
روزہ کی افطاری صرف دودھ سے کریں، دودھ کے علاوہ کسی اور
غذا یا پانی کا استعمال منع ہے اب عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد
ساعت زحل میں جو مغرب سے ٹھیک دو گھنٹہ بعد ہو گی درخت
برگد کے نیچے کھڑے ہو کر پورے دو گھنٹے زحل و مشتری کی ساعت
میں متواتر صرف یدوح پڑھیں پڑھائی مکمل ہونے کے بعد
اللہ تعالیٰ سے دعا کریں اول و آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف ضرور
پڑھیں۔ اور خاموشی سے آکر بستر پر سو رہیں اس عمل کا کسی سے
تذکرہ نہ کریں اول صبح ورنہ شام تک بشرطیکہ مطلوب کے گھر کا فاصلہ
زیادہ نہ ہو آپ کو خود ہی علم ہو جائیگا۔ جب آپ کامیاب ہو تو اس نیک
عمل کا ثواب حضرت ابوبکر طوسیؒ کی روح کو بخش دیں۔ اور نقش کو کسی
پاکیزہ محفوظ جگہ دفن کر دیں۔ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۲۷	۱۱۲۹	۱۱۲۴
۱۱۳۱	۱۱۳۳	۱۱۳۶
۱۱۳۲	۱۱۳۸	۱۱۳۰

الٰہی میرا نکاح فلاں بنت فلاں سے ہو جائے۔
یہاں اپنا نام مع والدہ لکھیں

۵- **حاضری مطلوب**:- اگر کسی کی بیوی روٹھ کر چلی گئی ہو اور وہ اس امر کا طالب ہو کر بیوی از خود واپس گھر آئے تو واپسی مطلوب کیلئے یہ عمل عروج ماہ سوموار کو بشرطیکہ اس دن قمر در عقرب نہ ہو کریں۔ اس دن دریا کے کنارے جاکر پہلے غسل کر پھر وضو کریں لباس سفید معطر اور پاک و صاف ہونا شرط ہے اب سفید کاغذ پر زعفران کی سیاہی اور انار کے قلم سے یہ نقش چودہ ۱۴ تحریر کریں۔ اسی جگہ جہاں نقش لکھیں گے آٹے اور شکر کی مدد سے ان نقوش کی گولیاں بنائیں اور ایک ایک کرکے دریا میں ڈالتے جائیں۔ تیرہ ۱۳ دن تک روزانہ اسی جگہ اسی وقت کی پابندی سے یہ عمل کیا کریں جب چودھواں دن ہو تب اپنے آپ گھر ہی غسل کریں۔ پھر خود ہی تنہائی کی جگہ بیٹھکر مٹی کے نئے کورے برتن میں میٹھے چاول پکائیں یاد رہے گھی اور شکر برابر وزن ہونا چاہیئے اتنا ہی میدہ اور سفید رنگ کا دیسی مرغ لیں اب کسی سے گفتگو کئے بغیر دریا پر اسی جگہ پہنچیں جہاں آپ عمل کرتے رہے ہیں وہاں پہنچ کر پہلے مرغ کو بلند آواز سے تکبیر اللہ اکبر کہہ ذبح کریں۔ وہ تمام کھانا جو گھر سے تیار کرکے ہمراہ دریا تک آپ لائے تھے مع اس ذبح کردہ مرغ پر فاتحہ بنام پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور موکلات نقش دیں۔ اس کے حسب سابقہ ایام نقش تحریر کریں گے، تیرہ ۱۳ نقش کی گولیاں بنائیں۔ اور آخری نقش کو لپیٹ کر معطر کریں اور پاس رکھیں۔ اب تیار کردہ تمام کھانا اور مرغ کو اسی جگہ دفن کریں۔ تیرہ ۱۳ گولیاں حسب سابق دریا میں مچھلیوں کو ڈال دیں۔ آخری نقش کو گھر آکر دائیں

بازو پر باندھ لیں مطلوب عرصہ مسافت کے موافق حاضر ہو جائیگا۔ اگر وہ حاضر نہ ہو سکا تو گھر میں مثل دیوانوں دیاگلوں کے ہو جائیگا۔ اس عمل میں پرہیز جلالی ضروری ہے۔

رفتار نقش

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

نقش یوروزانہ لکھکر دریا میں گولیاں بنا کر ڈالنا ہوگا۔

۱۲۰	۳۲	۴۰	۸۰
۴۸	۷۲	۱۲۸	۲۴
۹۶	۵۶	۱۶	۱۰۴
۸	۱۱۴	۸۶	۶۴

یہ عمل دریا کے سوا نہر یا چشمہ نہیں ہوگا نیز ننگا نقش نہ لکھیں بلکہ پہلے اصلاع قائم کریں پھر چاروں ملائکہ اور پھر چاروں خدام اور حروف کے بعد نقش کے باہر نقش کی آخری حدود بھی کھینچیں۔

۶۔ عمل حب تثلیث زہرہ و مریخ

اگر کسی کی بیوی کسی وجہ سے میکے جا کر بیٹھ گئی ہو اور واپس نہ آنا چاہتی ہو۔ اور شوہر مجبور ہو یا کوئی طالب مطلوب کا خواہش مند ہو مگر وہ اتفاق نہ کرتی ہو تو ایسی صورت میں اس وقت سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے یاد رہے زہرہ عورت اور مریخ مرد ہے اسم طالب

مطلوب مع والدہ لیکر ان کے درمیان اسم الٰہی ودود لکھیں اور ان کی تکسیر جفری کریں۔ پھر حروف زہرہ ح ۔ ظ ۔ ن ۔ خ اور حروف مریخ ھ ض د ز لیں اور ان کی تکسیر جفری کریں۔

طالب و مطلوب کی تکسیر کے چاروں گوشوں کے حروف ، اور قلب کے حروف کے اعداد نکال کر ان میں اسم عدد تفریق کر کے باقی کے حروف بناکر آگے ایل بڑھاکر موکل بنائیں۔ پھر کل تکسیر کے اعداد لیکر ۳۱۹ عدد کم کر کے باقی کے حروف بناکر آگے کلمہ طیش بڑھائیں یہ اعوان ہوگا۔

اب کل اعداد تکسیر طالب و مطلوب کے لیں اور مربع زوجی میں پُر کریں۔ یہ نقش مطلوب کے نام کا حرف اول جس عنصر سے تعلق رکھتا ہو کے مطابق پُر کریں گے بمثلاً مطلوب کے نام کا حرف اول آتشی رفتار سے آبی ہو تو آبی رفتار سے پُر کریں۔ نقش کے اوپر نام موکل اور نیچے عزیمت تحریر کریں نقش کے چاروں طرف حروف کواکب کی تکسیر کے مرکب کلمات تحریر کریں۔ ایسے دو نقش تیار کریں ایک کو گلے میں سینہ کے قریب لٹکائیں اور دوسرے کو عنصر کے موافق استعمال کریں۔ اگر مطلوب کا اسم آتشی یا بادی ہے تو حرارت میں آبی یا خاکی ہے تو مٹی کے برتن میں پانی ڈال کر نقش موم جامہ کر کے اسمیں ڈال دیں اور اپنے سامنے رکھکر ایک ہفتہ میں یا ودود سوا لاکھ جس قدر تعداد آپ روزانہ اسم الٰہی پڑھیں اس کے بعد تین مرتبہ عزیمت

پڑھیں۔ ورد ختم ہوتے ہی مطلوب حاضر ہوگا جب تک گلے والا
نقش پاس رہیگا وہ پاس رہیگا۔ روزانہ ورد کرنے کا وقت وہی ہوگا
جس وقت آپ یہ عمل تیار کریں گے۔ اسم کا ورد ایک دن میں بھی کر سکتے
ہیں یا ایک چلہ میں بھی ایک چلہ کرنا ہو تو روزانہ ۲۵ ۳۱ بار روزانہ
کی تعداد ہو گی۔

مثال :۔ مطلوب مریم۔ طالب اکبر۔ (اس میں نام مع والدہ نہیں لیے رہا آپ نام مع والدہ لیں گے

تکسیر اول :۔ مریم وودود اکبر

تکسیر دوم ح ظ ن خ ہ ض ز ز

چاروں گوشوں کے حروف م ر د م اعداد

قلب کے حروف ا ر د م ۷۲۵

تکسیر (م) ر ی م و و د و د ا ک ب (ا) سطر اول

ر م ب ر ک ی ا م د و و د

د ر و م و ب ر د م ک ا ی

ی د ا ر ک د م ر د و ب درمیانی سطور

ب ی د و و | ا ر | د م ک م و

د ب م ی ا ک | د م | د ر و ر ا

ا و ر ب و م ر ی د ک م د

د ا م د ک ر د ب ی و ر م

م د ر ا و م ی و ب ک د ر

(ا) م د د ک ر ب د و ی (م) سطر تمام

م ر ی م و د و د ا ک ب ر   مسطر میزان

موکل :- ۷۲۵ - ۴۱ = ۶۸۴

حروف   د ف خ   موکل دفخائیل ہوا

تکسیر کے کل اعداد ۵۳۳۵

کم کئے ۳۱۹

بقایا ۵۰۱۱

حروف ای غ غ غ غ غ اور اعوان الغغغغغطیش

لواکب کے حروف کی تکسیر کر کے چار چار حروف مرکب کریں مثلاً پہلی سطر کا مرکب حخطنغ هضرز ہوگا۔ ان حروف کو نقش مربع کے چاروں طرف لکھیں یہ کل آٹھ کلمات ہونگے۔

چونکہ کل تکسیر کے اعداد ۵۳۳۰ میں اور مربع زوجی پُر کرنا ہے چونکہ یہ تثلیث کا وقت ہے اور دونوں کواکب میں ۱۲۰ درجہ کا فاصلہ ہے اس لئے کل اعداد سے ۱۲۰ عدد تفریق کر کے باقی کو چار پر تقسیم کریں۔

۵۳۳۰ - ۱۲۰ = ۵۲۱۰ ÷ ۴ = ۱۳۰۲ حاصل قسمت باقی ۲ رہے جسے دوم خانہ ہنم میں ایک کا اضافہ کریں گے۔ اور نقش آتش رفتار سے ہوگا۔ عزیمت یہ ہوگی۔

قادری سعید

١٣٢٠	١٣٤٣	١٣٥٥	١٣٠٢
١٣٥١	١٣٠٦	١٣٢٦	١٣٤٧
١٣١٠	١٣٦٣	١٣٣٥	١٣٢٢
١٣٣٩	١٣١٨	١٣١٤	١٣٥٩

زوج مربع آتشی

٨	١١	١٤	١
١٣	٢	٧	١٢
١٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

رفتار نقش

حرارت دینے کا ایسا انتظام کریں کہ عمل کرتے بیٹھیں تو پاس گرم چیز سے نقش کو حرارت ملتی رہے۔

۷. تثلیث زہرہ و مشتری

اگر کسی کی بیوی یا خاوند کی آپس میں ناراضگی ہے یا اولاد اور والدین میں شکر رنجی ہے یا کوئی شخص رشتہ دے کر انکاری ہو گیا ہو، تو آپ اس وقت عمل تیار کریں۔ عمل:- عین وقت پر الگ پاک مطفی و معطر کمرہ میں پاک معطر صاف لباس پہن کر قبلہ رو بیٹھکر عمل تیار کریں بخور لوبان اور صندل سفید کا جلائیں لیکن سب سے پہلے مطلوب کے بدن کا کپڑا حاصل کریں۔ اب سفید کاغذ پر زعفران و عرق گلاب سے تیار کردہ سیاہی سے انار کے قلم سے یہ اکیاسی ٨١ نقش تحریر کریں۔ اور تمام کاغذ کی ایک بڑی سی بتی بنائیں اسکے گرد مطلوب کا حاصل کردہ کپڑا لپیٹ دیں اور چراغ گل آب نارسیدہ میں شہد اور روغن گاؤ خالص ملا کر اسمیں یہ بتی بطور فتیلہ جلائیں چراغ کا رخ خانہ مطلوب کی جانب رکھیں اور خود پاس بیٹھکر اکیاسی

مرتبہ یہ عزیمت پڑھیں ۔

"فلاں بن فلاں (نام مطلوب مع والدہ) کو فوراً حاضر کرو اور مطیع کرو یا سرجائیل بحق نما"

جب تعداد پڑھائی مکمل ہو جائے تب بتی کو گل کر دیں، دوسرے دن پھر ساعت زہرہ میں یہ بتی روشن کر کے عمل پڑھیں اسی طرح نو دن میں بتی ختم کرنی ہے آخری دن جس طرح ہو سکے بتی ختم کریں اس دوران اگر گھی اور شہد ختم ہو جائے تو مزید ڈال لیں ۔ روزانہ بخور لوبان اور صندل روشن کرنا ہوگا ان ایام کے اندر ہی پتھر سے پتھر دل موم ہو جائیگا کیسا ہی دشمن ہو دوست بن جائیگا اور آپ کے مطالبات کو تسلیم کریگا ۔

نقش آتشی ہے

۲۰	۲۳	۲۶	۱۲
۲۵	۱۳	۱۹	۲۴
۱۴	۲۸	۲۱	۸۱
۲۲	۱۷	۱۵	۲۷

۸ ۔ عمل حب تکسیر الحروف | تکسیر الحروف کا قاعدہ حب اور تسخیر میں بے حد مؤثر ہے، جفر میں ۲۸ حروف میں سے بارہ حرف شفع ہیں جو ہر مرتبہ پر جفت ہوتے ہیں ب ۔ ک ۔ د ۔ و ۔ م ۔ ت ۔ ر ۔ س ۔ ح ۔ خ ۔ ض ۔ ف ہیں ان کے اعداد ۲۲۰ ہیں ۔ آپ ان کی

روحانیت سے جس شخص کو مسخر کرنا چاہتے ہیں تو عروج ماہ میں تثلیت زھرہ و قمر کے وقت سے عمل کریں۔ جس شخص کی تسخیر مطلوب ہے اسکے بدن کا کپڑا حاصل کریں اب طالب و مطلوب مع والدہ کے اعداد لیں ان میں ۲۲۲۰ اعداد کا اضافہ کریں اور مطلوب کے سر اسم کے عنصر کے موافق نقش مربع پُر کریں، پھر باقی تین چالوں سے تین نقش اور پُر کریں مثلاً مطلوب مقصود ہے سر اسم میم آتشی ہے تو پہلے نقش آتشی چال سے پُر کریں بعدہ بادی پھر آبی اور آخر میں خاکی رفتار سے پُر کریں گے۔ ہر نقش کے نیچے یہ عزیمت لکھیں گے۔

"المحبت التسخیر فلاں بن فلاں نام مطلوب مع والدہ علیٰ حب فلاں بن فلاں نام طالب مع والدہ) عاشقاً محبوناً دائماً ابداً سرمداً فی کل حال و زمان و مکان العجل العجل العجل"

جب چار نقش زعفران و عرق گلاب سے تیار کردہ سیاہی سے مکمل کرلیں تب ان پر مطلوب کے بدن والا کپڑا دھونی عود کی دیں عطر گلاب خالص لگا کر لپیٹ لیں آتشی کو آب نارسیدہ چراغ میں روغن گاؤ اور شہد ملا کر بتی بنا کر جلایا کریں۔ بادی کو دھاگہ باندھ کر پھلدار درخت پر لٹکا دیں۔ آبی کو دریا یا نہر میں ڈال دیں خاکی کو رہگذر مطلوب یا کسی پتھر کے نیچے دبا دیا کریں۔ یہ عمل سولہ ۱۶ دن کا ہے رات یا دن میں ایک مقررہ وقت کر کے تنہائی اور پاک و معطر جگہ یا وضو خانہ مطلوب کی جانب منہ کر کے عمل کریں۔ یہ خطا اور تیر بہدف عمل ہے۔

سولہ دن میں مطلوب کھنچا چلا آئیگا، خاوند یا ناراض بیوی کی واپسی کیلئے عمل کریں گے تو یہ تیر کی طرح کام دیگا۔ وہ اصحاب جو تسخیر سے بدظن ہیں وہ خصوصاً اس عمل کو کریں اور علم جفر کا کرشمہ دیکھیں۔

۹: قران زہرہ وعطارد

یہ وقت حب و تسخیر کا ہے حاضری مطلوب تسخیر حاکم کیلئے یہ ایک مؤثر وقت ہے۔

عمل:۔ عین وقت پر غسل کر کے پاک وصاف معطر لباس پہن کر الگ معطر وصاف مکان میں بخور عود وصندل سلگا کر ایک پیالہ گلی آب نارسیدہ مہیا کر کے پاس رکھیں۔ اب رو بہ قبلہ بیٹھ کر اس پیالہ میں پانی بھر کر پاس رکھیں اب سات مرتبہ سورۃ قل یا الکفرون ایک مرتبہ سورۃ واللیل ایک مرتبہ سورۃ اذا زلزلت الارض پڑھکر اسکے بعد یوں کہیں۔

"دربستم چشم خواب وخور فلاں بن فلاں نام مطلوب مع والدہ تجی فلاں بن فلاں نام طالب مع والدہ باش نکشایم کسے نہ کشاید بحق ایں سورۃ ہائے بزرگ" اس کو پڑھکر پیالہ پانی پہ دم کریں، اور تمام پانی پی لیں۔ اب اس پیالہ پر کچی اینٹ رکھکر سرہانے رکھیں اور سو جائیں۔ عمل کے بعد گفتگو قطعی منع ہے مطلوب کی خواب بندی ہو جائیگی اور وہ قطعی سو نہ سکے گا اور جب تک حاضر نہ ہو گا۔ اسکو قرار نہ آئیگا، صبح اٹھ کر اس پیالہ کو مع اینٹ کے جائے نمناک میں دفن کر دیں مدت عمل زیادہ سے زیادہ سات یوم ہے اس عمل کے باعث مطلوب کو ہر وقت خواب بند کرنے والے کا خیال رہتا ہے اگر افسر کی تسخیر ہو تو وہ مجبوراً طالب کا کام کرنے کا تیار ہو گا۔

۱۰:۔ قران زھرہ ومشتری

تسخیر مطلوب کا مؤثر ترین وقت ہوتا ہے اس وقت غسل کر کے پاک ومعطر صاف سفید لباس پہن کر ایک الگ پاک ومصفا مکان جسے خوب بخور سے مہکایا گیا ہو میں روبہ قبلہ بخور لوبان اور عود اور زعفران کا سلگائیں اپنے لباس پر عطر سہاگ لگانا ہوگا۔ اب سرکنڈے یا انار کے قلم سے زعفران اور عرق گلاب خالص سے تیار کردہ سیاہی سے عمل استخراج کر کے تحریر کریں۔

عمل:۔ نام طالب مع والدہ اور مطلوب مع والدہ کے درمیان حبّاً للہ کے الفاظ لکھکر تمام حروف کو الگ الگ لکھیں۔ اور تکسیر جفری کریں جب زمام بر آمد ہو تو تکسیر کے دست راست کے حروف لیکر ایک سطر بنائیں، پھر دست چپ کے حروف لیکر ایک سطر بنائیں یہ دو سطریں طلسم کی ہونگی۔ ان دونوں سطروں کے اعداد مع نام طالب ومطلوب والدہ کے اور ۱۵۵۲ اعداد آیت حب جمع کریں اب ان تمام اعداد کا نقش مربع پُر کریں اب اس نقش کے ارد گرد یہی دو سطریں حروف طلسم کی تحریر کریں۔ نقش مکمل ہونے پر معطر کریں اسے چاندی کی انگشتری میں سبز نگینہ لگا کر اسے نیچے رکھ دیں اور اپنے دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہن کر مطلوب کے پاس جائیں جب تک انگشتری ہاتھ میں ہوگی مطلوب ساتھ رہیگا جس دن یہ عمل تیار کریں اس روز گوشت انڈہ، مچھلی اور دودھ چائے کا استعمال نہ کریں۔ اگر مطلوب

کے ملنے کا امکان نہ ہو تو یوں کریں کہ جس دن عمل مکمل ہو اس رات کو بعد از نماز عشاء ابتدائ یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ ۔ بار محبت من بے قرار گردی بحرمت عزیز باسم فلانی بنت فلانی نام مطلوب مع والدہ کو ہر روز تین صد بار پڑھتے رہیں مطلوب اگر چہ اکتالیسویں دن میں سات سمندر پار سے بھی حاضر ہو گا۔

مثال علی حسنا اللہ عمر کی تکسیر یہ ہو گی۔

ع ل ی ح ب ا ل ل ہ ع م ر سطر اول

ر ع م ل ع ی ہ ح ل ب ل ا

ا ر ل ع ب م ل ل ع ہ ی

ی ا ہ ر ع ل ح ع ل ب ل م

م ی ل ا ب ہ ل ر ع ع ح ل

ل م ح ی ع ل ع ا ر ب ل ہ

ہ ل ل م ا ح ر ی ا ع ع ل

ل ہ ع ل ع ا م ی ب ر ح

ح ل ر ہ ب ع ی ل م ع ا ل

ل ح ا ل ع ر م ہ ل ب ی ع تمام

ع ل ی ح ب ا ل ل ہ ع م ر میزان

سطر دست راست :- ع ا ر ا ی م ل ہ ل ح ل

سطر دست چپ :- ر ا ی ا م ل ہ ل ح ل ع

سطر طلسم :- عرایملھلحل رایملھلحلع

۸:- **عمل حُب :-** طلوع قمر کے بعد پہلے آنے والے پیر، منگل، بدھ کے ایام بشرطیکہ ان دنوں قمر در عقرب نہ ہو روزہ رکھیں، اب آخری دن یعنی بدھ کا دن گزار کر جو رات آنے گی۔ اس میں بعد از نماز عشاء کھلے آسمان کے نیچے باوضو، معطر لباس۔ الگ تنہا پاکیزہ، جگہ رو بہ قبلہ بیٹھ جائیں یہ عمل کرنے سے قبل اپنے پاس یہ سامان مہیا کر رکھیں تاکہ عین وقت پہ پریشانی اٹھانا نہ پڑے۔

انار یا گلاب کی تین لکڑیاں، انار کی لکڑی کا قلم۔ تھوڑا سا زعفران وخالص عرق گلاب، بخور کیلئے صندل اور لوبان۔ انار یا گلاب کی لکڑی کے کوئلے۔ اب اس رات سعد ساعت میں طالب اور مطلوب کے اعداد مع والدہ نکال کر ان سے اعوان استخراج کریں اور ان اعداد کو مثلث خاکی میں زعفران کی تیار کردہ سیاہی اور انار کی لکڑی کے قلم سے تحریر کریں۔ اب ایک ضلع کے اعداد جمع کرکے ان کا بھی ایک حاکم اعوان بنائیں اور عزیمت تیار کرکے نقش کے نیچے تحریر کریں۔ جب نقش تیار ہو جائے تو ان تینوں انار یا گلاب کی لکڑیاں سے ایک سہ پایہ بنائیں اب نقش کو لپیٹ کر تعویذ بنا کر سرخ دھاگہ سے اس سہ پایہ میں لٹکا دیں نیچے بخور جلائیں تاکہ ان کا دھواں تعویذ سے ٹکراتا رہے اب خود پاس بیٹھکر مثلث کے ایک ضلع کے اعداد کے موافق عزیمت پڑھیں۔

یہ عمل تین رات کریں اول تو تین رات میں ہی کامیابی کی خبر مل جائیگی ورنہ سات یوم تک عمل کریں۔

مثال — اسم مطلوب شمیم اختر اعداد = ۳۹۰
اسم طالب محمد انور " = ۲۵۷
کل = ۶۴۷

حروف خ م ز ہو ے

اعوان خمزطیش

اب ۶۴۷ کو خانہ اول میں رکھکر مثلث تیار کریں اور ایک ضلع کو جمع کیا ۱۹۵۲ ہوا - حروف غ ظ ن ج ہو ئے د حاکم اعوان غظنجطیش ہوا - عزیمت یہ ہوئی -

اقسمت علیکو یا خمزطیش ان تسلط علی شمیم اختر - بصورت محمد انور غظنجطیش العجل الساعۃ الوحا اس عزیمت کو پاس بیٹھکر ۱۹۵۲ بار پڑھیں گے تو عمل کی تاثیر اعلانیہ ظاہر ہو گی -

۹ : عمل حُب آسان اور موثر طریق ہے - اسے قمر و زہرہ کی تثلیث یا تسدیس، یا قمر و عطارد کی تثلیث و تسدیس یا قمر و زہرہ کے قرآن میں اس عمل کو تیار کریں گے تو نجل شکنی کی داد دینگے، زعفران وعرق گلاب سے تیار کردہ سیاہی اور سرکنڈے کے قلم کا استعمال کریں بہتر ہو گا وقت سے قبل عمل استخراج کر کے عین وقت پر نقل کر لیں کیونکہ ہوسکتا ہے وقت پر جلدی میں کہیں کوئی غلطی باقی رہ جائے تو پھر ناکامی کا سامنا کرنا پڑیگا -

عمل :- ۱:- نام مطلوب مع والدہ کو لبسط حرفی کریں -

۲:- نام طالب مع والدہ کو بسط حرفی کریں۔
اب انہیں ایک سطر میں بچھائیں طالب کا پہلا حرف چھوڑ کر تکسیر کریں،
ہم ایک مختصر سی مثال سے سمجھاتے ہیں۔

مطلوب زبیدہ والدہ ہندہ

طالب بکر والدہ علقمہ

تکسیر یہ ہوئی۔

ز ی د ھ ن د ھ	ب ک ر ع ل ق م ھ
ک ر ع ل ق م ھ	ز ی د ھ ن و ھ ب
ی د ھ ن د ھ ب	ک ر ع ل ق م ھ ز
ر ع ل ق م ھ ر	ی د ھ ن د ھ ب ک
د ھ ن د ھ ب ک	ر ع ل ق م ھ ز ی
ع ل ق م ھ ز ی	د ھ ن د ھ ب ک ر
ھ ن د ھ ب ک ر	ع ل ق م ھ ز ی د
ل ق م ھ ز ی د	ھ ن د ھ ب ک ر ع
ن د ھ ب ک ر ع	ل ق م ھ ز ی د ھ
ق م ھ ز ی د ھ	ن د ھ ب ک ر ع ل
د ھ ب ک ر ع ل	ق م ھ ز ی د ھ ن
م ھ ز ی د ھ ن	د ھ ب ک ر ع ل ق
ھ ب ک ر ع ل ق	م ھ ز ی د ھ ن د
ھ ز ی د ھ ن د	ھ ب ک ر ع ل ق م
ب ک ر ع ل ق م	د ز ی د ھ ن د ھ

اب اس تکسیر کے سیدھے حروف لیں اور الٹے مثلاً اس میں سیدھے
یہ ہیں ب ز ک ی ز د ع ھ ل ن ق د م ھ ھ ب اب اُلٹے حروف یہ ہوئے
ھ ب ز ک ی د د ع ھ ل ن ق د م ھ ۔ اب ان کو متزاج دیا تو یہ سطر
برآمد ہوئی ۔ ھ ز م ک دی ق ر ن د ل ع ھ ھ ع ل د ن ر ق ی ک م ز ھ ب ھ ھ ۔

اب اس امتزاجی سطر کے اعداد حاصل کر کے ایک مثلث آتشی تیار کریں،
اب اس مثلث کے اردگرد تمام تکسیر کے حروف لکھیں اس عمل کو کاغذ کی
بجائے ہرن کی جھلی پر تحریر کر کے طالب اپنے سیدھے بازو پر باندھ
لے انشاء اللہ مطلوب، طالب سے ملنے کو بے قرار ہو گا ۔

۱۰ ۔ حُب کی تین بتیاں

اس عمل کو قمر و زہرہ کی مثلث یا تسدیس میں جو عروج ماہ آئے کرتے ہیں علم جفر کا مشہور
طریق ہے ۔ میں پوری وضاحت کئے دیتا ہوں تاکہ ضرورت مند کو حل کرنے
میں مشکل نہ ہو۔

(۱) عمل	نام طالب	نام مطلوب
	شاہد	شہناز
حروف	ش ا ھ د	ش ھ ن ا ز

سطر امتزاج ش ش ا ا ھ ھ ن د ا ز

۲۔ عمل تکسیر ش ش ا ھ ھ ن د ا ز سطر اول

ز ش ا ش د ا ن ھ ھ
ھ ز ھ ش ن ا ا ش د
د ھ ش ز ا ھ ا ش ن
ن د ش ھ ا ش ھ ز ا
ا ن ز د ھ ش ش ھ ا
ا ا ھ ن ش ز ش د ھ
ھ ا د ا ش ھ ز ن ش

درمیانی سطور

ش ھ ن ا ز د ھ ا ش زمام
ش ش ا ھ ھ ن د ا ز میزان

اس تکسیر کی تین نقول تیار کریں۔

۳:۔ حروف طالب و مطلوب کے امتزاج سے جو سطر بنی
ش ش ا ھ ھ ن د ا ز

حروف کے اعداد = ۳۰۰ ۳۰۰ ۱ ۵ ۵ ۵۰ ۴ ۱ ۷

کل مجموعہ اعداد = ۶۷۳

۴ : کل مجموعہ اعداد سے قانون کے ۱۲ کم کے درتین پر تقسیم کیا تو یہ ہوا۔
۲۲۰ حاصل قسمت ایک باقی

۶۷۳
۱۲
۳/ ۶۶۱ |۲۲۰
۶۶
۱

۵ :- تیاری نقش خارج قسمت سے نقش مثلث خاکی پُر کریں اور کسر کو حسبِ قاعدہ خانہ ۷ میں ایک کا اضافہ کر کے پُر کریں اس نقش کی نو نقول بنائیں۔ چھری، قینچی، چاقو۔ بلیڈ، سے ہرگز قطع نہ کریں۔ عمل ۲ :۔ میں تکسیر تین بار تحریر کریں، اب اِن ٹکڑوں کو علیحدہ علیحدہ کر کے اِن کی پشت پر نقش تحریر کرتے جائیں اور لکھتے وقت یا عزیز مِنْ کُلِّ عزیز بحق یا عزیز یا وَدُوْدُ زبان سے ورد کرتے ہوئے اور تصور مطلوب رکھیں۔

۲۸۴ — ۶۸۹ — ۲۲۰

۲۲۳	۲۲۹	۲۲۱
۲۲۲	۲۲۴	۲۲۶
۲۲۸	۲۳۰	۲۲۵

۲۲۰ — بحق یا ودودُ — [illegible]

(دائیں: بحق یا ودود — بائیں: بحق یا ودود)

۶۔ طریق استعمال :۔ نقش تو حیذی جمعرات بعد نماز فجر سے ۱۰ بجے تک مکمل کریں۔ پھر اُسی شام بعد از مغرب کسی خلوت کی جگہ کورے مٹی کے چراغ میں روغن چنبیلی ڈال کر نقش ۱ پر مطلوب کے جسم کا استعمال کردہ کپڑے کا ٹکڑا لپیٹ کر چراغ میں رکھ کر دیا سلائی سے روشن کریں، چراغ کا رخ خانہ مطلوب کی طرف ہو۔ خود دائیں جانب بیٹھ کر چراغ کی لو میں مطلوب کا تصور کریں اور اس کے نام کا اس وقت تک ورد کرتے رہئیں۔ جب تک کہ بتی جلتی رہے یہ عمل ۷ رات تک

بلاناغہ کریں دوران عمل لباس پاک اور معطر ہو بخور صندل ولوبان یا عمدہ سی اگربتیاں جلائیں تصور میں یہ خیال کریں کہ

ا: آپ کا مطلوب اپنے گھر سے میری طرف آ رہا ہے۔

ب: مطلوب سامنے آ کر بڑی عاجزی سے محبت کا اظہار کر رہا ہے۔

ج: مطلوب دائمی محبت کا عہد بیان کر رہا ہے۔

جب بتی ختم ہو جائے تو چپ چاپ بستر پر دراز ہو کر اسی تصور میں بلا تعداد اسم یا عزیز یا ودود کا ورد کرتے ہوئے سو جائیں انشاء اللہ مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہو گا۔

اگر اس عمل کو اور زیادہ مؤثر بنانا ہو تو مطلوب کے نام سے موکل بنائیں

ش	ہ	ن	ا	ز	
۳۰۰	۵	۵۰	ا	۷	مجموعہ ۳۶۳

حروف ج س ش

ان حروف کے آگے ئیل لگائیں جسشائیل موکل ہوا۔ اس کے پڑھنے کا طریق یہ ہے کہ آپ بتی ختم ہونے کے مطلوب کے گھر کی جانب منہ کر کے بیٹھ جائیں اور اس طرح پڑھیں۔

اُجب یا جسشائیل بحق یا عزیز یا ودود مطلوب کے نام کے اعداد کے موافق ۳۶۳ بار پڑھیں دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ رجال الغیب کا خیال رکھیں۔

۱۱: حُب مراتب حرفی	عروج ماہ میں تثلیث یا تسدیس قمر و زہرہ

میں رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے استخراج کریں بخور لوبان اور صندل سلگائیں۔ تنہا اور پاک وصاف جگہ باوضو بیٹھکر عمل کریں۔

عمل:۔ طالب ومطلوب کا نام مع والدہ میں اگر کسی مرد کی تسخیر مطلوب ہو تو مشتری کا نام درمیان میں تحریر کریں لیکن اگر کسی عورت کی تسخیر مقصود ہو تو پھر زہرہ لکھیں۔ اب اس سطر کو حروف کے لحاظ سے مرتبہ سے لکھیں یعنی ترتیب کے لحاظ سے جو حروف ابجد کے طور پر پہلے ہیں وہ پہلے تحریر کریں جو بعد میں آتے ہیں اُنھیں بعد میں لکھیں۔ مثلاً اسلم ایک نام ہے ہم اسے مرتب حرفی سے لکھیں گے تو یہ حروف ہونگے ال م س ل سے اکٹھا کر کے لکھیں گے تو یوں ہو گا۔ المس۔ اس طریق سے تمام سطر کو ترتیب دے دیں یہ عمل کے لئے سطر دوم ہو گی۔ اب اس سطر کی تکسیر کر کے زمام برآمد کریں، جب زمام نکل آئے تو اگر تکسیر جفت حروف کی ہے تو چار چار حروف کا ایک کلمہ بنا کر اس کے آگے لفظ ائیل لگا کر موکل قائم کریں لیکن اگر تکسیر طاق حروف کی ہے تو پانچ پانچ حروف کا کلمہ بنا کر اس کے آگے ائیل بڑھائیں گے، اب آپ اس ستائیسے میں یہ عمل کرنا ہو گا جس کا نام عمل میں شامل کیا گیا ہے۔ اگر آپ اتوار کے روز عمل تیار کر رہے ہیں تو نام ملائکہ تکسیر کے اسماء لکھکر اپنا مطلب لکھیں۔

الحب فلاں بن فلاں اور آخر میں لکھیں بحق یا عزرائیل اس طرح ساری سطر یوں ہو گی الحب فلاں بن بحق یا عزرائیل اب تمام تکسیر کا

تعویذ بنا کر ایسی جگہ دفن کریں جہاں آگ جلتی رہے یا آگ کی گرمی پہنچے ، اگر عمل سوموار یا ہفتہ کے دن کریں تو سطر کے آخر میں بحق یا میکائیل لکھیں گے اور تمام تکسیر کا تعویذ بنا کر پانی کے کنارے نم دار جگہ دفن کریں یا مطلوب کو پلا سکیں تو پلا دیں ۔ اسی طرح باقی عمل کو سمجھیں ۔ ایک مختصر سی مثال سے سمجھائے دیتا ہوں تاکہ عمل سمجھ میں آسکے میں اپنی مثال میں ہر دو ناموں میں والدہ کا نام نہ لونگا کیونکہ اس سے طوالت ہو گی مثلاً طالب سلیم اور مطلوب سکینہ ہے عمل حُب ہے اور ستارہ مشتری لیا ۔

سطر اول سلیم مشتری سکینہ

س ل ی م ش ت ر ی س ک ی ن ھ

حروف مکرر کے بعد خالص سطر جو برآمد ہوئی س ل ی م ش ت ر ک ن ھ

اب مراتب الحروف کیا تو ھ ی ک ل م ن س ر ش ت یہ حقت حروف ہیں انکی تکسیر یہ ہوگی ۔

سطر اول	ت	ش	ر	س	ن	م	ل	ک	ی	ھ
	م	ن	ل	س	ک	ر	ی	ش	ھ	ت
	ر	ک	ی	س	ش	ل	ھ	ت	ت	م
	ل	ش	ھ	س	ن	ی	ت	ک	م	ر
	ی	ن	ت	س	ک	ھ	م	ش	ر	ل
زمام	ھ	ک	م	س	ش	ت	ر	ن	ل	ی
میزان	ت	ش	ر	س	ن	م	ل	ک	ی	ھ

چونکہ یہ تکسیر جفت حروف کی ہے لہذا چار چار کے کلمات بنا کر اس کے آگے کلمہ ئیل بڑھا کر موکل بنائیں گے اب تمام تکسیر کے موکلات یہ ہونگے۔

ہیکلائیل۔ لمنسائیل، شتائیل، تھشیائیل۔ رکسلائیل، نمائیل۔ متمھائیل، لشمیائیل، کرائیل۔ رمکتائیل، ینسھائیل ہشلائیل، رشمائیل۔ ھکستائیل، نیائیل، رلینزائیل تتشمائیل، کبائیل یہ کل اٹھارہ موکلات ہونے ان کے آگے یوں لکھیں گے سلیم الحب سکینہ بحق یامیکائیل یہ عمل زعفران و عرق گلاب کی تیار کردہ سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھ کر اگر مطلوب کو بلایا جا سکتا ہو تو بلائیں گے۔ ورنہ تمام تکسیر کا تعویذ بنا کر کسی ایسی جگہ جہاں پاک پانی رواں ہو کے کنارے دفن کریں گے تاکہ اسے نمی پہنچے، یہ تمام عمل سوموار، یا ہفتہ کے روز ساعت مشتری میں تیار کریں گے اس طرح استخراج کیا ہوا عمل ایک تیر بے خطا ہوگا جس کا اثر آپ ۳۶ گھنٹے کے اندر اندر اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے۔

۱۲۔ حُب نادرہ بقاعدہ مفتاح

علم جفر میں مفتاح مغلاق کا قاعدہ ایک سریع الاثر عمل ہے اس سے استخراج کیا گیا حب کا عمل چلتا ہوا جادو ہے۔ ساتوں مراتب۔ سات دنوں اور سات موکلات سے متعلق ہیں جسے ایک نقشہ کے ذریعہ سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں۔

مرتبہ	مفتاح	مغلاق	عدل	دفق	مساحت	ضابطہ	غایت
ستارہ	مریخ	زہرہ	عطارد	قمر	شمس	مشتری	زحل
دن	منگل	جمعہ	بدھ	پیر	اتوار	جمعرات	ہفتہ
موکل	سرطائیل	حرزائیل	دردائیل	تنقمائیل	حزکائیل	سلمائیل	اسمائیل

طریقہ یہ ہے کہ نام مطلوب مع والدہ اور نام طالب مع والدہ علیٰحدہ علیٰحدہ حرفوں میں تحریر کریں اب ہر ستارہ کے متعلقہ حروف الگ الگ کریں۔ اور دیکھیں کہ کس ستارہ کے حروف زیادہ ہیں جس کے حروف زیادہ ہوں گے عمل اس ستارے سے متعلق ہوگا۔ اب اس ستارہ کا جو مرتبہ ہے پہلے لکھ کر بالترتیب ساتوں مرتبے تحریر کریں مثلاً مشتری سے ہو تو مراتب کی ترتیب یہ ہوگی، ضابطہ، غایت، مفتاح، مغلاق۔ عدل۔ وفق، مساحت کے اعداد حاصل کرکے درجہ وار ایک ایک کے اضافہ سے تحریر کریں۔ ہر مرتبہ کے نیچے اس کا ستارہ اور اس کے نیچے یہ آیت تحریر کریں۔

مثال طالب محمد ظفر عالم بن رابعہ بی بی

مطلوب حسینہ بنت غلام فاطمہ

بسط کیا تو م ح م د ظ ف ر ع ا ل م ب ن ر ا ب ع ہ ب ی ب ی ح س ی ن ہ ب ن ت غ ل ا م ف ا ط م ہ

کل اعداد : ۳۵۰۶

ان تمام حروف کو ستاروں پر تقسیم کیا تو یہ نقشہ بنا۔

قمر	عطارد	زہرہ	شمس	مریخ	مشتری	زحل
غ ظ	ت	ف ف ر ر	م م م م م م ن ن ن ن س ع ع	ی ی ی ی ط ل ل	ہ ہ ہ ح ح	ا ب ا ا ا د ب ب ب ب

ہر مرتبہ کو علیٰحدہ علیٰحدہ سات کاغذوں پر لکھیں اور ساتوں پر یہ عزیمت

تحریر کریں گویا سات بتیاں اور سات دن کا ہی عمل ہوگا۔ عروج ماہ میں ستارہ کی ساعت میں متعلقہ بتی جلائیں اور خود سامنے بیٹھکر وہی عزیمت اعداد مرتبہ کے مطابق تلاوت کریں بتیوں میں اسم الٰہی ودود کی بجائے ۶۲۶۴ لکھیں ہر بتی میں نام ستارہ اور موکل ہی تبدیل ہوگا۔

باقی سب کچھ وہی رہے گا۔ پہلے دن متعلقہ ستارہ کی ساعت میں عمل کریں پھر ہر دن کے ستارہ میں عمل کریں اگر ایسا ممکن نہ ہو، آپ اسکی پابندی نہ کر سکیں، تو پھر ہر روز کی پہلی ساعت میں جو طلوع آفتاب سے ہی شروع ہوگی۔ عمل کریں۔ مٹی کا نیا چراغ لیں، روغن گاؤ ڈال کر جلائیں اور ستارہ کا متعلقہ تحریر بھی جلانا ہوگا۔ جب تک بتی ختم نہ ہو اپنی جگہ سے نہ اُٹھیں۔ خواہ پڑھائی ختم ہی ہوجائے دورانِ عمل چراغ بجھنے نہ دیں اب مثالی عمل یوں ہوگا، چونکہ یہ شمس کے حروف زیادہ ہیں اسلیئے شمس کو مساحت دیں گے۔

مراتب	مساحت	ضابطہ	غایت	مفتاح	مغلاق	عدل	وفق
اعداد	۳۵۰۶	۳۵۰۷	۳۵۰۸	۳۵-۹	۳۵۱۰	۳۵۱۱	۳۵۱۲

پہلی بتی بنانے کے لیئے ۳۵۰۶ نیچے شمس پھر عزیمت تحریر ہوگی جب اسلام علیک آئے تو حز کائیل تحریر کریں۔ کیونکہ یہ شمس کا موکل ہے اسکے بعد اپنا مطلب لکھیں جب بتی جلائیں گے تو پاس بیٹھ کر ۳۵۰۶ مرتبہ عزیمت پڑھیں، اسکے بعد دوسری بتیوں پر اعداد ستارہ۔ اور موکلات

میں تبدیلی کر کے الگ الگ لفافہ میں ڈال دیں اور پھر متعلقہ روز کی بتی جلائیں۔ انشاءاللہ سات یوم میں مراد حاصل ہو گی، عزیمت یہ ہے۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ

(یہاں ستارہ اور موکل نام لیں جو آپ کے عمل سے تعلق رکھتا ہے)

مُسَخِّرُ الْقَلْبِ فلاں (نام مطلوب مع والدہ) فی المحبت والمودۃ فلاں نام (طالب مع والدہ) بحق یا وَدُوْدُ (سورۃ اعراف آیت ۵۴)

۱۳: تکسیر عجمی مشہور ہے کہ عمل تسخیر شل الکبیر نایاب ہے یہ بالکل صحیح ہے لیکن عاملان جفر نے، جفر کے ذریعہ لوگوں کے دلوں پر حکومت کی ہے۔ تکسیر عجمی سنگدل محبوب کو رام کرنے یا کسی عزیز کو منانے کیلئے انتہائی مؤثر ہے قرآن زہرہ و مشتری، تثلیث یا تسدلیس زہرہ و مشتری، عاملین کے نزدیک ایک ایسا وقت ہے جو حب کے لئے تیر بہدف ہوتا ہے۔ اس عمل کو پوری صحت و احتیاط سے تیار کریں عمل اثر سے خالی نہیں ہے۔

طریق عمل (۱) نام طالب و مطلوب مع والدہ کو ایک سطر میں جدا جدا حروف سے لکھیں۔ اب دوسری سطر میں اسم زہرہ و مشتری کے حروف جدا جدا کر کے لکھیں۔ اب ان دونوں سطور کو امتزاج دیں پھر اس امتزاجی سطر کی تکسیر جفری کریں۔

۲ :۔ اس سطر زمام سے حروفِ نورانی الگ کریں۔ یاد رہے حروف نورانی جو چودہ ہیں وہ یہ ہیں۔

حروف نورانی :۔ ا ہ ح ط ی ک ل م ن س ع ص ق ر

۳ : امتزاج تکسیر کے اعداد نکال کر چار نقش مربع طبع عناصر کے مطابق تیار کریں اور چاروں کے اردگرد تکسیر نورانی کے حروف کلمات بناکر رکھیں۔ اگر تکسیر جفت حروف کی ہے تو چار، چار کے کلمات اگر طاق کی ہے تو پانچ پانچ کے کلمات بنائیں۔

۴ :۔ چاروں نقوش کے استعمال کا طریق یہ ہے کہ ایک نقش سفال آب نارسیدہ پر لکھکر طالب کے گھر میں دفن کریں تاکہ حرارت ملتی رہے، دوسرا نقش پاک رواں پانی کے کنارے مٹی کی کلیا میں ڈال کر موم سے منہ بند کرکے دفن کریں۔ تیسرا نقش کسی میوہ دار درخت کی شاخ سے باندھ دیں تاکہ ہوا سے ہلتا رہے، چوتھا نقش مطلوب کی رہ گزر میں دفن کریں۔

۵ :۔ عمل زہرہ و مشتری کی تثلیث یا تسدیس یا قران میں تیار کریں۔ دن جمعرات یا جمعہ کا ہو ساعت بھی زہرہ یا مشتری کی ہو انشاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر مطلوب حیران و پریشان حاضر ہوگا، اگر کسی وجہ سے حاضر خواہ مقصد حاصل نہ ہو تو سات نقش اور لکھیں (احتیاط کے طور پر پہلے عمل کی ایک نقل پاس رکھیں تاکہ اگر دوبارہ ضرورت پڑے تو نقش تیار کرنے میں دقت نہ ہو) اب پھر جب مشتری کا زہرہ سعد نظر آئے تو ہر ایک نقش کا ایک فتیلہ بنائیں) پھر فتیلہ پر مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا یا صاف و پاک روئی لپیٹیں اور

اسے خوشبودار تیل میں نئے چراغ گلی میں رکھ کر جلائیں پاس بیٹھکر مندرجہ ذیل عزیمت نام مطلوب مع والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھیں، بخور زہرہ ومشتری (بمطابق ساعت سیارہ) جلائیں۔

عزمت علیکم یا ملائکۃ الموکل علی الحروف والکواکب علی التکسیر (حروف نورانی کے کلمات کے آگے ائیل کا لفظ بڑھا کر موکل بنا کر یہاں تمام موکل لکھیں) اغثنی بقوۃ احرقوا القلب (یہاں نام مطلوب مع والدہ لیں) بمحبۃ والمودۃ (یہاں نام طالب مع والدہ لیں) احضر و مطلوب وجعا لا یفرقوا ابداً ابداً ابداً وکان اللہ غفوراً رحیماً

مثال	طالب	ظفر	مطلوب	حمیدہ
حروف اسماء		ظ ف ر		ح م ی د ہ
حروف کواکب		ز ہ ر ہ		م ش ت ر ی

امتزاج:- ظ ز ف ہ ر ر ح ہ م م ی ش د ت ر ی

اب ان حروف کی تکسیر جفری کریں گے تو بارہ سطور میں مکمل ہو گی۔ اسکے بعد تکسیر دوم حروف نورانی سے تیار کریں گے۔ ہماری دونوں مثالی تکسیریں یہ ہوں گی۔

قادری سعید

تکسیر اوّل

ظ	ز	ف	ه	ر	ر	ه	ه	م	م	ی	ش	د	ت	ه	ر	ی	سطر اول
ی	ظ	ر	ز	ه	ت	ت	ه	د	ر	ش	ر	ی	ه	م	ه	م	
م	ی	ه	ط	م	ر	ه	ز	ی	ه	ر	ف	ش	ت	ر	ه	د	
د	م	ه	ی	ر	ه	ت	ط	ش	م	ف	ر	ر	ه	ه	ز	ی	
ک	د	ز	م	ه	ه	ه	ی	ر	ر	ر	ه	ف	ت	م	ظ	ش	
ش	ی	ظ	د	م	ز	ت	م	ف	ه	ه	ه	ر	ه	ر	ی	ر	
ر	ش	ی	ی	ر	ظ	ه	د	ر	م	ه	ز	ه	ت	ه	م	ف	
ف	ر	م	ش	ه	ی	ت	ی	ه	ر	ز	ط	ه	ه	م	د	ر	
ز	ت	د	ر	م	م	ه	ش	ه	ه	ظ	ی	ز	ت	ر	ی	ه	
ه	ر	ی	ف	ر	د	ت	ر	ز	م	ی	م	ظ	ه	ه	ش	ه	
ه	ه	ش	ر	ح	ی	ه	ف	ظ	ر	م	د	ی	ت	م	ر	ت	
ز	ه	ر	ه	م	ش	ت	ر	ی	ه	د	ی	م	ه	ر	ف	ظ	سطر زمام
ظ	ز	ف	ه	ر	ر	ه	ه	م	م	ی	ش	د	ت	ه	ر	ی	سطر امام

مندرجہ بالا تکسیر سے یہ حروف نورانی حاصل ہوئے۔

ه د ه م ت ر ی ه ی م ه ر

اب ان تکسیر یہ ہوئی

ه	ر	ه	م	ت	ر	ی	ه	ی	م	ه	ر	سطر اول
ر	ه	ه	ر	م	ه	ی	م	ه	ت	ی	ر	
ر	ر	ی	ه	ت	ه	ه	ر	م	م	ی	ه	
ه	ر	ی	ر	م	ی	م	ه	ر	ت	ه	ه	
ه	ه	ه	ر	ت	ی	ر	ر	ه	م	م	ی	
ی	ه	م	ه	م	ه	ه	ر	ر	ت	ر	ی	
ی	ی	ر	ه	ت	م	ر	ه	ر	م	ه	ه	
ه	ی	ه	ی	م	ر	ر	ه	ه	ت	ر	م	
م	ه	ر	ک	ت	ه	ه	ی	ه	م	ر	ر	
ر	م	ر	ع	م	ر	ه	ک	ی	ت	ه	ه	سطر زمام
ه	ر	ه	م	ت	ر	ی	ه	ی	م	ه	ر	سطر امام

یہ تکسیر چونکہ ہفت حروف کی ہے اس لئے چار چار کے کلمات بنائے مثلاً سطر اوّل سے یہ کلمات ہوئے ھرھم تریھ یھمر موکلات یہ ہوئے ۔ ھرھمائیل تریھائیل یھمرائیل آپ اسی طریق پر ہر سطر سے کلمات اور موکلات استخراج کریں چونکہ مثالی امتزاجی تکسیر کے اعداد ۲۹۱۱۶ ہیں ۔

۲۹۱۱۶ — ۳۰ = ۲۹۰۸۶ ÷ ۴ = ۷۲۷۱، باقی ۲ ہیں چونکہ اس سطر میں حرف ب سب سے زیادہ اعداد رکھتا ہے اور بادی ہے اسلئے چار نقوش مربع ۷۲۷۱، خانہ بادی سے شروع کرکے پُر کریں گے ان کے ارد گرد حروف موکلات نورانی مندرجہ بالا لکھیں ۔ ان کے اعراب لگائیں اور مطابق طریق بادی ان نقوش کو استعمال کریں گے ۔

اس عمل کو شرف قمر میں جو عروج ماہ ہو تیار کرتے ہیں ۔

۱۴ ۔ حب | عمل پاک معطر لباس ، باوضو الگ بخور سے خوب مہکے ہوئے کمرہ میں بیٹھ کر استخراج کریں ۔

طریق :۔ سب سے پہلے نام طالب مع والدہ پھر مطلوب مع والدہ لکھکر بسط مسلم کریں اس سطر بسط کے نیچے یہ حروف جو تعداد میں اٹھائیس ۲۸ ہیں تحریر کریں ۔

ل ق د ج ا ا ک م رس ول م ن ان ف س ک م ع زی ز ع ل ی ہ

اب اوپر والی سطر کو اس سطر میں امتزاج دیں جس سطر سے حروف کم ہوں خواہ اوپر والی ہو یا نیچے والی ۔ کم والی سطر کو اوّل سے پھر لوٹ لیں ۔ یہاں تک کہ زیادہ سطر والی کے حروف ختم ہو جائیں ۔ اب ممتزج

سطر کو صدر موخر کریں سطر کے حرف اول و آخر لیکر ان کے آگے کلمہ آئیل بڑھائیں یہ نام موکل ہوگا۔ اب ان ہر دو حروف جنکے آگے کلمہ ائیل بڑھا کر موکل بنایا ہے کے اعداد نکال کر اس کا حرف یا حروف بنا کر آگے جسد پوش بڑھا دیں یہ نام اعوان کا ہے۔ اب نام موکل اور اعوان کا اس کاغذ کی پشت پر لکھو۔ اب نام طالب مع والدہ اور نام مطلوب مع والدہ اور یہ اٹھائیس ۲۸ حروف جنکے اعداد ۸۴۹ ہوتے ہیں لیکر مثلث آتشی رفتار سے پُر کریں۔ اب اس مثلث کے گرد اگرد یہ تمام حروف بھی لکھیں اور پشت پر نام موکل اور اعوان لکھیں۔ اور اس کے نیچے یہ عبارت تحریر کریں۔

اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اے (نام ملائکہ) اور اے (نام اعوان) تم کو مامور کیا جاتا ہے کہ فلاں کو (نام مطلوب) فوراً حاضر کرو جب تک مطلوب حاضر نہ کرو گے تم کو رہائی نہ ملے گی۔

اب اس نقش کو ایک بھاری پتھر کے نیچے محفوظ اور پاک مقام پر دبا دیں مطلوب سات دن میں دوڑا آئیگا۔

مثال   اسم طالب:۔ محمد سرور بن حمیدہ بی بی

اسم مطلوب:۔ شمیم بن اختر بانو

متعلقہ اٹھائیس حروف ل ق د ر ج ا ہ ک م ر س و ل م ن ا ل خ س ک م ع ز ی ز ع ل ی ہ چونکہ یہ کل ۵۶ حروف ہیں اب سطر طالب و مطلوب اور حروف کو امتزاج

دیا گیا تو یہ سطر ظاہر ہوئی

م ح م د س ر و ح م ی د ھ ب ی ب ی ش م ع ا خ ت ر ب
ان د ل ق د ج ا ا ک م ر س د ل م ن ا ن ف س ک م ع ز
ی ز ع ل ھ

سطر امتزاج یہ ہوئی :- م ل ح ق م د د ج س ا ر ا د ک ح م م ر ی س د و ھ
ل ب م ی ن ب ا ی ن ش ف م س ع ک ا م خ ع ت ز ر ی ب ز
اع ن ل د ھ۔

اسکی تکسیر کریں گے تو پندرہویں سطر میزان برآمد ہوگی میں سطر اول جو
سطر متمزج ہے اور سطر آخر کو درج کرتا ہوں تاکہ عمل کی وضاحت ہو سکے۔
سطر اول :- م ل ح ق م د د ج س ا ر ا و ک ح م م ر ی س د د ھ ل ب
م ی ن ب ا ی ن ش ف م س ع ک ا م خ ع ت ز ر ی ب ز ا ع ن ل د ھ
سطر آخر :- ل ق د ج ا ا ک م ر س د ل م ن ا ن ف س ک م ع ز ی ز ع ل ی
ھ د و ن ا ب ر ت خ ا ع م ش ی ب ی ب ی ھ د ی م ح ر و ر س د م ح م د۔

حروف سطر متمزج اول و آخر م : و

موکل	:	موائیل
اعوان	:	ومیوش
اعداد اسم طالب	:	۶۴۹
اعداد اسم مطلوب	:	۱۶۷۰
۳۸ حروف کے اعداد	:	۸۴۹
کل	:	۳۱۶۸

اب نقش تیار کیا تو یہ ہوا۔

۷۸۶

۱۰۵۹	۱۰۵۲	۱۰۵۷
۱۰۵۴	۱۰۵۶	۱۰۵۸
۱۰۵۵	۱۰۶۰	۱۰۵۳

اس نقش کے گرد اگرد سطر امتزاج کے ۵۶ حروف تحریر کریں اور پشت نقش پر نام موکل اور اعوان لکھ کر ان کے نیچے عبارت انہٗ سے الرحمن الرحیم تک اے موائیل اور اے دمیوش تم کو مامور کیا جاتا ہے۔ کہ شمع بانو بن اختر بانو کو فوراً حاضر کرو جب تک مطلوب کو حاضر نہ کروگے تم کو رہائی نہ ملے گی۔" اب اس نقش کو ایک بھاری پتھر کے نیچے محفوظ پاک جگہ دبا دیں۔ اگر ناکامی ہو تو آئندہ ماہ دوبارہ شرف قمر میں تیار کر کے استعمال کریں ناکامی نہ ہوگی۔

۱۵:۔ عمل حُب

یہ عمل میرے رازوں میں ایک راز تھا جسے پہلی مرتبہ با تفصیل بیان کیا جا رہا ہے۔ متلاشیٔ جفر اور حُب گزیدہ حضرات کیلئے ایک انمول ہیرا۔ اس عمل کو قرآن یا تثلیث مشتری وزہرہ یا قمر وزہرہ میں بنا کر استعمال کریں انشاء اللہ فوری تاثیر ظاہر ہوگی۔

عمل :۔ قرآن حکیم میں سورۃ طٰہٰ کی آیت والقیت علیک محبۃ منی ولتصنع علی عینی عملیات کی دنیا میں بہت مشہور ہے اساتذہ کرام نے اس سے متعدد کام لینے کے قواعد بیان کئے ہیں۔

اس عمل سے جن دو میاں بیوی میں سخت ناچاقی ہو بلکہ دو نفرت کرنے والے افراد اور حصولِ رشتہ کے خواہش مند حضرات کی توقعات بھی اسکی تاثیر سے بر آتی ہیں عمل کرتے وقت اس آیت مبارکہ کے دو حصّے کرتے ہیں حصہ اول میں نام طالب مع والدہ حصہ دوم میں نام مطلوب مع والدہ شامل کریں گے۔ نقش ذو الکتابت ہوگا۔ مثلاً طالب کا نام اولیس ہے۔ مطلوب کا نام ساجدہ ہے تو عمل یوں ہوگا۔

۱- طالب اولیس والقیت، علیک، محبۃ منی

اعداد : ۷۷ + ۵۴۷ + ۱۳۰ + ۵۵۰

۲- مطلوب ساجدہ ولتصنع علیٰ عینی

اعداد : ۷۳ ۶۴۶ ۱۱۰ ۱۴۰

اب دو نقش مربع آتشی وضع کیے تو یوں ہونگے انکے بطن میں نام و آیت ہیں۔

(۱)

۵۴۶	۵۴۸	۱۳۲	۷۸
۱۳۳	اولیس	والقیت	۵۴۷
۷۶	علیکَ	محبۃ منی	۵۴۸
۵۴۹	۵۴۹	۷۵	۱۳۱

(۲)

۶۴۵	۱۳۸	۱۱۲	۷۴
۱۱۳	ساجدہ	ولتصنع	۱۳۷
۷۲	علیٰ	عینی	۶۴۷
۱۳۹	۶۴۸	۷۱	۱۱۱

نقش کے خانہ نمبر ۱-۲-۳-۴ کو والقیت سے پُر کریں گے، والقیت کے عدد ۵۴۷ سے ایک عدد کم کر کے خانہ اول میں تحریر کریں اور ۵۴۶ ۵۴۷ - ۵۴۸ - ۵۴۹ لکھیں گے، ۵۴۷ ہندسہ کی جگہ ہم والقیت

تحریر کریں گے نقش کے خانہ ۵ - ۶ - ۷ - ۸ کو اولیس طالب مع والدہ سے پُر کریں گے۔ اولیس کے عدد ۷۷ سے ۲ عدد کم کر کے خانہ ۵ میں لکھکر پُر کریں گے ۷۵ - ۷۶ - ۷۷ - ۷۸ پُر کریں گے۔ ۷۷ کی جگہ اولیس نام آئیگا۔ نقش کے خانہ نمبر ۹ - ۱۰ - ۱۱ - ۱۲ کو علیک کے عدد سے پُر کریں گے یعنی عدد ۱۳۰ کو خانہ ۹ میں رکھیں گے اس طرح ۱۳۰ کی جگہ علیک لکھکر ۱۳۰ - ۱۳۲ - ۱۳۳ لکھیں گے نقش کے خانہ ۱۳ - ۱۴ - ۱۵ - ۱۶ کو محبتہ منی کے عدد سے پُر کرنا ہوگا۔ اسکے عدد ۵۵۰ میں سے ۳ عدد کم کر کے خانہ ۱۳ میں رکھیں گے، اور ۵۴۷ - ۵۴۸ - ۵۴۹ - ۵۵۰ کے عدد ان خانوں میں آجائیں گے۔ حرف ۵۵۰ کی جگہ محبتہ منی کا لفظ آئیگا۔ عین اسی طرح مطلوب کا نقش پُر ہوگا۔ ایک چاندی کی لوح لیکر انکے دونوں طرف نقش کندہ کریں اور ایک کاغذ پر لکھی دو نقش برابر زعفران سے لکھکر نیچے اس عزیمت کو لکھدیں چاندی کی لوح کے دونوں طرف جو عزیمت لکھی جائیگی وہ یہ ہے۔

اللھم یا من خلقت فی السماء الرابعة ملکا نصفه من ثلج ونصفه من نار فلا النار تذیب الثلج ولا الثلج یوانی النار وھو ینادی بلسان الاقتدار بدوح قدوس رب الملائکة والروح اللھم یا من الفت بین الثلج والنار بین قلوب عبادك (نام طالب مع والدہ و نام مطلوب) یا اللہ انك علی کل شیء قدیر

نقش کی لکریں قواعد کے مطابق قوله الحق وله الملك سے تیار کریں

چاروں موکل و خدام لکھیں۔ چاندی والے نقش کو گرم پانی میں گرم رکھیں۔ حتیٰ کہ مطلوب کا دل گرمی محبت سے پگھل جائے۔ اور دوسرا نقش کاغذ والا اسی طرح تہہ کریں کہ ایک نقش عین دوسرے پر آجائے۔ پھر تہہ کر کے اپنے گلے میں اس طرح لٹکائیں کہ نقش سینہ پر رہے اگر مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا مل جائے تو اس میں لپیٹ کر پھر تعویذ بنائیں۔

۱۶: عمل حُب اس عمل کو اس جگہ استعمال کریں جہاں میاں بیوی میں غلط فہمی کے باعث علیحدگی ہو چکی ہے اور حالات کے باعث ایک دوسرے سے مل نہیں سکتے۔ تو مل کر آئندہ زندگی کے متعلق علیحدگی میں بات چیت کی جا سکتی ہے وہاں باپ کی اولاد سے ناراضگی کو دور کرنے یا دو مخلص دوستوں میں کسی غلط فہمی کے باعث شکر رنجی ہو گئی ہو آپ ویسے ہی تجربہ کے طور پر یا اپنی نفسانی خواہش کے لئے کسی پردہ دار خاتون کو بلائیں گے تو عین ممکن ہے کہ لینے کے دینے پڑ جائیں۔ خواجہ نصیر الدین طوسی اس عمل کے عامل تھے۔ آپ نے فرخندہ خانم زوجہ چنگیز خاں کو اپنے اس عمل سے مسخر کیا تھا۔ صاحب مفتاح الجفر نے اس واقعہ کو بہت ہی بڑھا چڑھا کر لکھتا ہے۔ جو مبالغہ سے خالی نہیں۔ حقیقتاً خواجہ مرحوم ہفت در ہفت کے عامل تھے۔ اور ہفت در ہفت تسخیر کے واسطے بہت ہی سریع الاثر ہے عاملین نے ہفت در ہفت کو اکسیر تسلیم کیا ہے۔ اگر مکمل ترکیب سے کیا جائے تو بلا شبہ لعل سپید اور کبریت احمر ہے۔ یہ عمل اس وقت کیا جائے جب

قمر برج ثور میں آئے، شرفِ قمر کی ساعت میں اسکی تاثیر بہت زیادہ
ہوتی ہے۔ ترکیب عمل یہ ہے۔

کہ بوقت شرف قمر اسم طالب و مطلوب کے اعداد جمل کبیر سے استخراج
کر کے ۴۳۸ ۷ عدد زیادہ کریں پھر اس مجموعہ سے ۷ کم کریں۔ بقایا میں
سے ۱۶۸ کم کر کے ۷ پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت سے نقش ہفت در ہفت
پُر کریں۔ جب خانہ اول پُر کریں تو والشمس والقمر حسبانا ذالک
تقدیر العزیز الحکیم پڑھیں خانہ دوم پُر کرتے وقت سورۃ نجم کا
پہلا حصہ پڑھیں۔ جب تیسرا خانہ پُر کریں تب والقمر قدرنہ منازل
حتی عاد کالعرجون القدیم پڑھیں باقی ہر خانہ پُر کرتے وقت لاحول ولا
قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھیں۔ جب نقش تیار ہو جائے۔ یہ۔ ت
حروف بخط یونانی نقش کے ارد گرد لکھیں۔ ہفت در ہفت کی کسرات
پُر کرنے کا طریق یہ ہے ایک باقی ہو تو خانہ ۴۳ میں، ۲ ہوں تو خانہ
۳۶ میں ۳ باقی رہیں تو خانہ ۲۹، ۴ ہوں تو خانہ ۲۲ میں۔ ۵ ہوں
تو خانہ ۱۵ اور اگر ۶ باقی رہیں تب خانہ ۸ میں ایک کا اضافہ کریں گے
نقش کے اضلاع قولہ الحق ولہ الملک سے تیار کریں چاروں موکل
اور خدام لکھیں۔ جب نقش مکمل ہو جائے تب اس نقش کو سورۃ الفجر میں
رکھدیں اگر پہلے روز مطلوب نہ آئے تو پھر ان سات عددوں میں سے
جو آپ نے اصل میزان سے کم کیئے تھے ایک عدد لیکر اور میزان میں
بڑھا کر نقش ہفت در ہفت پُر کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ سات عدد پورے

نہ ہونگے کہ مطلوب حاصل ہوگا متبرد بار کا آزمودہ عمل ہے۔ جو حروف نقش
کے اردگرد لکھے جائینگے وہ یہ ہیں۔

ولعل دنخعش سفرعسی یوھہ کا سطح اول مہمائی غ خود بیچ بر بیچ
سمحوا یاحافظ یا ودود یہ حروف اسی طرح لکھ دیں اعراب لگانے کی ضرورت
نہیں ہے۔ نقش زعفران سے پُر کریں۔ لکھتے وقت منہ میں مصری اور کوئی
خوشبودار چیز آگ پر ضرور جلائیں، رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے نقش
پُر کریں۔ رفتار نقش یہ ہے۔

۳۲	۳۸	۴۴	۱	۱۴	۲۰	۲۶
۴۰	۴۶	۳	۹	۱۵	۲۸	۳۴
۴۸	۵	۱۱	۱۷	۲۳	۲۹	۴۲
۷	۱۳	۱۹	۲۵	۳۱	۳۷	۴۳
۸	۲۱	۲۷	۳۳	۳۹	۴۵	۲
۱۶	۲۲	۳۵	۴۱	۴۷	۴	۱۰
۲۴	۳۰	۳۶	۴۹	۶	۱۲	۱۸

۱۷۔ عمل حُب

علم جفر میں حروف بنیات کا طریق ایک مؤثر ترین قاعدہ تسلیم کیا جاتا ہے۔ ہم ان حروف کی تشریح تو نہیں کرتے
حُب میں کام لینے کا طریق بیان کرتے ہیں۔

طریق اسم مطلوب مع والدہ اور اسم طالب مع والدہ کو مفرد طریق پر لکھیں

اب اس سطر کے آگے یہ آٹھ حروف اور بڑھائیں۔ ا ۔ ف ۔ و ۔
ل ۔ د ۔ ن ۔ م ۔ ب

اب اس سطر کی تکسیر جفری کریں جب تکسیر کامل ہو جائے تو سطر اول کو کاٹ کر اس نمبر ایک نمبر لگا دیں۔ درمیانی سطور پر ۲ اور زمام پر ۳ لگائیں۔ اب سطر ۱ کو پہلے روز۔

نمبر ۲ کو دوسرے روز اور نمبر ۳ کو تیسرے روز بعد از عشاء سعد وقت میں مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے میں لپیٹ کر چنبیلی کے تیل سے تر کر کے جلائیں اگر کپڑا مطلوب میسر نہ آئے تو پاکیزہ روئی لپیٹ لیں اور مٹی کے نئے کورے چراغ میں رکھکر اس کا رخ خانہ مطلوب کی طرف رکھکر جلائیں اور خود پاس بیٹھ کر اسم مطلوب کے اعداد کے مطابق اسم وَدُودُ پڑھا کریں، عروج ماہ میں یہ عمل قمر و زہرہ کی تثلیث یا تسدیس میں زعفران و عرق گلاب سے تیار کردہ سیاہی سے تحریر کریں، تیاری عمل کے دوران دونوں سیارگان کا بخور سلگائیں۔ رات جب چراغ جلا کر پڑھیں تب صرف کوئی اچھی سی اگربتی سلگائیں۔

مثال شاہد الیاس سلیمی حروف جو آگے بڑھانا ہیں۔ ا ف د
ل د ن م ب

سطر اوّل روز اوّل
س اھ دال ی اس ل ی م ی اف ول دن م ب

درمیانی سطور دوسرے روز

ب ش م ا ن ھ د دال ادل ف ی ای س م س ی ل
ل ب ی ش س م م اس ن ی ھ ا د ا دی ل ف ال و
ول ل ب ای ف ش ل س ی م دم اا وس ا ن ھ ی
ی وھ ل ن ل ال اب س ادی اف اش م ل وس م ی
ی ی م وس ھ دل ل ن م ل اا ب ف س اا ی د
د ی ی ی ا م ا وس س اف ھ ب دال ال ش ن ل م
م دل ی ن ی ی ش ی ل اا م ل اا ود س ب س ھ ت
ت م ھ وس ل ب ی س ن دی دش ای ال ل ام ا
اف م م اھ ل ول ال ی ب ای ش س ون ی د
دا ی ف ن م دم س اش ھ ی ل ادب ل ی س ل د
ادل اس ی ی ف ل ن ب م د م ل س اھ ش

تمام تیسرے روز

میزان سطر آخر
ش اھ دال ی اس س ل ی م ی اف ول دن م ب

۱۸:- عمل نادرہ حب

یہ عمل ایک بزرگ عامل کا عطیہ ہے وہ اپنی زندگی میں حب کبھی کسی کو تیار کر کے دیتے تھے ہزاروں سے کم فیس نہ لیتے۔ وہ بزرگ میرے خاص مہربان تھے ایک ملاقات پر از خود یہ عمل انہوں نے تعلیم فرمایا۔ جو تجربہ کی کسوٹی پر پورا اترا ہے۔ اس عمل کو اب پوری وضاحت سے بیان کئے دیتا ہوں تاکہ طالب علم کو کوئی پریشانی نہ اٹھانا پڑے۔ یہ عمل اعداد، تحایہ کو ضرب فی نقسیم

دیگر تیار کیا جاتا ہے طریق یہ ہے۔

(۱) اعداد نام طالب مع والدہ میں ۲۲۰ کو ضرب دیں۔ اب اس حاصل ضرب کو مزید ۵۰۴ سے ضرب دے کر ایک نقش مثلث آتشی تیار کریں۔

۲۔ اعداد نام مطلوب مع والدہ میں ۲۸۴ کو ضرب دیں۔ اب اس حاصل ضرب کو پھر ۵۰۴ میں ضرب دے کر ایک نقش خاکی تیار کریں۔

یہ عمل عروج ماہ میں قمر و زہرہ کی تثلیث یا تسدیس میں زعفران و گلاب سے تیار کردہ سیاہی سے تحریر کریں بخور صندل و لوبان سلگا۔ تنہا اور پاکیزہ و معطر جگہ رو بہ قبلہ ہو کر سارا کام کریں۔ اگر مطلوب تک رسائی ہو تو مذکورہ بالا طریق سے دو نقش مثلث "آبی" تیار کریں اور مطلوب کو پلائیں اگر ایسا ممکن نہ ہو تو پہلے طریق پر دو نقش تیار کریں ایک طالب کو پاس رکھنے کو دیں دوسرا مطلوب کی رہگذر میں دفن کرنے کی ہدایت کریں انشاء اللہ تعالٰے فوراً اثر ہو گا۔

مثال: مطلوب ساجدہ بنت خورشید اعداد = ۱۱۹۵

طالب محمد سرور بن حمیدہ = ۶۲۵

اعداد مطلوب کو ۲۸۴ سے ضرب دیں تو ۱۱۹۵ + ۲۸۴ = ۳۳۹۲۸۰ ہوئے اب انہیں ۵۰۴ سے ضرب دی تو ۱۷۱۰۴۷۵۲۰ ہوئے قانون سے ۱۲ کم کئے تو باقی رہے ۔ ۱۷۱۰۴۷۵۰۸ ÷ ۳ کیا تو ۵۷۰۱۵۸۳۵ باقی ۲ رہے یہ کسر خانہ ۲ میں پُر کریں

اعداد طالب = ۶۲۵ کو ۲۲۰ سے ضرب دی تو ۳۷۵۰۰ ہوئے انہیں

۵۰۴ سے مزید ضرب دی تو ۶۹۴۰۰۰۰۰ ہوئے قانون کے ۱۲ عدد کم کئے تو ۶۹۳۹۹۹۸۸ ہوئے ۳ پر تقسیم کیا تو ۲۳۱۳۳۳۲۹ ہوئے باقی ا ہی یہ کسر خانہ ۱ میں پُر کریں گے۔

اب نقش طالب جو مثلث آتشی ہے یہ ہوا۔۔۔۔

۷۸۶

۲۳۱۳۳۳۴	۲۳۱۳۳۲۹	۲۳۱۳۳۳۷
۲۳۱۳۳۳۶	۲۳۱۳۳۳۳	۲۳۱۳۳۳۱
۲۳۱۳۳۳۰	۲۳۱۳۳۳۸	۲۳۱۳۳۳۲

نقش مطلوب یہ ہوا۔

۷۸۶

۵۷۰۱۵۸۳۶	۵۷۰۱۵۸۴۴	۵۷۰۱۵۸۳۹
۵۷۰۱۵۸۴۲	۵۷۰۱۵۸۴۰	۵۷۰۱۵۸۳۷
۵۷۰۱۵۰۴۱	۵۷۰۱۵۸۳۵	۵۰۰۱۵۸۴۳

عمل ۱۸ ۔ لاجواب عمل حُب

یہ عمل آج سے کوئی تینتیس ۳۳ برس قبل ایک مشہور سکھ بزرگ مانک سنگھ جفار جو ایران میں مقیم تھے نے بذریعہ خط التعلیم کیا تھا۔ غالباً فلکیات ۱۹۷۴ء کے شمارہ نے انہوں نے اسے پھر تفصیل سے طبع بھی کرایا تھا۔ ایک علم دوست انسان نے جس بخل شکنی کی بے مثال روایت کو قائم کیا اسے دیکھتے ہوئے میں بھی اسے بغیر کچھ چھپائے پوری وضاحت سے سمجھائے دیتا ہوں تاکہ ہر ضرورت مند اس سے فائدہ اٹھا سکے۔

(۱) اسم طالب مع والدہ کے اعداد میں عدد جاذب جمع کر کے عدد حبیب سے

ضرب دیں ۲۔ اسم مطلوب مع والدہ کے اعداد میں عدد مجذوب جمع کر کے عدد مطیع سے ضرب دیں پھر عدد آیت والقیت تا علنی کے اعداد لیکر ان تینوں کو جمع کریں۔

۲ د (ا) اب محبت کو ۱۹ سے ضرب دیں (ii) شدید کو ۱۵ سے ضرب دیں اب اس مجموعہ کو جمع کریں۔ اور انہیں مربع میں پُر کریں۔ مثال

ا اعداد طالب مع والدہ ۱۷۱۵

" مطلوب مع والدہ ۶۱۰

" جاذب = ۷۰۶ مجذوب ۷۵۱

" حبیب = ۲۲ مطیع ۱۲۹

ب طالب = ۱۷۱۵ + عدد جاذب ۷۰۶ = ۲۴۲۱ + عدد حبیب ۲۲ = ۵۳۲۶۲

مطلوب ۶۱۰ + عدد مجذوب ۷۵۱ = ۱۳۶۱ + عدد مطیع ۱۲۹ = ۱۷۵۵۶۹

عدد آیت مبارکہ والقیت محبت منی تا علنی = ۲۱۲۳

تینوں اعداد کو جمع کیا = ۲۱۲۳ + ۱۷۵۵۶۹ + ۵۳۲۶۲ = ۲۳۰۹۵۴

لفظ محبت = ۴۵۰ × ۱۹ = ۸۵۵۰

لفظ شدید = ۳۱۸ × ۱۵ = ۴۷۷۰

(۲) ہر دو کا مجموعہ ۸۵۵۰ + ۴۷۷۰ = ۱۳۳۲۰

(ا سے (۲) کے مجموعہ کو تفریق کیا = ۲۳۰۹۵۴

۱۳۳۲۰

باقی ۲۱۷۶۳۴

مربع پُر کرنے کیلئے عام قاعدہ سے ہٹ کر صرف ۴ پر تقسیم کیا گیا ہے ۔

۴ | ۲۱۷۶۳۴ = ۵۴۴۰۸
۲۰
۱۷
۱۶
۱۶
۱۶
۳۴
۳۲
۲ باقی

اب خانہ جات نقش اس طرح ہونگے ۔
نقش مربع آتشی ہوگا ۔

خانہ ۱ ۵۴۴۰۸
عدد محبت ۴۵۰
خانہ ۲ ۵۴۸۵۸
عدد محبت ۴۵۰
خانہ ۳ ۵۵۳۰۸
عدد شدید ۳۱۸
خانہ ۴ ۵۵۶۲۶
عدد شدید ۳۱۸
خانہ ۵ ۵۵۹۴۴
عدد محبت ۴۵۰
خانہ ۶ ۵۶۳۹۴
عدد محبت ۴۵۰
خانہ ۷ ۵۶۸۴۴
عدد شدید ۳۱۸
خانہ ۸ ۵۷۱۶۲
عدد شدید ۳۱۸
خانہ ۹ ۵۷۴۸۰
عدد محبت ۴۵۰
خانہ ۱۰ ۵۷۹۳۰
عدد محبت ۴۵۰
خانہ ۱۱ ۵۸۳۸۰
عدد شدید ۳۱۸
خانہ ۱۲ ۵۸۶۹۸
عدد شدید ۳۱۸
خانہ ۱۳ ۵۹۰۱۶
عدد محبت ۴۵۰
خانہ ۱۴ ۵۹۴۶۶
عدد محبت ۴۵۰
خانہ ۱۵ ۵۹۹۱۶
عدد شدید ۳۱۸
خانہ ۱۶ ۶۰۲۳۴
عدد شدید ۳۱۸
۶۰۵۵۲

اس نقش میں کسر نہیں ڈالی جائیگی
نقش مثالی یہ ہوا ۔

۵۷۴۸۰	۵۸۶۹۸	۵۹۹۱۶	۵۴۸۵۸
۵۹۴۶۶	۵۵۳۰۸	۵۷۱۶۲	۵۹۰۱۶
۵۵۶۲۶	۶۰۵۵۲	۵۷۹۳۰	۵۶۸۴۴
۵۸۳۸۰	۵۶۳۹۴	۵۵۹۴۴	۶۰۲۳۴

نقش کا احسنت قولہ الحق ولہ الملک سے قائم کر کے چار موکلات اور خدام تحریر کریں گے۔ نقش عروج ماہ میں قمر و زہرہ کی تثلیث یا تسدیس میں یا توچندی جمعرات کو ساعت زہرہ میں بشرطیکہ اس روز قمر در عقرب نہ ہو۔ زعفران و عرق گلاب کی سیاہی سے بخور زہرہ کا سلگا کر لکھا، پاک و معطر لباس پہن کر تیار کریں، نقش تیار ہونے پر اعداد مطلوب کے موافق اس پر وہی آیت یعنی والقیت سے علینی تک پڑھکر بند کریں اور سبز ریشمی نئے کپڑے میں سلائی کر کے طالب اپنے پاس رکھے، بہتر ہوگا۔ بازو راست کے باندھے انشاء اللہ مطلوب حاضر ہو کر معافی کا خواستگار ہوگا

۱۹:۔ یہ عمل کسی کو اپنی جائز محبت میں بیقرار کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔ علمائے جفر نے اس کی بہت تعریف کی ہے قدیم اساتذہ عظام نے حروف آتشی، بادی، آبی، خاکی کو جس طرح تقسیم کیا ہے بعض علمائے متاخرین نے اسمیں اختلاف بھی کیا ہے ان کے نزدیک حروف کی تقسیم کچھ یوں ہے۔

حروف آتشی:۔ ا ۔ و ۔ ی ۔ ل ۔ م ۔ ن ۔ ع

حروف بادی:۔ ج ۔ ز ۔ ک ۔ س ۔ ف ۔ ش ۔ ح

حروف آبی:۔ ت ۔ ذ ۔ ز ۔ ش ۔ ص ۔ ط ۔ ہ

حروف خاکی:۔ ب ۔ د (دال) ق ۔ خ ۔ ظ ۔ غ

ان حروف سے کام لینے کا ارادہ ہو تو اپنا صحیح نام مع والدہ تحریر کریں، اب ان ناموں کے حروف کو چاروں طرح حروف میں تقسیم

کر کے ہر حرف کو اسکے مرتبہ میں شامل کر کے جس ترتیب سے اوپر درج کئے ہیں اپنے نام کو بھی اسمیں شامل کریں ۔

مثلاً عبداللہ بن اختری کیلئے عمل ہے تو

ع ، ب ، د ، ا ، ل ، ل ، ہ ، ا خ ت ر ی ان میں آتشی حروف یہ ہیں

ا ۔ ا ۔ ع ۔ ی ۔ ل ۔ ل ۔ اور تقسیم بالا سے آتشی حروف یہ ہیں

ا ۔ و ۔ ی ۔ ل ۔ م ۔ ن ۔ ع ۔ اب ہمیں ان حروف کو مرکب کرنا ہے تو یہ مرکب صورت ہوئی ۔

هيىعاللو ا ا ۔ صرف دو الف مرکب نہیں ہو سکے ، اسی طرح مرکب سطر تیار کریں جب چاروں مرکب آپ تیار کر چکیں تو علیحدہ اس شکل مرکب کو پندرہ کی تعداد میں سفید کاغذ پر نقل کریں ۔ یعنی پندرہ نقش آتشی پندرہ آبی ، پندرہ بادی پندرہ خاکی (یہ کل تعداد ساٹھ ہوتی) آتشی پندرہ نقش جلا دیں ، بادی پندرہ نقوش اکٹھے ایک جگہ کر کے کسی اونچے پھلدار درخت پر باندھ دیں ۔ آبی پندرہ نقوش گولیاں بنا کر آٹے میں میں لپیٹ کر ایسے پانی میں بہا دیں جسمیں مچھلیاں ہوں ، خاکی والے پندرہ نقش زمین میں دفن کر دیں ۔ اس طرح پندرہ یوم کیا کریں ۔ انشاء اللہ تعالے ان پندرہ یوم میں کامیابی ہو گی ۔ عمل عروج ماہ میں کسی سعد ساعت میں تیار کریں ، نقش تحریر کرنے کا کوئی خاص وقت نہیں ہے البتہ باوضو پاکیزہ جگہ ہونا ضروری ہے باقی کوئی خاص پرہیز نہیں ہے ۔

۲۰ ۔ کسی آدمی سے کام ہو اور یہ خیال ہو کہ شاید وہ توجہ نہ دے تو علم جفر

کے اس آسان اور سادہ سے طریق کو آزمائیں اپنا نام مع والدہ اور اس شخص کا نام مع والدہ جس سے آپ کو مطلب ہے ان کو علیحدہ علیحدہ حرفوں میں لکھکر ان سے حروف نورانی اور حروف ظلمانی الگ کرلیں ۔

حروف نورانی یہ ہیں ۔ ا ہ ح ط ی ک ل م ن س ع ص ق ر

حروف ظلمانی یہ ہیں ۔ غ ۔ض ۔ش ۔ ج ۔ ث ۔ ب ۔ ت ۔ خ ۔ ذ ۔ د ۔

ز ۔ و ۔ ف ۔ ظ

اب ان دونوں قسم کے حروف کے اعداد علیحدہ علیحدہ کرکے بقایا نقش مثلث آتشی میں پُر کریں ۔ جب دونوں مثلث پُر ہوجائیں تو خانہ ۳ اور خانہ ۶ اور ۹ میں جو اعداد ہوں انکے حروف بناکر اسکے آگے کلمہ ائیل بڑھادیں تو یہ نام موکل ہوگا ۔ موکل کا نام انہی خانوں میں اعداد کے نیچے لکھیں ۔ اب سرب کی تختی سوا دو انچ (۲ ۱/۴) چوڑائی اور سوا دو (۲ ۱/۴) انچ لمبی (مربع جو ہر طرف سے سوا دو انچ ہو) اسکی سطح ہموار ہو اس کی ایک جانب ایک مثلث اور دوسری جانب دوسری مثلث کی نوک دار لوہے کی چیز سے کندہ کریں پھر چولہے میں اس طرح گاڑھ دیں کہ یہ لوح ہر وقت گرم رہے اس بات کی کوشش کریں کہ ہفتہ بھر یہ لوح ہر وقت گرم رہے اس عمل کو تثلیث یا قرآن زھرہ و مشتری یا تثلیث قمر و شمس میں کریں رفتار نقش یہ ہے

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

۲۱:۔ اسمائے الٰہی سے عملیات میں کام لینے کے طریق بزرگوں نے بہت سے وضع کئے ہیں۔ میں نے اس کتاب کے ابتدا میں چند طریق جو بہت مشہور ہیں دیئے ہیں۔ زیر نظر طریق بزرگوں کا خاص طریق ہے جو جائز مقصد کو پورا کرنے میں سریع الاثر تسلیم کیا گیا ہے۔ یہ سات اسماء حسنیٰ یا خبیرُ یا صالحُ یا ضارُ یا طاھرُ یا ظاھرُ یا قیومُ یا غنی میں ان کے اعداد ابجد قمری سے ۶۹۹۳ بنتے ہیں۔

۲۱۹	۲۲۳۵	۸۷۳
۱۴۵۵		۲۰۴۴
۱۷۵۴	۱۱۶۴	۵۸۴

اس نقش کو چاندی رات ہی زعفران وعرق گلاب کی تیار کردہ سیاہی سے الگ باوضو تنہا اور معطر کمرہ میں بیٹھ کر صندل سلگا کر سفید کاغذ پر لکھیں یاد رہے نقش کے اضلاع قولہ الحق ولہ الملک اور چاروں طرف موکلات اور خدام ضرور لکھیں عام طور پر جو نقش جیسا کہ اوپر دیا گیا ہے۔ اسے علمی طور پر ننگا نقش شمار کرتے ہیں خانہ خالی ہیں مختصر طریق پر اپنا مقصد باریک باریک تحریر کریں۔ یعنی یوں لکھیں گے۔

"یا الہ العالمین اس نقش معظم کے طفیل میرا یہ مقصد پورا فرما" مقصد ۱،۲ آپ اپنا منشا شادی چاہتا ہے۔ اور تنگی قرض ہو، تنخواہ میں ترقی ہو ۔۔۔۔۔ لکھیں گے۔ اب نقش سامنے رکھ کر اول و آخر ۱۱۔۱۱ بار

درود شریف۔ ننانوے مرتبہ یہی سات اسماء الہٰی پڑھکر نقش پر دم کر کے ہاتھ اٹھا کر اپنے مقصد کی دعا کریں۔ اب نقش کو تہہ کر کے محفوظ رکھیں۔ اب بعد از نماز مغرب روزانہ اول و آخر ا۔ ا بار درود شریف اور یہ اسماء الہٰی ننانوے بار پڑھا کریں ایسا صرف تیرہ یوم تک کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ ان دنوں میں ہی آپ کا مطلب پورا ہو جائے گا۔

۲۲: عمل حُب تثلیث زہرہ و مریخ

عملیاتی دنیا میں یہ طریق بے حد موثر تسلیم کیا گیا ہے استاد محترم قبلہ حضرت کاشف البرنی مرحوم و مغفور نے ۱۹۷۰ء میں عطا فرمایا تھا اسکے بعد انہوں یہ طریق اپنے رسالہ روحانی دنیا کراچی میں بھی دیا تھا۔

طریق عمل یہ ہے کہ باوضو معطر لباس پہن کر تنہا اور پاک و مصفیٰ کمرہ میں جو بخورات سے مہکا ہوا ہو میں بیٹھکر زعفران کی تیار کردہ سیاہی سے سفید کاغذ پر یہ عمل اس طرح تیار کریں کہ نام طالب مع والدہ اور نام مطلوب مع والدہ میں ۱۲۹۳ اعداد جمع کر کے ایک نقش مربع آتشی استخراج کریں اس نقش کے نیچے یہ عزیمت لکھیں۔ اَللّٰھُمَّ یَا ھَادِیُ اِھدِ بِیْ قلب و فواد (یہاں نام مطلوب مع والدہ) فی المحبۃ والمودۃ (یہاں نام طالب مع والدہ) حَعَلَفُہ طوع یدای بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح۔

پھر اکیس عدد کوری ٹھیکریاں جو پہلے سے پاس رکھی ہوئی ہوں

میں ان پر یہ آیت مبارکہ یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ کو لکھیں اس آیت کے نیچے والی عزیمت بھی تحریر کریں کالی سیاہی یا کسی رائج الوقت روشنائی سے لکھ سکتے ہیں۔ اب ان ٹھیکریوں کو محفوظ لیں پہلے دن ایک ٹھیکری کو آگ میں ڈالیں اور اتنی دیر رکھیں کہ حروف ختم ہو جائیں جب تک آگ میں رکھیں پاس بیٹھکر یہی آیت مبارکہ پڑھتے رہیں، جب حروف بالکل ختم ہو جائیں تب اس ٹھیکری کو نکال کر کسی دریا یا کنویں یا پانی میں ڈال دیں۔ روزانہ ایسا ہی کریں۔ دوسرے دن اپنی فرصت کا ایک وقت مقرر کر لیں۔ مدت عمل صرف اکیس ۲۱ یوم ہے تصور یہ ہو کہ میرا مطلوب دست بستہ کھڑا میرے حکم کی تعمیل کی التجا کر رہا ہے۔ آپ یہ عمل کسی دوسرے شخص کو بھی تیار کر دے سکتے ہیں ٹھیکریاں بھی اسے تیار کر کے دیں تاکہ وہ خود گرم کرے اور پانی میں ڈالے ٹھیکریوں کی بجائے کسی شرینی یا پانی پر بھی دم کر کے دیا جا سکتا ہے بشرطیکہ مطلوب کو کھلایا پلایا جا سکتا ہو۔ ایسی صورت میں ۴۹۳ بار آیت مذکورہ پڑھکر دم کر کے دیں گے۔

۲۳۔ بسط التقصیف حرفی

یہ عمل تثلیث زہرہ و مشتری یا قمر و زہرہ کی تثلیث میں بھی مؤثر ہے۔

قاعدہ یہ ہے کہ اپنے نام کے حروف اور اپنی والدہ کے نام کے حروف اور جو دن ہو اس دن کے حروف اور آپ جس ستارے کی ساعت میں کام کر رہے ہوں اس ستارے کے حروف بسط مسلم میں لکھیں اب جو

مقصد ہے کو مختصر کر کے لبسط مسلم میں لکھیں مثلاً راحیلہ کو اپنی محبت میں
گرفتار کرنا مقصود ہے تو محبت راحیلہ کر کے لکھیں گے اسی طرح دیگر
مقاصد کو بھی سمجھیں، جب ان سب ناموں کو لبسط مسلم میں لکھ لیں تو سب
حرفوں کو لبسط تفعیت حرفی کرلیں یعنی ہر حرف کی جگہ اگلا حرف لیں مثلاً
ل کی جگہ م۔ اور م کی جگہ ن ہو گا۔ علی ہذا القیاس۔ جب یہ لائن تیار ہو
جائے تو اس کو تخلیص کریں یعنی مکرر حروف نکال دیں۔ اور بقایا حروف
کی ایک سطر بنا کر اسکی تکسیر جفری کر کے زمام برآمد کریں۔ اُوپر والی لائن
الگ درمیانی سطور الگ سطر زمام الگ کر کے تین بتیاں بنالیں۔ اب سہ راہا
رجہاں تین اطراف سے سڑک بادراستہ آکر ملتے ہوں) سے تھوڑی سی مٹی لے
آئیں اور اس میں مزید چکنی مٹی ملا کر ایک ایسا چراغ تیار کریں جس میں تین
طرف سے بتی کا رخ ہو اب اس چراغ کو خوب خشک کرلیں سوکھ جانے
کے بعد اس چراغ کے اندر کسی نوکدار لوہے کی چیز سے وہ تمام حروف کندہ
کریں جس سطر کے بعد تخلیص کر کے آپ نے تکسیر جفری کی ہے اب اس چراغ
میں چنبیلی کا تیل بھر کر وہ تینوں تیار شدہ بتیاں اس چراغ میں رکھ دیں
ایک بتی کا رخ جنوب کو ایک کا شمال کو اور تیسری کا مشرق کو ہو مغربی
سمت چھوڑ دینا ہے کاغذ کی بتیوں پر زیادہ دیر اور عمدہ طریق پر جلانے
کیلئے ان پر پاکیزہ کپڑا لپیٹ لو۔ تاکہ جلنے میں آسانی ہو، اب جس سطر کی
آپ نے تکسیر جفری کی ہے اس کا اول و آخر حرف لے کر اسکے آگے کلا ئیل
بڑھادیں، اب اس چراغ کو اُس ساعت میں روشن کریں جس ساعت میں

آپ نے اپنے حروف کو لبسط مسلم کیا تھا۔ جب بتیاں جلنے لگیں تو تین سو تینتیس ۳۳۳ مرتبہ اس نام کو پڑھیں جو آپ نے اس لائن کے اول و آخر حروف اور لفظ ائیل بڑھا کر بنایا ہے آپ کی لپشت مشرق کو ہو اور منہ مغرب کو رکھیں۔ جب یہ تعداد ختم ہو چکے تو بتیاں بجھا کر احتیاط سے رکھ دیں پھر دوسرے دن اسی ساعت میں وہی نام اتنی مرتبہ پڑھیں، اس طرح تین یا تیرہ ۱۳ حد تینتیس ۳۳ یوم میں کامیابی ہوگی۔ عمل ختم کرنے کے بعد کہیں اے موکل فلاں میرا یہ کام جلد کرو، جلد کرو، جلد کرو، یہاں کام کی جگہ مقصد کا نام لیں گے یعنی ک احمد کو میری محبت میں والہانہ بے قرار جلد کرو جلد کرو جلد کرو۔ انشاء اللہ تعالیٰ تیرہ دنوں میں لازمی کامیابی ہوگی۔

۴۔۲: عمل تثلیث زہرہ و مشتری

اس وقت تسخیر مطلوب کے عمل میں سو فیصد کامیابی ہوتی ہے بشرطیکہ عمل کے استخراج اور پابندی وقت کو ملحوظ رکھا جائے، زیر نظر عمل بہت سے اساتذہ عظام نے اپنے اپنے انداز میں حل کر کے اس سے کام لیا ہے مجھے جس طرح استادِ محترم نے تعلیم فرمایا ہے لیے پوری وضاحت سے بیان کئے دیتا ہوں۔ آسان اور مؤثر قاعدہ ہے۔ طریقہ۔ نام طالب مع والدہ اور نام مطلوب مع والدہ کے الگ الگ اعداد لیں۔ اب تسخیر قلب کے اعداد بھی لیں۔ اور اسم بُدّوح کے بھی مثلاً طالب کا نام شاہد اور مطلوب کا نام شہناز ہے میں نے نام مع والدہ نہیں لیا آپ والدہ کا نام بھی ضرور لیں۔ مثلاً طالب شاہد کے اعداد ۳۱۰ مطلوب شہناز کے ۳۶۲

اور تسخیر قلب کے اعداد ۲۰۴ اور بدوح کے ۲۲ ہیں اب ایک نقش مربع ذیل کی رفتار کے موافق زعفران و عرق گلاب کی تیار کردہ سیاہی سے تحریر کریں بخورات ہر دو سیارگان کا سلگا نا ہوگا یہ سب کا کام باوضو معطر لباس۔ الگ اور پاک وصاف جو خوشبو سے خوب مہکی ہوئی ہو میں بیٹھ کر لکھیں۔

رفتار نقش

طریقہ یہ ہے کہ خانہ ۱-۲-۳-۴ میں مطلوب کے اعداد پُر کریں گے ہر خانہ کے اعداد میں ۲۲ کا اضافہ کرکے لکھیں گے۔ مثال کے عدد یہ ہونگے

۱۳	۱۰	۷	۴
۳	۸	۹	۱۴
۱۱	۱۵	۲	۵
۶	۱	۱۶	۱۱

ہونگے ۳۶۲ - ۳۸۵ - ۴۰۷ - ۴۲۹ - اب خانہ ۵-۶-۷-۸ میں طالب کے اعداد ۲۲ کے اضافہ سے پُر کریں گے جو یہ ہونگے ۳۱۰ - ۳۳۲ - ۳۵۴، ۳۷۶ -

اب تسخیر قلب کے اعداد ۲۰۴ - ۲۲۶ - ۲۴۸ - ۲۷۰ کو خانہ ۹ - ۱۰ - ۱۱ - ۱۲ میں لکھیں گے -

اب بدوح کے اعداد ۲۰ - ۴۲ - ۶۴ - ۸۶ کو خانہ ۱۳ - ۱۴ - ۱۵ - ۱۶ میں تحریر کریں۔

لو نقش پُر ہو گیا - اب اس نقش کے نیچے مطلب مثالی نقش یہ ہوا -

۷۸۶

۲۰	۱۴۲۴	۳۵۴	۴۲۹
۴۰۷	۳۷۶	۱۴۰۲	۴۲
۱۴۶۸	۶۴	۳۸۵	۳۱۰
۳۳۲	۳۶۳	۸۶	۱۴۴۶

شہناز کا قلب شاہد کیلئے تسخیر ہو سکتی یا بدوح یا بدوح یا بدوح
ایسے دو نقش تیار کریں ایک طالب کو دیں کہ وہ اپنے پاس رکھے دوسرا
نقش عنصر کے موافق استعمال کریں یعنی اگر آتشی مطلوب کا اسم آتشی
ہے تو ایسی جگہ دکھیں جہاں حرارت ملتی رہے آبی ہو تو ملا دیں یا کسی نم دار
پاک جگہ دفن کریں۔ اگر خاکی ہو تو اسکے گھر دبا دیں یا کمرہ میں یا تکیہ میں رکھ
دیں، بادی ہو تو اسکے گھر کے نزدیک کا راستہ میں کوئی درخت ہے
تو اس پر باندھ دیں تاکہ ہلتا رہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ چند دنوں میں
مقصود ہاتھ آئیگا۔

عمل نمبر ۲۵ تکسیر مراتب الحروف

(۱) نام طالب و مطلوب مع والدہ ہیں اگر آپ کا عمل حب عورت کی تسخیر ہے
تو درمیان میں زہرہ کا نام تحریر کریں اگر مرد کی تسخیر مطلوب ہے تو
مشتری لکھیں گے۔
(۲) اب پہلی سطر مذکورہ جو تیار کی گئی ہے کو مراتب کے لحاظ سے ترتیب
دینا ہے یعنی جو حروف ابجد میں پہلے ہیں وہ پہلے لکھیں جو لبعد میں ہیں

وہ بعد میں تحریر کریں۔ مثلاً حامد کی ترتیب یہ ہوگی۔ ادحم اسطرح تمام سطر کو ترتیب دیں یہ سطر دوم ہوگی۔

۳:۔ اب اس سطر دوم کی تکسیر جفری کر کے زمام برآمد کریں یاد رہے یہ مراتب الحروف حب کے لئے ہے۔ بغض کے لئے مراتب الحروف معکوس ہونا چاہیے مثلاً حامد کا ہی مراتب الحروف معکوس برائے بغض یہ ہوا محدا۔ اس طرح سطر دوم ترتیب دیکر آپ اسکی زمام برآمد کریں گے

۴:۔ اب اگر تکسیر جو آپ نے تیار کی ہے جفت حروف کی ہے تو چار، چار حروف کا ایک کلمہ بنا کر آگے کلمہ ائیل لگائیں گے لیکن اگر طاق حروف میں تو پانچ پانچ حروف کا کلمہ بنا کر اسکے آگے لفظ ائیل بڑھا دینگے۔ یہ ملائکہ عمل پیدا ہو جائینگے یاد رہے آپ اس عمل کو اس ستارے میں کریں گے جس کا نام لیکے عمل میں شامل کیا گیا ہے مثلاً اگر اتوار کے دن سے شروع کرتے ہیں تو ملائکہ تکسیر کے اسماء لکھکر اپنا مطلب بھی لکھیں کہ المحب فلاں بن فلاں اور آخر میں بحق یا عزرائیل لکھیں۔ اس تمام تعویذ تکسیر جو آپ نے تیار کیا ہے کو آگ کے نیچے دفن کردیں، تاکہ حرارت پہنچتی رہے۔ لیکن اگر آپ نے عمل سوموار یا ہفتہ کے دن کیا تو سطر عمل کے آخر میں بحق یا میکائیل لکھیں گے اور اس تکسیر کا تعویذ بنا کر کسی پاک رواں پانی کے کنارے دفن کردیں تا کہ نمی ملتی رہے یا اگر مطلوب کو پلا سکتے ہوں تو پلادیں، اگر آپ نے یہ عمل منگل یا جمعرات کو کیا تو عمل اور مطلب کے آخر بحق یا اسرافیل لکھیں گے اور تمام تکسیر کا

تعویذ تیار کرکے کسی پھلدار درخت کی اونچی شاخ پر لٹکا دیں تاکہ ہوا سے ہلتا رہے ۔ اگر آپ کا عمل بدھ یا جمعہ کے دن کا ہے تو عمل کے مطلب کے آخر میں بحق یا جبرائیل لکھیں گے اور تکسیر کا نقش تیار کرکے کسی بھاری پتھر یا وزن کے نیچے دبا دیں گے مطلوب اگر آپ کی جائے رہائش سے واقف ہے اور وہ بآسانی پہنچ سکتا ہے تو طالب کے پاس چوبیس ۲۴ گھنٹوں میں پہنچ جائیگا بشرطیکہ اتنے عرصہ میں وہ فاصلہ طے ہو سکتا ہو تب اگر مطلوب آپ کی رہائش گاہ سے بے خبر ہے تو اپنے مکان میں رہتے ہوئے بے قرار و مضطرب ہوگا ۔

مثال طالب احمد مطلوب علی ۔ عمل حب ستارہ مشتری عمل بروز سوموار کر رہے ہیں (میں نے طوالت کے باعث دونوں کے نام مع والدہ نہیں ہے آپ اپنے عمل میں نہیں گے)

عمل یوں ہوا ۔ احمد مشتری علی

ا د ح ی ل م ع ر ش ت (مکرر حروف نکال دیئے گئے ہیں ۔)

یہ مراتب الحروف میں دیکھیں ا کے بعد د اور پھر ح اور ی، ل، م، ع ر ۔ ش ۔ ت اسی قوت کے ساتھ موجود ہیں جو عمل کے لئے ضروری ہیں اب ہم ان دس حروف کی تکسیر جفری کرکے زمام برآمد کریں گے ۔

(۱) ا د ح ی ل م ع ر ش ت سطر اول

(۲) ت ا ش د ر ح ع ی م ل

(۳) ل ت م ا ی ش ع د ح ر

(۴) ر ل ح ت د م ع ا ش ی

(۵) ی ر ش ل ا ح ع ت م د

(۶) د ی م ر ت ش ع ل ح ا سطر زمام

(۷) ا د ح ی ل م ع ر ش ت سطر میزان

چونکہ یہ تکسیر حفت حروف کی ہے اسلئے چہار حرفی کلمہ بنا کر ملائکہ استخراج کئے گئے ہیں جو یہ ہے۔

ادحییلُ لمعرئیلُ شعتائیلُ شدرحیلُ عمیلُ لتمائیلُ لیشعدئیلُ مررئیلُ حتدمیلُ عاشئیلُ برشئیلُ الحعتائیلُ مدد یمائیلُ رتشعیلُ عائیلُ ۔ چونکہ ہم نے اس عمل کو سوموار کو استخراج کر کے استعمال کیا تو سطر کے آخر میں لکھیں گے بحق یا میکائیلُ اور تمام تکسیر اور ان ملائکہ کو لکھنے کے بعد یا میکائیل پڑھائیں گے ۔ اگر مطلوب کو پلا سکیں تو بہت بہتر موجودہ دور میں ایسا کرنا چونکہ بے حد مشکل ہے اس لئے ہم کسی پاک رواں پانی کے کنارے دفن کریں گے تاکہ اسے ای پہنچتی ہے ۔ سیاہی زعفران و عرق گلاب سے تیار کردہ ہو ۔ عمل کی تیاری کے وقت متعلقہ دن اور ستارہ کا بخور سلگانا ضروری ہے ایام کے بخور کی تفصیل اساتذہ کرام نے یوں رکھی ہے ۔

اتوار اور پیر منگل	قسط
بدھ	مغل ازرق
جمعرات - جمعہ	لبان الابیض

ہفتہ — فلفل اور پودا حنظل

ستاروں کے بخورات یہ ہیں۔

زحل :۔ میعہ سائلہ رال۔ سیاہ دانہ۔ سیاہ مرچ۔ قرنفل

مریخ :۔ بدروس قسعا۔ رائی۔ دارچینی، مرچ سرخ۔ افیون۔ رال

مشتری :۔ حب الغار صندل سرخ، ناگرموتھا عود۔ عنبر جدوار

شمس :۔ عود۔ صندل سرخ۔ زعفران گلنار۔ گل ڈھاک۔ ہلدی۔ مشک

زہرہ :۔ زعفران صندل سفید۔ کافور۔ عنبر۔ مشک۔ شنگرف رومی

عطارد :۔ مصطگی رومی۔ لوبان۔ گوگل چنبیلی کی جڑ۔ صندل سرخ۔ بادام کا چھلکا

قمر :۔ لوبان۔ کافور۔ صندلین۔ عود۔

نوٹ :۔ اعمال خیر میں عود۔ مشک، صندل لیتے ہیں اور ستارہ کی کوئی ایک چیز شامل کی جاتی ہے وہ پہلے نمبر کی ہونا چاہیے۔

۲۶۔ اعجاز الحب

نام مطلوب مع والدہ اور نام طالب مع والدہ کے بسط حرفی کرکے ان کی تکسیر جفری استخراج کریں۔ جب نام نکلے تو چھوڑ دیں اب سطر اول کے مکرر حروف حذف کریں اور باقی حروف کے اعداد ابجد سے لیں۔ اب انہی حروف کے ہر حرف کے مطابق اسمائے الٰہی میں گے، نیز موکلات بھی ان حروف کے بھی لئے جائینگے اب بہرات موافق اعداد سطر اول جو مکرر حروف حذف کرنے کے بعد لئے گئے اس عزیمت کو پڑھیں گے، اور تکسیر کی ہر سطر کو روزانہ روغن گاؤ یا شیرہ میں رکھکر مٹی کے نئے کورے چراغ میں ڈال کر الگ اور پاک و صاف جگہ تو چندی جمعرات (بشرطیکہ اس دن قمر در عقرب نہ ہو) سے جلایا کریں

چراغ کا رخ خانہ مطلوب کی طرف رکھیں گے ان دنوں اگر پرہیز جلالی و جمالی کرلیں تو بہت بہتر ہوگا ورنہ جمالی پرہیز کریں۔ اگر آپ کو مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا مل جائے تو بہت انسب ہے ورنہ پاکیزہ روئی پر سطر جو جلایا کریں۔ اس پر لپیٹ لیا کریں عمل کی مدت اتنے یوم ہے جتنی تکسیر کی کل سطور ہیں۔ اس عمل کے ساتھ اعداد مطلوب مع والدہ اور اعداد طالب مع والدہ ایک نقش مربع اس رفتار سے تیار کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں نقش کو بخور لوبان اور صندل لگا دیں گے اور اسے موم جامہ کر کے سرخ کپڑے میں سرخ دھاگے سے لپیٹ لیں اور حسب دستور حسب توفیق کچھ شیرینی جو پہلے سے پاس رکھی ہوئی ہو گی پر فاتحہ دے کر معصوم بچوں میں تقسیم کریں۔ میں اس عمل کو ایک مثال سے سمجھائے دیتا ہوں۔

مثال نام مطلوب ثریا جبیں

نام طالب وسیم احمد

بسط حرفی:۔ ث ر ی ا ج ب ی ن و س ی م ا ح م د۔ یہ کل سولہ[۱۶] حروف ہیں اسکی تکسیر پانچ سطور میں ہوگی۔

۱: ث ر ی ا ج ب ی ن و س ی م ا ح م د سطر اول

۲: د ث م ر ح ی ا م ج ی ا ب س ی و ن

۳: ن د و ث س ی م س ا ب ج ی ی ج ا م ا

۴: ا ن م د ا و ج ث ی ی م ح س ب ر

۵ ۔ ر ا ب ن س م ح د م ا ی د ی ج ی ا ث   زمام

۶ ۔ ث ر ی ا ج ب ی ن د س ی م ا ح م د   سطر میزان

اب سطر اول کے مکرر حروف حذف کئے تو یہ ہوئے ، ث ر ی ا ج ب ن د س م ح د ۔ یہ کل بارہ حروف ہیں ۔

انکے اعداد ۶۸۸ ہوئے اب ان حروف کے ہر حرف سے اسماء الٰہی استخراج کئے تو یہ ہوئے ۔ثابت ۔ رحیم ۔لیس ۔ اللہ ۔جامع ۔ باری نور ۔ دھاب ۔ سمیع ۔ ملک ۔ حی ۔ دائم ۔ اب انکے موکلات یہ ہیں ۔ میکائیل ۔ اموائیل ۔ سرکیطائیل ۔ اسرافیل کلکائیل ۔ جبرائیل ۔ حولائیل دفتمائیل ھموائیل ۔ روبائیل ۔ تنکفیل ۔ دردائیل ۔

اب سطر اول کو پہلے دن روغن گاؤ اور شہد میں ترکر کے نئے چراغ جو مٹی کا ہو میں رکھ کر مطلوب کے گھر کی جانب اس کا رخ کر کے پاس بیٹھکر یہ عمل یوں پڑھیں گے ۔

اَجیبُو یا میکائیلُ یا اموائیلُ یا سرکیطائیلُ یا اسرافیلُ یا کلکائیلُ یا جبرائیلُ یا حولائیلُ یا دفتمائیلُ یا ھموائیلُ یا روبائیلُ یا تنکفیلُ یا دردائیلُ محبت ثریا بجق یا ثابت یا رحیم یا لیسُ یا اللہ یا جامعُ یا باریُ یا نور یا دھابُ یا سمیعُ یا ملکُ یا حیُ یا دائمُ اسی طرح دوسری سطر دوسرے روز اور باقی اسی طرح گویا یہ ۵ یوم کا کل عمل ہوا میں نے طوالت کے پیش نظر نام طالب و مطلوب ہی مثال میں آئے ہیں آپ اپنے عمل میں نام مع والدہ لکھیں گے مثالی نقش جو تیار کر کے بازو پر باندھنا ہے وہ یہ ہے ۔

اعداد نام مطلوب ثریا جبیں + اعداد وسیم احمد = ۹۴۵
مربع کیلئے ۳۰ کم کر کے ۴ پر تقسیم کیا تو ۲۲۸ باقی ۳ بچے جو خانہ ۵ میں ایک کے اضافہ سے پُر کریں گے۔ مثالی نقش

۷۸۶

۲۳۱	۲۴۳	۲۳۸	۲۳۳
۲۳۷	۲۳۴	۲۳۰	۲۴۴
۲۳۵	۲۴۰	۲۴۱	۲۲۹
۲۴۲	۲۲۸	۲۳۶	۲۳۹

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

۲۷: عمل حب

علمائے عملیات نے قاعدہ زوج الزوج کو تسخیر اور حب کیلئے اکسیر اعظم تسلیم کیا ہے بعض اساتذہ کرام نے اسے فرد الافراد کا نام بھی دیا ہے۔ یہ طریق عمل مربع پر منحصر نہیں ہے بلکہ ہر نقش المضاعف ہو سکتا ہے مگر تسخیر قلوب کیلئے اساتذہ عظام نے مربع کو ہی مخصوص کیا ہے اور حقیقتاً یہ قاعدہ بے حد سہل اور موثر ہے۔

طریق یہ ہے کہ جب زہرہ یا مشتری اپنے گھر میں ہو یا اپنے دوست کے گھر یا حالتِ اوج و شرف میں ہو۔ (سیارگان کی اس پوزیشن کو معلوم کرنے کیلئے کوئی اچھی سی تقویم سے مدد لیں)

اب نام طالب مع والدہ اور نام مطلوب مع والدہ اور اسم اعظم اللہ الصمد۔ [illegible] کے اعداد قمری استخراج کریں۔ اب ان تینوں اعداد (اعداد طالب، مطلوب اور اسم اعظم) کو جمع کریں اب بغیر تفریق و تقسیم کے اس مجموعہ کو [illegible] کرکے

نقش مربع کے خانہ اول میں رکھیں، اب خانہ اول کے اعداد کا دو چند خانہ دوم میں پر کریں پھر ہر خانہ میں خانہ اول کا اضافہ کرتے ہوئے نقش مکمل کریں نقش تحریر کرنے کیلئے مندرجہ ذیل امور پر کاربند ہونا ضروری ہے۔

۱ :۔ عرق گلاب میں زعفران حل کر کے یہ سیاہی نقش تحریر کرنے کو تیار کریں۔

۲ :۔ انار شیریں کی لکڑی کا قلم بنائیں۔

۳ :۔ صندل سفید۔ عنبر کا بخور سلگائیں

۴ :۔ نقش تنہا جگہ جو پاک وصاف ہو باوضو روبہ قبلہ بیٹھکر تحریر کرنا ہوگا۔

۵ :۔ نقش تحریر کرتے وقت مطلوب کا تصور رکھیں۔

جب نقش مکمل کرلیں تو اس کا فیتلہ بنا کر اس کے اوپر ذرا سا پاک سفید کپڑا لپیٹ لیں اب جمعرات یا جمعہ کے دن طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ تک اس فیتلہ کو روغن گاؤ اور خالص شہد میں تر کر کے جلائیں جلانے کیلئے مٹی کا کورا چراغ استعمال کریں۔ بتی روشن کرتے وقت اس کا رخ خانہ مطلوب کی طرف رکھیں اگر مطلوب کے مکان کا علم نہ ہو تو بتی کا منہ مشرق کی طرف کردیں اور خود پاس بیٹھکر جب تک بتی جلتی ہے اسے دیکھتے رہیں اور دلمیں یہ تصور کریں کہ مطلوب کا دل جل رہا ہے فیتلہ روشن کرنے کے وقت بھی تنہائی ضروری ہے اور ساتھ ہی اپنی زبان سے بلا تعداد اللہ الصمد پڑھیں۔ فیتلہ کا جلانا جمعرات یا جمعہ سے شروع کریں تو سولہ[۱۶] یوم تک روزانہ نقش لکھکر بتی بنا کر جلائیں دن رات روزانہ کئی کئی مرتبہ زہرہ یا مشتری کی ساعت آتی ہے اسکی بھی اجازت ہے کہ ایک دن

ساعت مشتری میں جلایا تو دوسرے دن ساعت زہرہ میں جلائیں مقصد یہ ہے کہ ان دوستاروں میں سے کسی ایک ستارے کی ساعت میں جلانا ضروری ہے یہ بھی یاد رہے کہ پہلے دن جو فیتلہ تیار کیا جائیگا وہ تب تیار ہوگا جب زہرہ یا مشتری اپنے گھر میں یا اپنے دوست کے گھر یا حالت اوج و شرف میں ہو۔ باقی روزانہ جو نقش جلانے میں وہ روزانہ نقش جلانے سے قبل یعنی ساعت زہرہ یا مشتری میں لکھنے ہوں گے اور اسی وقت جلانا ہوگا۔ پہلے دن تیار کردہ نقش کی نقل ایک سنبھال رکھیں پھر روزانہ چند منٹ میں اسکی اصل کر لیا کریں خدا چاہے تو ستولہ یوم میں مطلوب بے قرار ہو جائیگا حرام کے واسطے نہ کریں یہ عمل جلالی ہے اگر حرام کے واسطے کریں گے۔ تو ایسا نقصان ہوگا جس کی تلافی مشکل ہوگی۔ مذکورہ بالا عمل کی ایک مختصر مثال دیئے دیتا ہوں تاکہ آپ کو نقش پُر کرنے میں دشواری پیش نہ آئے۔

نام طالب مع والدہ محمد سرور بن حمیدہ اعداد : ۵۲۵

نام مطلوب مع والد شازیہ بنت سکینہ اعداد : ۴۶۸

اسم اعظم اللہ الصمد اعداد ۲۳۱

کل مجموعہ ۱۲۲۴

اب اس مجموعہ سے بغیر کم اور تعقیم کے نقش مربع پُر کیا جو یہ ہوا۔

۱۲۲۴	۱۴۱۳۶	۱۳۴۶۴	۹۷۹۲
۱۴۶۸۸	۸۵۶۸	۲۴۴۸	۱۵۹۱۲
۷۳۴۴	۱۱۰۱۶	۱۹۵۸۴	۳۶۷۲
۱۸۳۶۰	۴۸۹۶	۶۱۲۰	۱۲۲۴۰

تعویذ بناکر طالب کو دیں تاکہ وہ جلائے بھی اور پڑھائی بھی کرے. چاہے عامل سائے سے عمل کی خود تکمیل کرے مگر طالب کو عامل کے نزدیک رہنا ہوگا.

۲۸: عمل قرآن السعدین

قرآن زہرہ و مشتری کی روحانیت کا تعلق تسخیر اور حب کے عملیات سے ہے

دو افراد کے درمیان خواہ وہ واقف ہوں یا ناواقف محبت پیدا کی جاسکتی ہے. رشتہ دار یا عزیز آفسر یا بیوی کہنے میں نہ ہو یا مقصود کا حصول ہو تو اس عظیم وقت میں ذرائع اور وسائل آپ کو مدد دیں گے علمائے جفر کے نزدیک یہ انتہائی معتبر اور موثر وقت ہے مذہب اور عقل کا تسلیم شدہ نظریہ ہے کہ ہر کام کا ایک وقت مقرر ہے اسی کلیہ کے تحت عمل کا بھی ایک وقت ہے عمل میں سیارگان کو ایک مرکزی حیثیت حاصل ہے جسے علم سیارگان سے واقفیت نہیں وہ عملیاتی زندگی میں بمشکل ہی کامیاب ہوتا ہے۔

طریق عمل یہ ہے کہ نام طالب مع والدہ کے اعداد ابجد شمسی سے حاصل کریں اور بطریق استنطاق ان کو جمع کریں اور اس کے حروف ابجد شمسی سے بناکر جملہ ائیل اس پر زیادہ کرکے موکل استخراج کریں۔

۲: پھر نام مطلوب مع والدہ کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کرنے کے بعد بطریق استنطاق جمع کریں اور حروف ابجد قمری سے موکل بنائیں۔

استنطاق کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اعداد کو اتبداً سے جمع کر دینا مثلاً ۱۲۴۱ کا استنطاق ۹ ہوگا ۳/۱+۱+۴+۲ جو بھی حرف ہو مثلاً ابجد شمسی

سے ذ ہوگا موکل ذئیل ہوا ابجد قمر سے ۹ کا ط موکل طائیل ہوگا۔
بالکل اسی طرح الگ الگ ابجد سے دو موکل استخراج کریں اب آپ کے پاس دو مختلف اباجد کے دو موکل ہیں۔ طالب کا موکل مقدم کریں اور مطلوب کا موکل موخر کریں اور عمل اس طرح تیار کریں۔
یَا دُدُ قُدُ بحقِ اللهُ الصَّمَد سنجیٰ سنجیٰ سنجیٰ فلاں نام موکل طالب کی محبت میں فلاں کو بے قرار دوسرے فلاں کی جگہ مطلوب کے موکل کا نام ہوگا۔ وقت سے قبل یہ سطر مع موکل تیار کرکے جانچ پڑتال کرلیں تاکہ عین وقت پر جلدی میں غلطی نہ ہو یہ عزیمت پڑھنے کے کام آئیگی۔
اب فتیلہ تیار کریں نام طالب مع والدہ کے حروف علیحٰدہ علیحٰدہ کرکے ایک سطر میں تحریر کریں پھر نیچے دوسری سطر میں نام مطلوب مع والدہ علیحٰدہ علیحٰدہ لکھیں اب ان دو سطور کو آپس میں امتزاج دیں۔
امتزاج کا طریق یہ ہے کہ سطر طالب سے ایک حرف پھر ایک حرف سطر مطلوب سے لیں پھر ایک طالب سے اور ایک مطلوب سے۔ اسی طرح بار بار کریں اور حرفوں کو ملا دیں اگر کسی نام کے آخر میں حرف بچ جائیں تو انہیں ایسے ہی آگے تحریر کریں اب اس تیار شدہ سطر کے شروع میں نام موکل لکھیں یہ جو سطر ہوگی اسے ہم ایک فتیلہ قرار دیتے ہیں بالکل اسی طرح کے کل سات فتیلے بنائیں اب وقت مقررہ پر بالکل علیحٰدہ کمرہ جو پاک وصاف اور خوشبو سے مہکا ہوا ہو غسل کرکے باوضو صاف پاکیزہ لباس پہن کر عطر لگائیں خوشبو جلائیں اور ایک مٹی کے کورے چراغ میں خالص

چنبیلی کا تیل ڈال کر اسمیں ایک فتیلہ (فتیلہ پر صاف و پاکیزہ روئی لپیٹ لیں
تاکہ جلانے میں آسانی ہو) جلائیں چراغ کا رخ خانہ مطلوب کی طرف ہو
فتیلہ کو سیدھی طرف سے آگ لگائیں خود سامنے بیٹھکر سطر عزیمت کو
۵۷۵ مرتبہ پڑھیں اول و آخر ۵-۵ بار درود شریف پڑھنا نہ بھولیے
گا دوران پڑھائی مطلوب کا تصور کامل رکھیں جب عمل ختم ہو اور فتیلہ اگر
باقی ہے تو اسے جلا دیں بس عمل ختم ہوا دوسرے دن عین اسی وقت
پھر دوسرا فتیلہ روشن کر کے عمل ۵۷۶ بار پڑھیں لیکن اس فتیلہ میں مطلوب
کے نام کا موکل ایک اور آخر پر پڑھائیں، مطلوب حاضر ہو جائے تو ٹھیک
ورنہ اگلے دن عین اس وقت پھر فتیلہ روشن کر کے پڑھائی کریں اور
تعداد پڑھنے کی ۵۷۷ ہوگی اسی طرح ہر روز ایک موکل کا اضافہ کریں
اور ایک عدد کا اضافہ کر کے پڑھا کریں، لیکن جس دن بھی مقصد حاصل
ہو جائے عمل بند کر دیں سات یوم سے زیادہ نہ لگیں گے پرہیز کچھ نہیں
ہاں جائز امور میں کام لیں ناجائز صورت میں کام کریں گے تو نقصان
اٹھائینگے کیونکہ اس عمل میں موکلات کام کرتے ہیں پڑھائی کے وقت
میں چند منٹ کی کمی بیشی ہو جائے تو کوئی ہرج نہیں ہے البتہ دوران
عمل ایک ہی لباس اور جگہ مقرر ہو۔

مثال

نام طالب مع والدہ محمد سرور بن حمیدہ ابجد شمسی سے اعداد ۵۷۸
ہوئے انہیں استنطاق کیا تو ۲۴ ہوئے ۔

حروف ت ث ز ہوئے نے موکل تنزئیل ہوا

نام مطلوب مع والدہ ممتاز اختر بنت رشیدہ اعداد ابجد قمری سے ہے تو ۲۲۰۸ ہوئے انہیں بطریق استنطاق جمع کیا تو ۱۲ ہوا حروف ب ی ہوئے موکل بیائیل ہوا. اب فتیلہ تیار کرنے کیلئے نام طالب مع والدہ کو علیحدہ علیحدہ تحریر کیا تو یہ ہوا م ح م د س ر و ر ح م ی د ہ اسی طرح نام مطلوب مع والدہ تحریر کیا تو م م ت ا ز ا خ ت ر ر ش ی د ہ ہوا سطر مطلوب میں ہ ایک حروف زائد ہوا اسے اسی طرح آگے لکھ دیا اب امتزاج شدہ سطر یہ ہوئی. م م ح م م ت د ا س ز ر ا و خ ر ت ح ر م ر ی س د ی ہ د ہ. اس سطر امتزاجی سطر کی چھ اور نقول تیار کریں. یہ سات سطور جلانے کے کام آئیں گی اس طرح فتیلہ کے شروع میں مطلوب کے موکل کو تحریر کریں مثلاً ہمارے مذکورہ عمل میں بیائیل موکل لکھا جائیں گا۔

۲۹: عمل حُب

حروف سے عاملین نے متعدد طریق پر کام لیکر ایک عالم کو حیرت میں ڈالا. ذیل میں ایک مختصر مع زود اثر عمل تفصیل سے بیان کیا جارہا ہے تاکہ ضرورت نفع اٹھا سکیں.

دوازدہ بروج اور ان سے متعلقہ حروف مندرجہ ذیل ہیں۔

حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ
ا۔م۔ذ	د۔ح۔ل	ق۔ب۔ض	ج۔ز۔س	ف۔ہ	ع۔ر
میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
د۔ص	ق۔ت	ط۔ش	خ۔غ	ق۔ی	ک۔ظ

ستارہ مع حروف یوں ہیں۔

مریخ	زہرہ	عطارد	قمر	شمس	مشتری	زحل
ط۔ی	ف۔ص	ش۔ت	ذ۔ض	م۔ن	ہ۔و	ا۔ب
ک۔ل	ق۔ر	ث۔خ	ظ۔غ	س۔ع	ز۔ح	ج۔د

ان حروف میں بعض عاملین اور جفار حضرات میں اختلاف بھی ہے۔ مگر میری تحقیق اور تحریر جو ہے وہ میں نے لکھ دیا ہے جن اصحاب کو ان حروف سے اختلاف ہو وہ اپنے حروف لیں یہ عمل حُب ترقی مقدمہ میں کامیابی اور تسخیر عام و خاص کیلئے بے حد موثر ہے ترکیب یہ ہے۔

۱:۔ کہیں سے کبوتر کا دل حاصل کریں اب آپ کے نام میں جو پہلا حرف ہے اس سے برج اور ستارہ معلوم کریں اب برج اور ستارہ کے حروف ایک لائن میں تحریر کریں (پہلے برج اور پھر ستارہ کے حروف لکھیں)

۲:۔ دوسری سطر میں اپنا نام مع والدہ لکھیں۔

۳:۔ اب پہلی سطر کو دوسری سطر سے مرکب کریں یعنی ایک حرف اوپر والی سطر کا اور ایک حرف نیچے والی سطر کا۔ اگر کسی سطر میں حروف زیادہ ہوں تو زیادہ والی سطر کے حروف کو پھر سے پلٹ کر لکھیں حتیٰ کہ سطر والے حروف ختم ہو جائیں اب یہ سطر کام کی چیز ہے پہلی دونوں سطریں ضائع کر دیں اب اس نقش معظم اسی طرح نقل کر دجس طرح میں درج کر رہا ہوں اس نقش کے گرداگرد اس سطر کے تمام حروف لکھ دیں جو آپ نے دو سطور ایک کر کے تیار کی ہے۔

اب کبوتر کا دل چیر کر اس نقش کو تہہ کر کے اسمیں رکھ دیں اور سرخ دھاگہ سے باندھ دیں اب اس تیار شدہ دل کو آب رواں میں بہا دو۔ یا درخت پر لٹکا دو (جیسے آپ کو آسانی ہو) اسطرح یہ عمل ۳۰ یوم تک کریں پہلے دن کی مرکب شدہ حروف کی سطر نقل کر کے الگ رکھ لیں تا کہ ہر روز محنت نہ کرنا پڑے۔ صرف نقش تحریر کر کے اور اسکے گرد اگرد لکھکر کبوتر کے دلمیں رکھکر استعمال کیا کرو۔ خدا چاہے تو اپنے مقصد میں کامیاب رہو گے اس نقش کو اگر زہرہ و مشتری کی تثلیث میں کیا جائے۔ تو فوری نتائج برآمد کرتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

نقش کے نیچے یہ عبارت بھی تحریر کرنا ہوگی فلاں بن تسخیر ہو یا جو مقصد ہو تحریر کریں۔

۳۰ : تسخیر حیوانات آبی

تسخیر حیوانات آبی پر حروف آبی کی روحانیت کام کرتی ہے محمد سا جردنی مغربی فرماتے ہیں یہ کام اس وقت کرو جب قمر آبی بروج میں ہو۔ طالع وقت آبی ہو اور تیاری پر بخور کافور کا دے کر تیار کرو، یہ عمل ان لوگوں کیلئے ہے جن

کا پیشہ ماہی گیری ہے۔ اور وہ اس پیشہ میں غربت اور تنگی کی حالت میں بسر اوقات کرتے ہیں. اس طلسم کی برکت سے وہ جانور آبی جسکی طلب ہو کناروں کی طرف اکٹھے ہونا شروع ہو جاتے ہیں پھر جال وغیرہ ڈال کر شکار کر لیا جاتا ہے یہ عمل ایک سال تک کام دیتا ہے۔ آئندہ سال دوبارہ نیا تیار کرنا ہو گا۔

عمل ۱:- جس مچھلی کا شکار کرنا ہو اس مچھلی کا نام لکھیں جیسے بلا نا مطلوب ہے اسکے حروف علیحدہ علیحدہ کر کے اسکے آگے کلمہ جذب لکھیں اور حروف آبی سعد کو ان میں امتزاج دے کر ایک سطر قائم کریں۔ پھر اعداد نکال کر موکل اول منسوب تیار کریں یاد رہے موکل منسوب حب کیلئے کام دیتا ہے۔ اب ایک کاغذ پر مطلوبہ مچھلی کی تصویر پر نام موکل اور ارد گرد امتزاج شدہ حروف لکھ دو، اسے دو کوری ٹھیکریوں کے درمیان رکھکر موم لگائیں اور کنارہ دریا یا تالاب میں دفن کر دیں جہاں نمی ہو انشاءاللہ تعالیٰ مطلوبہ جانور آبی کناروں کی طرف کھینچے چلے آئیں گے۔ اور وہ اندر پانی کے نہ جا سکیں گے۔

مثال:- ایک سفید کاغذ پر اس مچھلی کی تصویر بنائیں اگر خود نہ بنا سکیں تو کسی جگہ سے ٹریس کریں مگر سب کام اپنے ہاتھ سے کریں مثلاً روہو مچھلی ہے تو اسکی تصویر بنائیں مچھلی کے حروف کو بسط حرفی کر کے آگے کلمہ جذب تحریر کریں جیسے ر و ہ و ج ذ ب۔ سطر قائم ہوئی حروف آبی د ح ل ع ر خ غ میں انکو امتزاج دیا تو امتزاجی سطر یہ ہوئی۔

در ح ول ہ ع در ح خ ذ غ ب

اس سطر امتزاج کے ابجد قمری سے اعداد استخراج کئے تو ۲۸۲ ہوئے

ا ر و ہ و ج ذ ب د ح ل ع ر خ غ
۲۰۰ ۔ ۶ ۔ ۵ ۔ ۶ ۔ ۳ ۔ ۷۰۰ ۔ ۲ ۔ ۴ ۔ ۸ ۔ ۳۰ ۔ ۷۰ ۔ ۲۰۰ ۔ ۶۰۰ ۔ ۱۰۰۰ } ۲۸۳۴ بنے

موکل استخراج کیا ۲۸۳۴

دل ض غ غ در لقعغائیل ہے ۔ اس عمل کو اس وقت تیار کریں کہ قمر برج آبی یعنی سرطان ، عقرب ، یا حوت میں ہو اور طالع بھی آبی ہو ۔ مثال نقش یہ ہوا ۔

در ح ول ہ ع در ح خ ذ غ ب

در ح ول ہ ع در ح خ ذ غ ب

در ح ول ہ ع در ح خ ذ غ ب

۳۱ : حاضری پرندگان

پرندگان ہوا بادی حروف کی روحانیت کام کرتی ہے بادی حروف ۔ ح ۔ ز ۔ ک ۔ س ۔ ق ۔ ث ہے یہ عمل آصف بن برخیا کا ہے صاحب رموز الجفر نے بیان تو فرمایا ہے مگر مثال نہیں دی جس سے طالب علم کو مشکل

پیش آتی ہے میں نے دونوں اہل علم حضرات کی خوشہ چینی کی ہے۔ اور با تفصیل ہر نکتہ کو واضح کر دیا ہے جس سے کسی بھی پرندہ کا عمل تیار کرنے میں آپ کو پریشانی نہ ہو گی۔ آپ جس پرندہ کو تسخیر کرنا چاہتے ہیں۔ اس پرندے کے نام کو جدا جدا حروف میں لکھیں۔ جیسے ہم ایک پرندہ کو لیتے ہیں مثلاً اُلو اسے فارسی میں بُوم بھی کہتے ہیں تو جدا جدا حروف یہ ہونگے ب۔ و م۔ اب اس پرندے کے آگے کلمہ جذب کے حروف تحریر کریں ج۔ ذ۔ ب اب سطر یوں ہوئی۔ ب۔ و۔ م۔ ج۔ ذ۔ ب۔

۳۔ اس سطر کو حرف بادسعد کے سعد امتزاج دیں حروف بادسعد یہ ہیں۔ ک۔ س۔ ق امتزاج دینے کا طریق یہ ہے کہ ایک حرف پرندے کے نام کا اور کلمہ جذب کی مشترکہ سطر کا لیں اور ایک حرف بادسعد کا۔ اس وقت تک امتزاج دیتے رہیں جب تک پرندے کے نام اور کلمہ جذب کی مشترکہ سطر کے حروف ختم نہ ہو جائیں۔ مثلاً پرندے کے نام اور کلمہ جذب کی سطر

ب و م ج ذ ب

حروف بادسعد　　　ک س ق

سطر امتزاج　　　ب ک و س م ق ج ک ذ س ب ق

۴:۔ سطر امتزاج کے اعداد بحساب ابجد قمری نکال کر موکل استخراج کریں سطر امتزاج کے اعداد ۱۱۱۳ اور یہ موکل بنا ۱۱۱۳ = ۱۰۰۰ + ۱۰۰ + ۱۰ + ۳ عدد ہے ج کا ۱۰ ی کا ۱۰۰ ق کا ۱۰۰۰ غ کا تو موکل بنا

جیقغائیل یہ موکل اول ہے۔

۵۔ سطر امتزاج کی تکسیر کریں۔ اس مثال کی تکسیر یہ ہوگی۔

سطر اول ق ب س ذ ک ج ق م س د ک ب

ق ج م ک س ذ د س ک ب ب ق

د ذ س س ک ک ب م ب ج ق ق

ب ک م ک ب س ج س ق ذ ق د

ج س س ب ق ک ذ م ق ک د ب

قلب ذ ک م ق ق ب ک س د س ب ج

ک ب ق د ق س م ب ک ج ذ

س ق م د ب ق ک س ج ب ذ ک

ک ذ ب ب ج د ب م ذ ق ک س

سطر زمام ب د م ج ذ ق س ک ق س ک

سطر میزان ق ب س ذ ک ج ق م س د ک ب

۶: تکسیر کے چاروں گوشوں کے حروف لیں، اور قلب کے حروف لیں

چاروں گوشوں کے حروف یہ ہوئے۔ ب ق ک ب اور قلب تکسیر جو دد

سطور پر مشتمل ہے کیونکہ تکسیر کی سطور تعداد میں جفت ہیں اگر طاق ہو تو

قلب ایک ہی سطر پر مشتمل ہوگا گویا قلب کے حروف وہ ہیں جو درمیانی

سطر یا سطور کے وسط کے حروف ہیں۔ مثال میں دی گئی تکسیر کے

حروفِ قلب یہ ہیں ذک ک ب

۷ :۔ موکل دوم کا استخراج حروف چہار گوشہ اور قلب کے حروف کے اعداد سے کریں مثلاً ب ق ک ب ذ ک ک ب کے اعداد ۱۸۶۶ اور موکل بناوسفنائیل اس طرح کہ ۶ = و ۶۰ = س ۸۰۰ = ض

۸ :۔ حروف طلسم کا استخراج انہی حروف یعنی حروف چہار گوشہ اور حروفِ قلب تکسیر سے کریں ہیں یہاں تمام حروف تہجی کے طلسم استخراج کئے دیتا ہوں تاکہ آپ کو مشکل پیش نہ ہو۔

حروف	طلسم	حروف	طلسم	حروف	طلسم
ا :	اج	ک :	کط	ر :	رص
ب :	ید	ل :	لی	ش :	شت
ج :	جا	م :	مس	ت ،	تخ
د :	دب	ن :	نج	ث :	تش
ھ :	ہز	س :	سم	خ :	خت
و :	دح	ع :	عل	ذ :	ذط
ز :	زہ	ف :	فق	ض :	ضغ
ح :	حو	ص :	صر	ظ :	ظد
ط :	طک	ق :	قف	غ :	غض
ی :	یل				

اب حروف چہار گوشہ اور حروف قلب تکسیر کے حروف طلسم مندرجہ ذیل ہوئے مذکورہ حروف ب ق ک ب ذ ک ب حروف طلسم ۔ ید ۔ قف ۔ کط ۔

بد ۔ ذظ ۔ کط ۔ کط ، بد

۹ :۔ اب ایک صاف سفید کاغذ پر مطلوبہ پرندے کی تصویر خود بنائیں اگر خود نہ بنا سکیں تو کہیں سے ٹریس کر لیں لیکن یہ کام کریں اپنے ہاتھ سے ہی مطلوب پرندے کی تصویر بنا کر اسکے اوپر موکل دوم کا نام لکھیں اور گرد حروف طلسم اور پرندے کی تصویر کے پیٹ پر موکل اول کا نام لکھیں ۔ مثلاً میں نے مثال میں پرندہ بُوم (اُلّو) لیا ہے تو سب سے پہلے اُلّو کی تصویر بنائیں اسکے اوپر موکل دوم کا نام لکھیں ۔ جو اس مثال میں وسفنائیل ہے اور گرد حروف طلسم ۔ بد ۔ قف ۔ کط ۔ بد ۔ ذظ ۔ کط ۔ کط ۔ بد لکھیں ۔ اور تصویر کے پیٹ میں موکل اول جیقغائیل کا نام لکھیں یہ تمام مستخرجہ اسماء اور حروف مثال بُوم (اُلّو) کے ہیں ۔ آپ جس مثال سے کام لیں گے ۔ موکلات و طلسمات اسی سے استخراج ہوں گے ۔

اب تصویر کے دوسری طرف (یعنی کاغذ کے دوسری طرف) پوری تکسیر کا نقش مربع بادی پُر کریں ۔ اس کا طریق یہ ہے کہ تکسیر کی کل سطور گن کر ان کو پہلی سطر کے اعداد سے ضرب دیں مثلاً مثال کی پہلی سطر کے اعداد ۱۱۳ ہیں ۔ اور تکسیر کی کل سطور دس ہیں اب پوری تکسیر کے اعداد ۱۱۳۰ ہوئے ، ان کو مربع بادی میں پُر کرینگے جس کی رفتار یہ ہے ۔

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

مثالی نقش یہ ہوا۔

۲۷۸۵	۲۷۸۲	۲۷۷۵	۲۷۸۸
۲۷۷۶	۲۷۸۷	۲۷۸۶	۲۷۸۱
۲۷۹۰	۲۷۷۷	۲۷۸۰	۲۷۸۳
۲۷۷۹	۲۷۸۴	۲۷۸۹	۲۷۷۸

یہ سب کام اس وقت کریں جب طالع بادی ہو (جوزا میزان یا دلو)
ساعت عطارد رہو، اور یہ تمام کام کرتے وقت مصطگی رومی اور شہد
کی مکھیوں کے خالی چھتے کی دھونی دیں۔ عمل پورا ہو جانے پر دہ کاغذ جس
پر مطلوبہ پرندے کی تصویر اور دیگر لوازمات ہیں اور جواب طلسم کا درجہ رکھتا
ہے اسے درخت سے لٹکائیں ایک گھنٹہ تک مطلوبہ پرندہ حاضر ہوگا۔

۴۳: برائے محبت میاں بیوی جن زن و شوہر میں مخالفت رہتی ہو خواہ وہ طبائع کے اختلاف
کی وجہ سے ہو خواہ مرد یا عورت میں کوئی بدچلنی ہو یا خاندان کے جھگڑوں
کے وجہ سے نا اتفاقی ہو تو ایسا کریں۔ توحیدی جمعرات کو زہرہ یا مشتری
کی ساعت میں نام عورت مع والدہ اور نام مرد مع والدہ اور ان اعداد
کو ملا کر دو مثلث آتشی پُر کریں اعداد ۴۶ تا ۲ ہیں نقش کے نیچے مقصد لکھیں
صندل عود کا بخور دیں پھر پھلدار درخت کے پتوں میں لپیٹ کر پاس
رکھیں اور ایک اُس درخت جس سے پتے لئے تھے کی جڑ میں دفن کریں
پھر ہر روز صبح عورت کے نام کے اعداد کے برابر سورج نکلنے سے پہلے چلتے
پھرتا بغیر سایہ یہ آیت ہفتہ عشرہ پڑھیں۔

اِنَّ البقرَ تشابہَ علینا وانا انشاء اللہ لمھتدون"۔ اول و آخر ۳-۳ بار درود شریف۔

باب سوم

بغض وعداوت

اُن عملیات میں جہاں کوئی خاص ہدایات نہ ہوں کو مندرجہ ذیل طریق سے مدد لیں۔

اِن تمام اعمال کیلئے طالع وقت منقلب ہو۔ اور قمر، مریخ، زحل میں کسی دو نظرات نحس ہوں یعنی تربیع یا مقابلہ یا قرآن ہو۔ یا پھر قران شمس وقمر ہو یا قمر ہبوط میں ہو۔ چاند یا سورج گرہن ہو اور ان دن منگل یا ہفتہ کا ہو ساعت بھی نحس ہو۔ منزل قمر بھی نحس ہونا چاہیے، زوال قمر کے ایام ہوں۔ نوشادر۔ نیل۔ سرکہ نیلی یا کالی سیاہی میں ملاکر سیاہی تیار کریں۔ چمڑا یا پرانا گرا پڑا کپڑا۔ بدبودار بخور، اسکے متعلقہ ہیں نفرت و دشمنی کے لئے عموماً خاکی نقوش لکھتے ہیں بعض اوقات آتشی بھی کام دیتے ہیں نقش تیار کرنے کے بعد استعمال کو جاننا ہو اور عمل تکسیر کا ہو تو غالب

حرف کی طبع لیتے ہیں۔ اگر نقش ہو تو کل تعداد نقش کو چار پر تقسیم کریں۔
ایک بچے تو آگ کے نیچے دبائیں ۲ ہو تو کسی خار دار درخت پر لٹکائیں
تین باقی رہیں تو پانی میں دفن کریں یا پلا سکیں تو پلائیں۔ اگر چار یا صرف
باقی رہے تو کسی قبر کہنہ میں دفن کرتے ہیں۔

اگر یہ امر بھی معلوم کرنا ہو کہ نقش جو ہم تیار کر رہے ہیں کسی چیز پر لکھیں
تو کل تعداد نقش یا سطر تکسیر کو تین پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو ٹھیکری پر
لکھیں گے۔ دو باقی رہیں تو کسی درخت کے خشک تنوں یا نیم کے درخت
کی لکڑی پر تحریر کریں گے یا کانٹے دار درخت لیں گے۔ اگر تین یا صفر
رہے تو حرام جانور کے چمڑے پر تحریر ہوگا مثلاً کتے یا گدھے یا چمڑا۔

۳۳: عمل مفارقت

اس قاعدے سے اگر عمل تیار کیا جائے تو
کی طرح کام کرتا ہے۔ طریق یہ ہے کہ جن دو
اشخاص میں خلاف شرع ملاپ ہو یا آپ کو نقصان دینے والی محبت
ہو تو یوں کریں۔

۱: اُن دونوں کے نام اعداد ابجد شمسی سے حاصل کریں۔ نام مع والدہ
ہونا ضروری ہیں۔

۲: اب ایک ہزار آٹھ سو اسی - ۱۸۸۰ کا ان میں اضافہ کریں۔

۳: ۱ اور ۲ کے مجموعہ کو مثلث آتشی میں پُر کریں۔ اس نقش کو پہلے سے
تیار کر رکھیں جب قمر در عقرب یا شمس برج میزان یا برج دلو میں ہو تو
اس عمل کو کریں یہی موزوں ترین وقت ہے اگر ایسا وقت ہے کہ شمس برج میزان

یا برج میزان یا برج دلو میں ہو اور اس مہینہ قمر در عقرب ہو تو پھر یہ عمل بے پناہ ہے فوراً اثر ظاہر کرتا ہے۔

ب: اب نو ۹ سے ڈالیاں چھوٹی چھوٹی درخت نیم یا ببول کی پہلے سے لاکر رکھیں اگر کسی جگہ نیم یا ببول نہیں ہے تو پھر اس درخت کی شاخ کام دے گی جس کے پتے تلخ ہوں اب جب قمر در عقرب ہو یا شمس برج میزان میں ہو یا برج دلو میں ہو تو نو ۹ سے نقش مثلث آتشی چال سے سیاہ روشنائی سے تحریر کریں قلم لوہے کا ہو اور سیاہی میں قدرے سرکہ شامل کر کے اسے بدبودار بنالیں۔ جب نو ۹ سے نقش تیار ہو جائیں تو ایک نقش اپنے سامنے رکھیں اور سورۃ القارعہ شریفہ کو کالعھن المنفوش تک پڑھیں اور ایک شاخ پر پھونکیں اور تین مرتبہ شاخ کو زور سے اس نقش پر ماریں اور کہیں کہ فلاں فلاں میں جدائی ہو جائے اس طرح نو ۹ سے نقش ختم کریں یعنی ہر شخص کو سامنے رکھ کر اور سورۃ القارعۃ منفوش تک پڑھیں اور ایک شاخ پر پھونک کر تین مرتبہ اس نقش پر ماریں وہ نقش اور شاخ علیحدہ رکھتے جائیں جب سب نقش مع شاخ ختم ہو جائیں تو سب کو حفاظت سے رکھ دیں اور منتظر رہیں بحکم خدا تین دن کے اندر اندر دونوں میں جدائی ہو جائیگی۔ اگر تین دن کے اندر جدائی نہ ہو تو چوتھے دن یہ عمل کریں بحکم خدا کیسی ہی محبت اور خلوص ہو گا قطعی مفارقت ہو جائیگی میرے یہ تجربات ہیں۔

۴۳ عمل عداوت عداوت کے اعمال ایسی جگہ کریں جہاں شریعت

اور اخلاق اجازت دیتا ہو۔ اگر ناحق کسی کو تکلیف دینگے تو آپ خود ذمہ دار
ہونگے اگر دو شخصوں میں باہمی خلاف شرع میل ملاپ ہے یا آپ کو
واقعی ان کی ذات سے نقصان پہنچ رہا ہے تو ان دونوں میں باہم بغض
وعداوت اور تفرقہ پیدا کرنے کا اپنا خاص عمل بیان کر رہا ہوں تاکہ
ضرورت مند اس سے کام لے سکے۔

ترکیب عمل:- (۱) ہر دو فریقین کے نام مع والدہ لکھکر اپنے سامنے رکھیں۔
(۲) ایک انگیٹھی میں کوئلے دہکا کر اپنے پاس رکھیں۔
(۳) اگر نیم کی لکڑی یا کوئلہ نیم فراہم ہو جائے تو بہت خوب ہے۔
(۴) اکیس ۲۱ عدد مرچ سیاہ لیں۔

اب قمر درعقرب کے اول روز جو زوال ماہ میں آئے میں الگ
پاک صاف جگہ بیٹھ جائیں تقویم میں جو قمر درعقرب کا وقت دیا ہوا ہوتا ہے
ہے اس سے ٹھیک چار گھنٹہ بعد اس عمل کا درست وقت ہے۔
(۵) اب ہر سیاہ مرچ پر ایک مرتبہ یہ عمل پڑھکر مرچ کو آگ میں ڈال دیا کریں
تاکہ وہ اس میں جل جائے

عمل:- یَا مُفَرِّقُ فَرِّقْ بَیْنَ فلان بن فلانۃ وَبَیْنَ فلان بن فلانۃ
کَمَا فَرَّقْتَ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ بِحَقِّ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ
اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔

یہاں تک اکیس ۲۱ مرچ ختم ہو جائیں روزانہ اس وقت ہی نو یوم تک
عمل کیا کریں۔ انشاء اللہ تعالٰے نو دن میں دونوں میں تفرقہ ہو جائیگا۔

عمل پڑھنے کی جگہ تنہا ہونا ضروری ہے اپنا منہ مغرب کو رکھیں۔
فلاں بن فلاں کی جگہ اُن دونوں کے نام مع والدہ کے لیں۔ اگر نو دن کے درمیان ہی دونوں میں مفارقت ہو جائے تو عمل ختم کر دیں۔

۳۵:۔ عمل لبغض

زوال ماہ میں قمر در عقرب منگل یا ہفتہ کے روز ہو یا سورج گرہن یا چاند گرہن کے وقت اس عمل کو کریں

سورۃ تبت یدا کی آخری آیت یہ ہے فجعلھم کعصفٍ ماکول۔
۲:۔ دشمن کا نام مع والدہ کے مفرد کر کے اس آیت کے حروف مفردہ میں ملائیں
۳:۔ ایک حرف نام کا ایک حرف آیت کا ابتدا حرف آیت سے کریں جس ٹکڑے کے اعداد کم ہوں ان کو اول سے پھر پلٹ لیں یہاں تک کہ زائد حروف سب ختم ہو جائیں یہ کام پہلے سے کر لیں۔
۴:۔ سات پتے درخت نیم کے لیں اگر کسی جگہ نیم کا درخت نہیں ملتا تو کسی ایسے درخت کے پتے لیں جن کا مزہ تلخ ہو۔
۵:۔ اب عین وقت پر تیم کردہ حروف کو ایک کاغذ پر سیاہ روشنائی سے جسمیں قدرے سرکہ اور نوشادر ملایا ہوا ہو سے تحریر کریں۔
۶:۔ نیم کے پتے اس کاغذ میں لپیٹ کر اسی وقت کسی پرانی قبر کی پائنتی جانب دفن کر دیں بس ایک ہی دن کا عمل ہے۔ خدا چاہے تو تمہارے دشمن کو تکلیف پہنچے گی اگر دو شخصوں میں جدائی مقصود ہے تو دونوں کا نام مع والدہ لکھیں باقی ترکیب یہی ہے مگر یہ عمل اس جگہ کریں جہاں حق ہو ناحق کسی کے واسطے یا بطور تجربہ نہ کریں۔

۳۶۔ عمل عداوت

باہمی مفارقت کیلئے یہ عمل اس قدر موثر ہے کہ اس کا عمل بایدو شاید ہی کبھی فیل ہو۔

ترکیب عمل:۔ مخصوص اعداد قمری ۱۲۳ ہیں۔ ان اعداد کے حروف ابجد شمسی معکوس سے واؤ۔ عین، را (و۔ع۔ر) ہوتے ہیں اب اعداد قمری کو (۱۲۳) کو معکوس کیا ۱۔۲۔۳ (۳۲۱) بنے۔ ان اعداد کے حروف ابجد شمسی معکوس سے یہ ہوئے۔ ی، ع، د (یا۔ عین۔ دال) موکل کی علامت ائیل ہے۔ اگر حرف جس کا موکل بنانا ہو کے آخر میں الف ہو تو پھر حرف ئیل بڑھاتے ہیں اعوان کی علامت لوش اور خلیفہ کی علامت طیش ہے لہٰذا اعوان وعرلوش اور خلیفہ لیدطیش ہوا۔ اب جن دو شخصوں میں مفارقت مطلوب ہو ان دونوں کے نام مع والدہ کے تحریر کر کے اسمیں یامفرق کے حرف شامل کر کے ابجد شمسی معکوس سے عدد حاصل کریں۔ اور ان اعداد کو مربع معکوس میں پر کریں۔

رفتار مربع معکوس یہ ہے۔

۱۳	۲	۳	۱۶
۱۲	۷	۶	۹
۸	۱۱	۱۰	۵
۱	۱۴	۱۵	۴

اب آپ فریقین کے نام مع والدہ اور اسم یامُفرقُ کے اعداد سے مربع پُر کریں اس مربع کی پشت پر نام موکل وفائیل اور نام اعوان وعرلوش اور نام خلیفہ لیدطیش لکھکر ان کے نیچے یہ عبارت تحریر کریں۔

"اے اللہ جدا کرے ان دونوں کو یہاں دونوں کے نام مع والدہ لکھیں کے اسطرح تونے جدا کیا ہے مشرق سے مغرب کو اور مغرب سے مشرق کو۔"

اسی طرح چونتیس ۳۴ نقش روزانہ لکھا کریں اور یونہی کھلے ہوئے دریا یا
تالاب میں ڈالا کریں، اگر کسی جگہ دریا یا تالاب نہیں تو پھر یہ نقش زمین
دفن کر دیا کریں۔ انشاء اللہ سات یوم میں جدائی ہو گی، عمل قمر در عقرب یا
قمر و عطارد کے مقابلہ یا تربیع یا زہرہ و مریخ کے مقابلہ یا تربیع میں زوال
ماہ اور ساعت زحل میں نقش لکھا کریں۔ لکھتے وقت گوگل یا رائی کا بخور جلائیں

۳۷۔ عمل بغض دوپایہ | اس طریق سے بیمار کرنا۔ جدائی، تباہ و برباد کرنا۔ طلاق وغیرہ جو بھی مقصد ہو اس عمل
سے مدد لے سکتے ہیں۔ ترکیب عمل یوں ہے کہ نام مطلوب بمع والدہ
کے اعداد لیں اور اس میں اپنے مطلب کا حرف بھی شامل کریں مثلاً جدائی ہو کے
اعداد ۳۰۔ بیمار ہو کے اعداد ۲۶۴ اور تباہ و برباد ہو کے اعداد ۶۱۸ طلاق ہو
۱۵۱ اور مثلث میں پُر کریں اس کیلئے طریق یہ ہے کہ نام مطلوب بمع والدہ
کے اعداد میں مطلوب کے حرف شامل کریں مثلاً جدائی۔ بغض۔ بیماری وغیرہ
وغیرہ۔ اس حرف کے اعداد بھی ملا کر کل تعداد کو ۱۵ پر تقسیم کریں اگر پورا پورا
تقسیم ہو جائے تو بہتر ورنہ اسماء جلالی سے ایک یا دو ایسے ہیں جن کا اعداد
شامل کرنے پر پورا پورا تقسیم ہو جائے۔ اس مثلث میں کسر نہیں ہونا چاہیے
مثلث پُر کرنے کا طریق یہ ہے کل تعداد کا ثلث (تیسرا حصہ) خانہ پنجم میں
لکھیں اور پھر اس کا پانچواں خانہ اول میں لکھیں اب اول و پنجم کے مجموعہ کو خانہ
نمبر ۶ میں لکھیں اور اول کا دگنا خانہ نمبر ۲ میں خانہ نمبر ۶ کا مجموعہ خانہ نمبر ۸ میں لکھیں
خانہ نمبر ۵ اور خانہ نمبر ۲۱ مجموعہ خانہ نمبر ۹ میں لکھیں خانہ نمبر ۲ کا دگنا خانہ نمبر ۳ میں و خانہ نمبر ۴

اور عہ۶ کا مجموعہ خانہ عہ۱ میں لکھیں گے تو نقش پُر ہو جائیگا،

دوسرا طریق :- کل تعداد کا تیسرا حصہ خانہ عہ۵ میں اور خانہ عہ۵ کا پانچواں حصہ خانہ عہ۱ میں رکھکر ہر خانہ میں جو عدد خانہ کے اتنے گنا اول سے رکھکر پُر کریں مثلاً چہارم میں اول کا چار گنا، دوم میں دگنا وغیرہ۔ نقش پُر ہونے پر ہر طرف سے میزان پوری ہو گی۔ مثلث کے خالی خانہ میں مطالب لکھیں مثلاً فلاں بن فلاں کے درمیان عداوت ہو یا فلاں بن فلاں بیمار ہو وغیرہ اس عمل کو زوال قمر میں قمر و عطارد کے مقابلہ یا تربیع، یا قمر و زھرہ کے مقابلہ و تربیع میں جدائی اور طلاق کے لیے۔ قمر و زحل کے مقابلہ یا تربیع میں بیمار کرنا۔ ذلیل کرنا عطارد و زھرہ کے مقابلہ یا تربیع میں دو دوستوں میں علیحدگی، عطارد و مریخ کے مقابلہ یا تربیع میں بیمار کرنا۔ زھرہ و مریخ کے مقابلہ یا تربیع میں مرد و عورت کی جدائی یا طلاق یا شمس و زحل کے مقابلہ یا تربیع میں بغض و عداوت کے اوقات لیں۔ نیم کے قلم سے سرکہ تیل نوشادر میں سیاہی ملاکر پارچہ غلیظ یا گندے کپڑے کے ٹکڑے پر دو نقش تحریر کریں۔

ترکیب استعمال :- کل تعداد جو نقش میں پُر کی گئی ہے تو ۴ پر تقسیم کریں۔ ۱ باقی ہو تو آگ کے نیچے دفن کریں تاکہ حرارت ملتی رہے یا بتی بناکر جلائیں ۲ باقی ہو تو ہوا میں لٹکائیں ۳ باقی ہو تو پانی میں دفن کریں یا پلائیں اگر ۴ یا صفر رہے تو کسی قبر کہنہ میں پائنتی کی جانب دفن کریں یا دشمن کی رہ گزر میں دفن کریں۔ (رفتار نقش)

۱	۱۰	۴
۸	۵	۲
۶		۹

مثال، نام لبشیراں بی بی نبت سرداراں بی بی اعداد = ۱۱۲۷
" اختر حسین بن مائی بیچل " = ۱۴۱۵
مطلب طلاق ہو = ۱۴۰
میزان ۲۶۸۲

چونکہ ۲۶۸۲ کو ۱۵ پر تقسیم کریں تو پورا تقسیم نہیں ہوتا لہٰذا اسمائے جلالی سے قابض کے اعداد ۹۰۳ جمع کئے تو پورا تقسیم ہوا۔

۲۶۸۲ + ۹۰۳ = ۳۵۸۵ ÷ ۱۵ = ۲۳۹ - ۲۳۹ - اب ۲۳۹ کو خانہ اول میں رکھکر مطابق طریق نقش پُر کریں گے۔

مثالی نقش یہ ہوا

قابض

۴	۱۰	۱
۲	۵	۸
۹	اختر حسین بن مائی بیچل اپنی بیوی لبشیراں بی بی بنت سرداراں بی بی کو طلاق دے۔	۶

اجہزط — اجہزط — اجہزط — اجہزط

واَلقینا بینہم العداوۃ والبغضاء الیٰ یوم القیامۃ

۳۸۔ عمل تکسیر قطبی برائے عداوت

تکسیر قطبی بہ نسبت حُب کے بغض میں بہت سریع الاثر ہے

یہ عمل سورج گرہن چاند گرہن۔ یا قمر در عقرب میں کریں اگر اتفاق سے قمر در عقرب اور رجال الغیب کے بائیں طرف ہونے کی تاریخ ہو تو پھر یہ عمل ایک بے خطا تیر ہے بغض کی مشہور آیت والقینا بینہم العداوۃ والبغضاء الیٰ یوم القیامۃ کے حروف الگ الگ تحریر کریں جو یہ ہیں۔ و ا ل ق ی ن

اب ی ن ہ م ال ع د او تہ وال ب غ ض ا ء ال ح ی ی و م ال ق ی ا م ۃ

جن میں بغض مقصود ہے فریقین کے نام مع والدہ تحریر کر کے ایک سطر میں حرف حرف کر کے بچھائیں جب سطر تیار ہو جائے تو پہلی سطر سے آپ اس آیت کا حرفِ اوّل لکھیں اور سطر کے آخر میں آیت کا آخری حرف اب اس سطر کو بطریق تکسیر جفری گردش میں۔ اور دوسری سطر میں آیت کے حروف کا دوسرا حرف اول سے لکھیں اور آخر سطر میں آخر کا دوسرا حرف اس طرح ہر سطر میں آیت کے حروف کو تقسیم کرتے جائیں یہاں تک کہ زمام نکل آئے، واضح رہے کہ اس آیت کے حرف جو اول و آخر رکھے جائیںگے وہ گردش میں شامل نہ ہونگے مثلاً محمود سے یہ تکسیر ہوگی۔

و م ح م د د ت

ا د م و ح م م

ل م د ح م د ا

ق د م م د ح ی

ی ح د د م م ق

ن م ح م د د ل

اب یہ معلوم کریں کہ آپ کے ناموں میں زمام نکالنے کیلئے اس قدر سطور آئیں کہ یہ سب حروف کھپ جائیں تو خیر اگر حروف کم ہو گئے تو بقدر ضرورت پھر حرف اول سے لینا شروع کردیں اگر زائد ہو جائیں تو بقایا حروف کو تکسیر کے تحت لکھ دوان حروف کی تعداد چالیس ہے اسلئے

جن ناموں میں بتیس سطر میں زمام برآمد ہو اسمیں یہ حروف مکمل آجا ئینگے زیادہ کی صورت میں دوبارہ اول سے ہمیں لینا پڑیں گے، مثلاً زمام پچیس ۲۵ سطر میں برآمد ہوئی تو پانچ حروف دوبارہ اسمیں لینے پڑیں گے۔ اگر زمام سولہ ۱۶ سطر میں نکل آئے تو بقایا آٹھ حروف زمام نکلنے کے بعد آخر میں لکھ دیئے جائینگے زمام آپ کسی وقت بھی نکال لیں اسکے لئے کوئی وقت، تاریخ خاص مقرر نہیں ہے اس زمام کو نکال کر اپنے پاس حفاظت سے رکھیں، اب جب قمر در عقرب شروع ہو (کسی اچھی تقویم سے بآسانی یہ وقت معلوم کیا جاسکتا ہے) تو زمام کے تمام حروف کو قینچی سے ایک ایک کرکے کاٹ کر پاس رکھیں اور احتیاط کریں کہ کوئی حروف اِدھر اُدھر نہ ہو جائے۔ کوئلہ سلگا کر پاس رکھیں اور کسی تلخ چیز کا بخور مثلاً نیم کے پتے یا کوئی اور چیز جو ذائقہ میں کڑوی ہو اور جلانے کے قابل ہو اب ایک ایک حرف اٹھائے جائیں اور یہی آیت والقینا ۔۔۔۔ یوم القیامۃ ایکسو بار پڑھکر اس آگ میں جلاتے جائیں۔ یہاں تک کہ سب حروف ختم ہو جائیں خدا چاہے تو ایک ہفتہ میں عداوت اور جدائی ہو گی۔ اگر ایک ساعت میں عمل مکمل نہ ہو تو دوسری ساعت میں کریں پھر تیسری قمر کی ساعت میں غرضیکہ قمر در عقرب جو اڑھائی دن رہتا ہے میں اس کام کو مکمل کرنا ہو گا۔

۳۹۔ بغض خاص

یہ عمل ایک ننگی تلوار ہے جن دو اشخاص میں ناجائز اور خلافِ شرع محبت ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے دونوں میں اس قدر مخالفت ہو گی کہ ایک دوسرے کی صورت دیکھنا گوارا نہ کریں گے۔

ترکیب یہ ہے کہ ان حروف کو دو سطروں میں ذرا فاصلہ سے لکھیں تاکہ حروف کاٹنے میں آسانی ہو حروف یہ ہیں۔

ا۔ن۔ا۔ب۔ر۔ا۔ع۔م۔ن۔ک۔م۔و۔م۔م۔ا۔ت۔ع۔ب۔و۔ر۔و۔ن
م۔ن۔و۔و۔ن۔ا۔ل۔ل۔ہ۔ک۔ف۔ر۔ن۔ا۔ب۔ک۔م۔و۔ب۔و۔ا
ب۔ی۔ن۔ن۔ا۔و۔ب۔ی۔ن۔ک۔م۔ا۔ل۔ع۔د۔ا۔و۔ی۔و۔ا۔ل۔ب۔
غ۔ض۔ا۔ع۔ا۔ا

جن حروف کے نیچے لکیر کھینچی ہے یعنی ن۔ک۔م۔ جب انکو لکھ لیں تو جن دو شخصوں میں جدائی مقصود ہو ان دونوں کے ناموں کے حروف بھی علیحدہ م کے بعد لکھکر پھر ا۔ل۔ع لکھتے چلے جائیں اگر کسی ظالم کے پھندے میں آپ گرفتار ہیں یا ناحق سزا پا گئے ہیں۔ اور آپ رہائی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اپنا نام لکھکر قید، یا جیل، یا سجن کے حروف لکھ دیں یہ تمام حرف اور جس قدر حروف ناموں کے ہوں ان سب کو دو سطروں میں ہی لکھنا ہوگا، تیسری سطر میں نہ آنا چاہیے یہ تمام حروف جو لکھے ہیں انکی تعداد بہتر ہے اور عدد چار ہزار دو سو انہتر ہیں۔ اب جو حروف ناموں کے پڑیں گے تو حروف کی تعداد اور عدد کی تعداد میں اور اضافہ ہوگا، اب ناموں کے حروف سے جو تعداد ان حروف کی بڑھ جائے تو اسی تعداد میں یہ دونوں لائنیں لکھکر گرم قینچی سے کاٹنا ہوگی اور ایک ایک کرکے آگ میں جلانا ہوگی۔ اگر حروف جفت ہونگے تو دونوں سطروں میں برابر آئیں گے، اگر طاق ہوں تو نیچے والی سطر میں ایک حرف کم ہو جائیگا اب آپ نے مثلاً ناموں کے جو حروف بڑھائے تو حرفوں کی تعداد ننانوے

ہو گی، تو اوپر والی سطر میں پچاس حرف ہونگے اور نیچے والی سطر میں انچاس ۴۹
تو اسطرح دونوں سطروں کو ننانوے ۹۹ بار لکھنا ہوگا۔ لیکن عامل کو چاہیئے کہ وہ صرف
سات مرتبہ روزانہ لکھا کرے یعنی دو۔ دو سطریں سات مرتبہ لکھنے سے قبل ذرا سی
آگ اپنے پاس رکھ لیں اور ایک قینچی بھی جب دو سطریں لکھ چکیں تب قینچی کو ذرا
آگ پر گرم کر کے ایک ایک حرف کو کاٹا جائے اور اسے آگ میں ڈالتے
جائیں۔ کاٹنے کے درمیان قینچی کو بار بار گرم کرتے رہیں جب ایک مرتبہ کا
لکھا ہوا یعنی دونوں سطریں جلا ڈالیں تو دوسری سطر لکھیں، اسی طرح روزانہ سات
دفعہ تمام حروف لکھکر اور کاٹ کاٹ کر جلائیں تاکہ انکی تعداد ختم ہو جائے
جس قدر تعداد ان حروف کی ہے مثلاً ننانوے حرف سب میں تو روزانہ
سات مرتبہ لکھنے سے چودہ ۱۴ دن میں تعداد ختم ہو گی لیکن آخری دن یعنی آٹھ مرتبہ
لکھنا ہوگا اسی طرح روزانہ سات مرتبہ لکھیں اور آخری دن کل تعداد ملا کر سب لکھیں
یہ توحرفوں کا قاعدہ ہوا۔ اب ان حروف کے اعداد ۲۶۹۹ ہیں اب جس میں ناموں
کے عدد اور بڑھائیں گے، اسی طرح سب اعداد کو مثلث آتشی میں پُر اس نقش
میں سوئیاں چبھو دیں اور چولہے میں ذرا گہرا گڑھا کر کے اسطرح دفن کریں کہ نہ تو یہ
نقش جل جائے اور نہ ہی سرد رہے بلکہ ذرا گرم رہے۔ خدا چاہے تو یہ تعداد ختم
نہ ہو گی دونوں میں عداوت عظیم ہو گی۔

یہ عمل زوال ماہ میں آخری منگل کو ساعت مریخ میں کریں نقش صرف
ایک مرتبہ لکھکر دفن کرنا کافی ہے۔ مگر نقش کے نیچے دونوں کے نام مع
والدہ جو عمل میں لکھتے ہیں اور مقصد تحریر ضرور کریں۔

۴۹۔ عداوت خاص

بعض دیگر اعمال حب و بغض کی طرح یہ عمل بھی ایک خاص عمل ہے جو سو فیصد نتائج دیتا ہے متعدد مرتبہ تجربہ کی میزان پر پورا اترا ہوا ہے۔ عمل اس جگہ کریں جہاں آپ اپنی جان یا عزت کو محفوظ نہ سمجھیں یونہی اناپ شناپ کرنے سے رجعت کا خوف ہے۔

ترکیب عمل:۔ کسی گرہن یا قران شمس و قمر در عقرب میں بکری یا بکرے کا سالم دل جو درمیان سے چیرا نہ گیا ہو قصاب سے حاصل کریں اپنے پاس اکتالیس عدد کپڑے سینے والی نئی سوئیاں شمار کرکے تنہا الگ ویران صاف جگہ جہاں کوئی مخل نہ ہو باوضو ہو کر بخور متعلقہ ستارہ جس میں کام کر رہے ہوں جلانا ہو گا۔ اب ایک سوئی لیکر اس پر والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء فلاں بن فلاں علی عداوت فلاں بن فلاں ساتھ پڑھکر پھر پوری آیت پڑھیں اور اب اس سوئی کو جو مقصد ہو اُس حصہ دل میں گاڑھ دیں اسی طرح اکتالیس سوئیاں پڑھکر دل میں گاڑھ دیں سوئیاں دل میں اس طرح اردگرد گاڑھیں کہ ایک جنگلا سا بن جائے اب اس تیار شدہ دل کو غیر مسلم کی قبر میں یا مٹی میں ذرا گہرا کرکے دفن کر دیں۔ بس ایک دن کا ہی عمل ہے۔ نتیجہ آپ ۴۔۳ دن کے اندر اندر اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے یاد رہے سارے عمل کے دوران خود با حصار ہو کر یہ سارا عمل پڑھ کر گاڑیں۔

۵۰۔ عمل بنر آئے اعدا

اس عمل کو اس وقت کریں جب شمس

برج عقرب میں ہو اور قمر در عقرب کا وقت بھی ہو۔
ترکیب :- اُڑد کا آٹا پیس کر اس سے ایک انسانی پتلا انسان کی شکل کا تیار کریں اور یہ تصور کریں کہ مجسمہ میرے دشمن کا ہے۔ اب ایک کاغذ پر یہ عمل تحریر کریں۔

اللھم دمر دا رعلی دی فلان بن فلانة کما دمرت قوم لوط بحق یا قہار فلاں بن فلاں کی جگہ نام دشمن مع والدہ کا لیں۔ اب خار مغیلاں سولہ عدد جو پہلے سے لا کر پاس رکھے ہوئے ہوں۔ ہر سات سات مرتبہ یہ عمل پڑھتے جائیں ایک پتلے کے وسط سر میں ایک منہ میں دو دونوں کانوں میں جو سوراخ میں ان میں دو ناک کے دونوں نتھنوں میں، دو دونوں ہاتھ کی ہتھیلیوں میں دو پاؤں کے دونوں تلوں میں۔ دو دونوں طرف پہلوؤں میں ایک دبر میں ایک مثانہ کی جگہ۔ ایک سینہ میں ایک پیٹ میں چبھو دیں۔ یہ کل تعداد سولہ ہے ممکن ہے میزان اور تقسیم میں غلطی ہو اسلئے یاد رکھیں کہ تعداد سولہ ہی ہو گی اب جس کاغذ پر یہ عمل لکھا تھا اسی کاغذ میں اس پتلے کو لپیٹ کر کسی بوسیدہ ٹوٹی ہوئی پرانی قبر میں جو غیر مسلم کی ہو میں دفن کر دیں یا ایسے مکان میں دفن کر دیں جو مدت سے ویران اور ٹوٹا ہوا ہو۔ بس ایک دن کا ہی عمل ہے بحکم خدا تین دن یا پانچ دن یا سات دن میں دشمن کو ایسا صدمہ پہنچے گا جس سے آپ اس کے فتنے سے محفوظ ہو جائیں گے، حق کی جگہ اس عمل کو کریں اپنے فائدہ کی خاطر کسی کو تکلیف نہ دیں۔

۴۲: دشمن سے تحفظ ہے

اگر کوئی بدقماش شخص آپ کی عزت کے درپے ہو۔ اور آپ کمزور ہیں یا کوئی شخص ظالم ہے آپ اُسکے ظلم کا شکار ہیں یا کوئی ناحق تکلیف یا اذیت دیتا ہو آپ حق پر ہوں مگر بظاہر اُس کا مقابلہ نہ کر سکتے ہوں۔ تو اس عمل کو اپنائیں انشاء اللہ تعالےٰ وہ شخص آپ کا کچھ بگاڑ نہ سکے گا۔ اللہ کے اس کلام کی برکت سے آپ اسکے شر سے محفوظ و مامون رہیں گے۔

عمل:۔ زوال ماہ میں منگل یا ہفتہ کے روز اگر اس دن قمر در عقرب ہو تو بہت افضل ہے اس نقش کو نیم کی لکڑی کے قلم اور سیاہ روشنائی سے سفید کاغذ پر تنہا۔ وضو۔ الگ پاک وصاف جگہ جو آبادی سے باہر ہیں بیٹھکر تحریر کریں۔ اب ایک نقش کسی چوراہے میں اور ایک نقش غیر مسلم کی قبر کہنہ میں دفن کر دیں ایک ہفتہ کے اندر اندر نتیجہ آپ کے سامنے ہو گا، بغیر سخت ضرورت محض تجربہ یا شوق کیلئے اسے نہ آزمائیں ورنہ خود بھی آپ اسکے برے اثرات سے محفوظ نہ رہ سکیں گے۔

اس حلقہ میں چاروں طرف سورۃ تبت یدا تحریر کریں۔ مگر تسمیہ تحریر نہ کریں۔

اس حلقہ میں چاروں طرف بغیر تسمیہ کے سورۃ الم ترکیف لکھیں

یہاں نام دشمن مع والدہ ہاروت ماروت

۴۳ عمل مفارقت

جن دو اشخاص میں ناجائز تعلقات ہوں اور وہ اس فعل قبیح سے باز نہ آتے ہوں تو اس نقش کو سورج یا چاند گرہن یا قمر درعقرب یا قمر محاق میں ہو یا زوال ماہ اتوار کے روز ساعت زوال میں تحریر کریں نقش سیاہ روشنائی سے لوہے کے قلم سے الگ باوضو۔ پاک وصاف جگہ بیٹھکر رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے تحریر کریں نقش کے نیچے لکھیں۔

اللّٰھُمَّ فرق بین فلاں بن فلانہ وفلاں بن فلانہ (یعنی دونوں کے نام مع والدہ تحریر کریں) بحق یا عزرائیل نقش کے اوپر ۷۸۶ کی بجائے اجہزط لکھیں۔ نقش مکمل کرتے وقت منہ میں کوئی کڑوی چیز رکھیں بخور گوگل اور بھیکا یا پیاز جلائیں اور اپنا منہ مشرق کو رکھیں ایسے دو نقش لکھیں نقش مکمل ہونے پر ایک کسی پرانی قبر میں دفن کریں دوسرے کو رہگذر میں دبا دیں خدا نے چاہا تو ان دونوں کے ناجائز تعلقات ایک ہفتہ کے اندر اندر حیرت انگیز طور پر ختم ہوجائیں گے۔

نقش یہ ہے۔۔۔

اجہزط

۹۸۲	۹۸۶	۹۸۴
۹۸۳	۹۸۱	۹۸۸
۹۸۷	۹۸۵	۹۸۰

۴۴ تکسیر قطبی برائے بغض وعداوت

جن دو اشخاص کے درمیان دشمنی ڈالنی ہو اور ان کی علیحدگی معاشرہ یا کسی فرد کیلئے نیک اور بہتر ہو تو ان دونوں کے نام مع والدہ

کے درمیان لفظ قالیض لکھکر تکسیر قطبی کریں اس قاعدہ میں حرفِ اول بطور قطب قائم رہتا ہے اور باقی حروف گردش میں آتے ہیں جب زمام سر آمد آنے تو ساعتِ نحس میں قمر درعقرب یا مقابلہ مریخ و قمر یا زحل سے ہو یا قمر ہمراہ راس و ذنب ہو یا سورج گرہن یا چاند گرہن تو اس تکسیر کو سیاہ روشنائی جسمیں قدرے سرکہ نوشادر ملا ہوا ہو لوہے کے قلم سے ننگے سر با وضو ہو کر الگ پاک وصاف جگہ بخور پوست لہسن، پیاز اور ہینگ جلائیں اور سفید تین کاغذوں پر لکھیں۔ ہر ایک کاغذ کی پشت پر کل تکسیر کے اعداد کا نقش خاکی بناکر تحریر کریں ان میں ایک مطلوب کی خواب گاہ میں دفن کریں دوسرا اسکے رہ گزر میں دبادیں آخر نقش کا فتیلہ بنا کر کڑوے تیل میں نئے کورے مٹی کے چراغ میں رکھکر نحس وقت میں جلائیں۔ جب تک چراغ جلتا ہے خود پاس بیٹھکر یہ عزیمت پڑھیں ایسی عداوت ہوگی کہ دونوں ایک دوسرے کو ہلاک کرنے کے درپے ہونگے۔

عَزَمتُ علیکم یا جبرائیلُ یا میکائیلُ یا اسرافیلُ یا عزرائیلُ بِاَن تُلقُوا وَتُفَرِّقُوا بَینَ فلاں بن فلاں وتفرق لم بحبیبھا قولہ تعالےٰ۔ وَاَلقَینَا بَینَھُمُ العَدَاوَۃَ وَالبَغضَاءَ اِلیٰ یَومِ القِیٰمَۃِ وَسوف یُنَبِّئُھُمُ اللّٰہُ بِمَا کَانُوا یَفسُقُونَ اِنَّمَا اَمرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیئًا اَن یَّقُولَ لَہٗ کُن فَیَکُونُ۔

مثال تکسیر قطبی۔ نور و علی دو اشخاص میں نفرت درکار ہے تو سطر یہ ہوئی نور۔ قالیض۔ علی۔

ن د ر ق ا ب ص ع ل ی

ن ی د ل ر ع ق ص ا ب

ن ب ی ا د ص ل ق ر ع

ن ع ب ر ی ق ا ل د ص

ن ص ع د ب ل ر ا ی ق

ن ق ص ی ع ا د ر ب ل

ن ل ق ب ص ر ی د ع ا

ن ا ل ع ق د ب ی ص ر

ن ر ا ص ل ی ع ب ق ر

۴۵: مقابلہ زہرہ و مریخ

سیارگان میں نظر مقابلہ نحس اکبر گنا جاتا ہے یہ کامل دشمنی کی نظر کہلاتی ہے۔

عداوت۔ مقابلہ۔ جنگ و جدل کی تاثیر ہر دو ستاروں کی منسوبات میں پائی جاتی ہیں۔ دو اشخاص میں نفاق۔ عداوت۔ جدائی۔ طلاق یا بیمار کرنا یا دیگر نحس اعمال اس وقت کیے جائیں تو جلد تاثیر ظاہر کرتے ہیں۔ جن دو اشخاص کے درمیان ناجائز تعلقات جو کسی فرد یا معاشرہ میں تکلیف کا باعث ہوں تو اس وقت سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے طریق یہ ہے کہ کسی ایک کا نام مع والدہ لیں آپ جس کو یہ نقش پلا سکتے ہوں۔ اب ان اعداد میں سورۃ تبت یدا کے اعداد جو ۵۸۲۶

ہوتے ہیں ملا کر دو مثلث آبی رفتار سے سیاہ روشنائی سے تیار کریں
ان میں ایک نقش بلا دیں دوسرا نقش کسی پاک رواں پانی کے کنارے نم
دار جگہ دفن کریں۔ انشاء اللہ دونوں میں جدائی ہو جائے گی اور انکے
تعلقات والبستگی بالکل ختم ہوگی۔ مثالی نقش یہ ہے۔ مثلاً اسلم بن حلیمہ
کو ہم نقش ہو سکتے ہیں تو اسلم بن حلیمہ کے اعداد جو ۲۲۴
ہوتے ہیں میں ۵۸۲۶ مزید اضافہ کر کے نقش تیار کرینگے کل
تعداد ۲۲۴+۵۸۲۶=۶۰۵۰ نفی ۱۲ تقسیم ۳=۶۰۳۸÷۳=۲۰۱۲
باقی ۲ رہے چونکہ ۲ باقی رہے یہ کسر خانہ ۴ میں اضافہ کریں گے۔
نقش یہ ہوا ہے
رفتار نقش آبی یہ ہے

۲-۱۳	۲-۱۹	۲-۱۸
۲-۲۱	۲-۱۷	۲-۱۲
۲-۱۶	۲-۱۴	۲-۲۰

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

۲۶: عمل جدائی

جن دو اشخاص کا اتحاد و دوستی معاشرہ میں
باعث نقصان ہو یا آپ کی ذات کو نقصان پہنچ
رہا ہو تو قمر در عقرب میں باوضو ہو کر الگ پاک وصاف جگہ پر جو خوشبویات
سے خوب مہکا ہوا ہو میں بیٹھ کر عمل تیار کریں۔ ترکیب عمل یوں ہے کہ
ان ہر دو افراد کا نام مع والدہ جن میں شر یا جدائی مقصود ہے کے نام
بحساب ابجد قمری استخراج کر کے ان میں ۳۵۹ اعداد کا مزید اضافہ کر کے

اس رفتار سے نقش مثلث تیار کریں۔ اب ایک روٹی کا آٹا گوندھیں
لیکن پانی میں اس نقش کو اس قدر دھو کر نہ کاغذ پر کوئی اثر باقی نہ رہے
یہ پانی اس قدر ہو کہ آٹا گوندھا جائے، بلکہ ضرورت ہو تو مزید پانی ڈال
لیں مگر تعویذ والے پانی کا قطرہ باقی نہ رہے۔ اب اس کی روٹی پکائیں
اس کو دونوں فریقین کو نصف نصف کھلائیں تو دونوں میں تفریق
ہوگی۔ اگر کھلانا ممکن نہ ہو تو آدھی روٹی دو کتوں کو کھلا دیں۔
دونوں کتوں کا رنگ بالکل سیاہ ہونا ضروری ہے
رفتار نقش یہ ہے۔

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

۷ام: تربیع شمس در مریخ

نظر تربیع نحس اصغر ہوتی ہے اسکی تاثیر بدی میں بمنزلہ مقابلہ کے کم ہے

اس میں ہر قسم کے نحس اعمال کئے جا سکتے ہیں اگر دشمن دوست ہو
تو اسکی تاثیر سے دشمنی کا احتمال ہوگا۔

جن دو شخصوں میں شرعی مفارقت مطلوب ہو یا ناجائز محبت ہے
تو انکی مفارقت کیلئے یہ وقت اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے قاعدہ یہ ہے
کہ جن دو افراد میں جدائی درکار ہے ان دونوں کے نام مع والدہ لکھیں
اگر نام والدہ معلوم نہ ہو تو پھر یہ عمل نہ کریں۔ اب چاروں ناموں کے
حروف علیحدہ علیحدہ ایک سطر میں لکھیں اور پھر مقلوب التکسیر کریں۔

مقلوب التکسیر کا مطلب ہے جب تکسیر کریں تو ایک ایک حرف چھوڑتے جائیں۔ جب سطر ختم ہو تو پھر دونوں طرف سے ایک ایک حرف چھوڑ کر لکھتے جائیں اسی طریقہ پر زمام برآمد کریں مثلاً محمود کی مقلوب التکسیر ہوگی۔

م ح م و د
ح و د م م
د م م و ح
م و ح م و
د م و ح م
م ح م و د

زمام کے بعد ان تمام حروف کو ½ کی شکل میں قینچی سے کاٹ لیں یعنی ہر ٹکڑے پر ایک حرف پورا ہو اور ایک حرف نصف یہ ضروری نہیں ہے کہ نصف تصف مکمل ہو بلکہ دوسرے حرف کا کچھ حصہ آجائے اگر آخر میں حرف نصف رہ جائے تو اسے نصف ہی رہنے دیں۔ لیکن سالم حروف رہ جائے تو ایک حرف کے دو ٹکڑے کردیں۔ احتیاط یہ رکھیں کہ کوئی ٹکڑا ضائع نہ ہو ان سب ٹکڑوں کو ایک لفافہ میں احتیاط سے رکھیں اب ان سے ایک ٹکڑا اٹھائیں اور اس ٹکڑے پر ستر مرتبہ سورہ الم ترکیف پڑھیں جب لفظ فجعلہم پر پہنچیں تو دونوں فریقین کے نام مع والدہ لیں پھر باقی آیت مکمل پڑھیں اب اس ٹکڑے کو آگ میں جو پہلے سے پاس رکھی ہوئی ہو میں جلائیں خدا چاہے تو ان ٹکڑوں کی تعداد ختم ہوتے ہی دونوں میں جدائی اور نفرت

ہوجائیگی۔ ان ٹکڑوں کے جلانے کا وقت طلوع آفتاب سے دن کے ماڑھے نیچے تک ہے۔ پڑھتے وقت اپنا منہ مغرب کو رکھیں اور نیم کے پتوں کی دھونی دیں۔ یہ سارا کام باوضو الگ اور پاک وصاف جگہ پر جہاں کوئی مخلل نہ ہو کریں۔

۴۸۔ عمل عداوت

جن دو افراد کی دشمنی آپ کو نقصان پہنچا رہی ہو یا معاشرہ میں بے راوی کے ذمہ دار ہوں توان دونوں میں شدید نفرت پیدا کرنے کیلئے مختصر مگر زود اثر عمل ہے اس عمل کو زھرہ وزحل کی تربیع یا زھرہ ولیافس کی تربیع، قمر در عقرب۔ قران شمس وقمر سورج گرہن یا چاند گرہن ان میں جو وقت آپ کو ہاتھ آئے میں اس طلسمی نقش کو سرکہ وفلیل کی تیار کردہ سیاہی اور لوہے کے نئے قلم سے پرانے کاغذ پر لکھ کر درخت ببول پر لٹکا دیں نقش کے نیچے ہر دو اشخاص کا نام مع والدہ اور مقصد مع عزیمت تحریر کریں۔ یہ سارا کام ننگے سر باوضو۔ الگ۔ پاک وصاف گھر سے باہر کسی ایسی جگہ جہاں کوئی اور شخص مداخلت نہ کرے رجال الغیب کا خیال رکھیں نقش کے اوپر ۷۸۶ کی بجائے اجہزط لکھیں نقش یہ ہے۔

رفتار نقش

۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷

اجہزہ — اجہزہ

یو	ج	یج	ب
ط	و	یب	ز
	یه	ا	ید
ه	ی	ح	یا

اجہزط — اجہز

فلاں بن فلاں البغض فلاں بن فلاں کی والقینا بینہم العداوۃ والبغضاء الیٰ یوم القیامۃ

باب چہارم

کشائش رزق، حصول رزق و روزگار

حصول روزگار، ترقی مرتبہ، رفع افلاس اور ادائیگی قرض کیلئے جس قدر بھی اعمال ہیں انہیں قمر زائد النور کے دوران بدھ، جمعرات یا جمعہ کا ہونا چاہیئے یہ ایام اگر توحید سے ہوں تو بہت انسب ہوگا۔ بعض بزرگ شرف قمر کے اوقات میں بھی ان اعمال کو تیار کرتے ہیں۔ نظرات میں زہرہ و مشتری قمر و عطارد میں نظر تثلیث یا تسدیس یا قرآن کے اوقات موثر ترین اوقات ہیں اس دوران ساعتیں بھی ان ہی کواکب کی لینگے اس مقصد کے اعمال رات کو بھی تیار نہ کریں۔ تیاری عمل کے وقت رجال الغیب کا خیال رکھیں۔ بخور جلائیں فاتحہ کی شیرینی پاس رکھیں۔ عمل کی تیاری کے بعد فاتحہ دے کر معصوم بچوں میں تقسیم کریں پھر یہ نقش خود یا کسی کو دیں ہو تو دیں حسب توفیق خیرات بھی کریں۔

۴۹۔ حصول ملازمت اور ترقی کاروبار

اتوار کے دن قمر زائد النور میں الگ پاک و صاف اور معطر ہوئی جگہ میں باوضو رجال الغیب کا خیال رکھکر عمل تیار کریں عمل یہ ہے اپنے نام مع والدہ کے اعداد ابجد قمری سے استخراج کریں۔ اب ان

اعداد میں مزید ایک ہزار سترہ (۱۰۱۷) اضافہ کرکے مربع آتشی پُر کریں۔ اس مربع کے اردگرد یہ بتیس ۳۲ حروف لکھیں نقش کے اوپر یا کیفوفل اور نیچے علیقوفل لکھیں گے۔ بتیس ۳۲ حروف یہ ہیں۔ ا۔ ل۔ ا۔ ہ۔ ل۔ ط۔ ن۔ ف۔ ب، ع۔ ب ا۔ د۔ ہ، ی ر۔ ز۔ ق۔ م۔ ن۔ ی۔ ش ا۔ ا۔ ب، غ۔ ی۔ ر۔ ح۔ س۔ ا۔ ب۔ اب دوبارہ اپنے نام مع والدہ کے اعداد لیکر ان میں دو ہزار دو سو اٹھاسی ۲۲۸۸ کا اضافہ کرکے ایک مثلث خالی البطن پُر کریں۔ خانہ خالی میں مقصد تحریر کریں مثلث اس مربع کی پشت پر لکھیں گے۔ اب اس نقش کو معطر کرکے تعویذ بنا کر کپڑے میں باندھکر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں اب روزانہ ۳۱۹ بار اسم الہٰی یا رزاق الا میں ایک مقررہ وقت پر اول و آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف پڑھکر اس تعویذ پر پھونک مار دیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکیس ۲۱ یوم کے اندر اندر حصول ملازمت یا ترقی کاروبار جو بھی مقصد ہیں آپ کو کامیابی ہوگی۔

۵۰: عمل عجیب

ترقی ملازمت۔ شادی میں رکاوٹ۔ ناکردہ گناہ مقدمہ میں گرفتاری لاعلاج مرض۔ بے اولاد غرضیکہ کوئی بھی جائز مقصد ہو۔ اس میں اس عمل کو آزمائیں انشاء اللہ تعالےٰ آپ کو سو فیصد کامیابی ہوگی۔

ترکیب عمل۔ چاند کی یکم تاریخ کو روزہ رکھیں۔ سالن جو چاہیے کھائیں مگر عمدہ اور پاکیزگی سے تیار ہو۔ سارے کام کے دوران باوضو رہیں۔

اب ایک سیر آٹے کی روٹیاں پکائیں یہ کھانا ایسے وقت میں تیار ہو
کہ افطاری سے قبل تیار ہو جائے۔ آپ اُس دن (پہلے دن) نمازِ عصر
پڑھکر مصلّے پر ہی بیٹھے رہیں۔ اور وہیں بیٹھے بیٹھے اول و آخر ۳-۳ بار
درود شریف اور تین صد مرتبہ یہ آیت پاک تلاوت کریں۔

فبشرنها باسحق نبيا من الصالحين (سورہ الصّفٰت آیۃ ۱۱۲ پارہ ۲۳)

اگر پڑھائی مکمل ہوتے پر افطاری کا وقت ہوچکا ہو تو روزہ افطار کرکے
مغرب کی نماز ادا کریں اگر ابھی افطاری میں تاخیر ہو تو مصلّے پر ہی بیٹھے رہیں
افطاری کے بعد اور بعد از نماز مغرب ادا کرنے کے یہ سب سامان سالن
اور روٹی اپنے سامنے رکھیں اب اس روزہ اور عمل پڑھنے کا ثواب برُوح
حضرت اسحاق علیہ السلام کو پہنچا کر اپنے مقصد میں کامیابی کی دُعا کریں اور
کہیں الٰہی بہ برکت و عزت حضرت اسحاق علیہ السلام میری مراد پوری فرما
(اپنی مراد کا ذکر کریں) بعد ختم اب آپ وہ کھانا تناول فرمائیں جو بچے اسے
گھر کے دوسرے سب افراد کھالیں۔ اب دوسرے روز پھر روزہ ہوگا
سحری میں جو دل چاہے غذا استعمال کریں مگر آج آٹا کا وزن بڑھ
جائیگا یعنی سوا سیر اور سالن جو جی چاہے پکوائیں حسب دستور نماز
عصر کے بعد اول و آخر ۴-۴ بار درود شریف ۴۰۰ بار آیت مبارکہ تلاوت کریں

روزانہ اسی بات یہ خیال رکھیں کہ اگر افطاری میں ابھی تاخیر ہو تو مصلّے
پر ہی بیٹھے رہا کریں اگر افطاری کا وقت ہوچکا تو افطاری کریں نماز مغرب
ادا کرکے نسبت بدستور کھانا سامنے رکھیں فاتحہ دیں اب اس روزہ

فبشرنها باسحق ومن وراء اسحق يعقوب (سورہ ہود آیت ۷۱ پارہ ۱۲)

اور عمل کا ثواب بروح حضرت اسحاق علیہ السلام اور حضرت یعقوب علیہ السلام کو پہنچا کر اپنے مقصد میں کامیاب ہونیکی دعا کریں اور کہیں کہ الٰہی یہ برکت وعزت حضرت اسحاق علیہ السلام اور حضرت یعقوب علیہ السلام مجھے اس مقصد میں کامیابی عطا فرما۔

اب تیسرے روز بھی حسب دستور روزہ رکھیں اور نماز عصر کے بعد یہ آیت پاک اول و آخر ۵-۵ بار درود شریف اور پانچ صد بار یہ آیت کریمہ۔ یا ذکریا انا نبشرك بغلام اسمه یحییٰ پھر دعا اور کھانا بدستور لیکن اس دن آٹا کا وزن ڈیڑھ سیر ہوگا آج دعا میں الٰہی یہ برکت وعزت حضرت یحییٰ علیہ السلام میری مراد پوری فرما کہنا ہوگا۔

اب چوتھے روز حسب دستور روزہ سالن جو جی چاہے مگر آج آٹا پونے دو سیر ہوگا۔ آج بعد نماز عصر یہ آیت پاک اول و آخر ۶-۶ بار درود شریف اذ قالت الملائکة یا مریم ان الله یبشرك بکلمة منه اسمه المسیح عیسیٰ ابن مریم (سورۃ آل عمران آیت ۴۵ پارہ ۳) باقی سب کام سب دستور مگر فاتحہ کے وقت الٰہی یہ برکت وعزت حضرت عیسیٰ علیہ السلام میری مراد پوری فرما کہہ کر اور کھانا بدستور خود کھائیں اور باقی گھر والے کھالیں

اب پانچویں روز حسب دستور پھر روزہ آج آٹا دو سیر پکانا ہوگا۔ حسب سابق نماز عصر کے بعد اول آخر ۷-۷ بار بار درود شریف اور سات سو بار یہ آیت کریم ومبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد

(سورۃ الصف آیت ۶ پارہ ۲۸) سب کام بدستور اور فاتحہ کے بعد
کہیں کے الٰہی بابرکت و عزت حضرت احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ
علیہ وسلم میری مراد پوری فرما۔ آپ خدا کے حکم سے اپنے مقصد میں کامیاب
ہونگے۔ پانچویں آیت میں جن جس رسول کا اسم گرامی آیا ہے کے نام
فاتحہ دیکر ثواب پہنچائیں یاد رہے کھانا اگر گھر والوں سے زائد ہو جایا
کرے تو کسی اور بھی دیا جا سکتا ہے۔

۵۱۔ عمل برکت و ترقی آپ دکاندار ہیں۔ کاروبار بند ہے گاہک آتا
ہے مگر خریداری نہیں کرتا۔ دکان یا کاروبار
میں ترقی نہیں ہے تو کسی بھی دن تاریخ اور وقت کی مقررہ نہیں ہے
آپ اپنے نام مع والدہ کے اعداد بحساب ابجد قمری استخراج کر کے اسمیں
تین سو اٹھارہ کا مزید اضافہ کر کے اس میزان کو الگ رکھ لیں۔ اب اپنے
نام مع والدہ کے حروف ملفوظی کر کے اعداد ابجد شمسی سے لیں۔ اب ان
اعداد شمسی میں پانچسو ایک کا مزید اضافہ کریں۔ اب پہلی میزان کو بھی اسمیں
شامل کر کے ایک مربع آتشی زعفران اور عرق گلاب کی تیار کردہ سیاہی سے
سفید کاغذ پر کوئی عمدہ اگربتی سلگا کر تحریر کریں۔ اب ایک دوسرا مربع خاکی
بھی ان اعداد سے تیار کریں۔ مربع آتشی کو موم جامہ کر کے پاس رکھیں
اور خاکی کو دکان میں کسی جگہ بحفاظت رکھ دیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ رزق
میں برکت اور وہ ترقی ہو گی کہ آپ حیران رہ جائینگے۔

۵۲۔ ترقی مراتب اپنے مطلب کے مطابق اسم الٰہی ایک یا دو یا آیات

قرآنی ایک یا دو منتخب کریں۔ مثلاً عزت و مرتبہ کیلئے متعالی، رفیع، عزیز اور طلب رزق کے سلسلہ میں اسم رزاق وھَابُ۔ معطی۔ منعم۔ آیت ہو تو اللہ لطیفٌ بعبادہٖ یرزق من یشآء بغیر حساب۔ محبت کیلئے وَدُوْدُ۔ لطیفُ، عطوفُ۔ حنان۔ رؤف۔ رحیم۔ سواری اور کشتی کے لیئے بسم اللہ مجریھا و مرسٰھا ان ربی لغفور رحیم۔ غرضیکہ اسی طرح مقصد کے حصول کیئے اسمار یا آیات لیں اور اپنا عمل مکمل کریں۔

اسم یا آیت اعداد بحساب ابجد جمل کبیر سے استخراج کریں اور تمام شرائط کے ساتھ ان آیات یا اسماء کو ان کے برابر ورد زبان کریں۔ اب ان اعداد کو مخمس اجوف میں پُر کریں ان اعداد سے ۶۵ عدد تقسیم کریں اور اور باقی کو دیکھیں اگر باقی خارج قسمت سے کم ہے تو رہنے دیں اور اس باقی کو خانہ ۱۶، ۱۲، ۱۷، ۲۲، ۲۴ میں بڑھائیں اگر خارج قسمت سے زائد ہیں تو ان کو پھر ۴ پر تقسیم کریں اور جو باقی ہے ان کو علیحدہ لکھ لیں، اب برابر برابر خانہ مخمس جس میں لکیریں سیدھی برابر خانوں کی ہوں بنائیں اور نمبر ۱ سے خانہ نمبر ۲۔ ۳۔ ۴۔ ۵۔۔ ۱۰ کے باقی خانوں میں خارج قسمت دوم جو باقی کو ۴ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوا ہے۔ تمام خانوں میں بڑھائیں۔ اور جو چار پر تقسیم کرنے سے عدد باقی بچے اسکو خانہ کسرات یعنی ۱۲، ۱۶، ۱۷، ۲۲، ۲۴ میں بڑھائیں اور خارج قسمت اول یعنی اصل اعداد کو ۶۵ (یہ اعداد اسم الٰہی دیان کے ہیں) پر تقسیم کرنے سے جو خارج قسمت (حصہ) ہو اس اعداد کے نقش کو نمبر وار پُر کریں۔ یعنی ہر خانہ

۶۳۵ تقسیم ۶۵ خارج قسمت یعنی حصہ ۹ اور باقی ۵۰ رہے اب چونکہ باقی قسمت عدد ۵۰ ہے۔ جو خارج قسمت عدد ۹ سے زیادہ ہیں۔ اس لئے ۵۰ کو ۲۴ پر تقسیم کیا خارج ۲ اعداد باقی ۲ رہے اب اعداد نو ۹ کو نقش طبعی ہر خانے کے اعداد سے ضرب دیں اور ۱۲ کا سوائے ۲-۳-۵-۱۰ - کے باقی سب خانوں میں بڑھا دیں اور باقی ۲ آخر والے کو خانہ ۱۴-۱۶-۱۷-۲۲-۲۴ میں بڑھائے جائیں، تو نقش پُر ہو جائیگا ہمارا مثالی یہ ہوا۔

۷۸۶

یا ردیائیل   یا دردائیل

۱۵۶	۹۰	۲۱	۱۲۰	۲۴۸
۹۳	۲۰۱	۱۸۵	۱۲۹	۲۷
۱۳۹	۱۱	یا دیان	۱۳۸	۲۳۷
۴۵	۴۶	۲۱۹	۲۳۰	۷۵
۱۹۲	۱۶۷	۲۱۰	۱۸	۴۸

یا کمفائیل   یا ہمرائیل

یا نادر بن علی بصری کی بنا لئے

خانہ اول = ۹ × ۱ = ۹ + ۱۲ = ۲۱

خانہ دوم = ۹ × ۲ = ۱۸ اس خانہ میں اضافہ نہ کریں۔

خانہ سوئم = ۹ × ۳ = ۲۷ اس خانہ میں اعداد نہیں بڑھائے۔

خانہ چہارم = ۹ × ۴ = ۳۶ + ۱۲ = ۴۸

خانہ ۵ = ۹ × ۵ = ۴۵ اسمیں اضافہ نہ کریں۔

خانہ ۶ = ۹ × ۶ = ۵۴ + ۱۲ = ۶۶ ۔

مبروار کے اعداد سے ضرب لگا کر اور کسرات وخارج قسمت دوم اعداد جمع
کر کے اسی خانہ میں تحریر کریں جب ۲۴ خانے پورے ہو جائیں گے۔
تو یہ نقش اُنوت ہر طرف سے پورے اعداد والا ہو گا۔ اب اعداد واسماء
آیات جن کے عدد لیکر نقش مکمل ہوا ہے، اور اعداد اسم مطلوب اعداد
اسم دیان واعداد اسم ذات سب کی جمع کریں اور خانہ وسط میں لکھیں
اور ساتھ ہی اسماء موکلات کہ اسم دیان کے ہر چار کونہ پر لکھکر داہنی طرف
آیت شریف بلیٰ قادرین علیٰ ان نسوی بنانہ لکھیں
اور عزیمت اسم دیان ومطلب واسم ذات وآیات کو سو مرتبہ پڑھیں
یہی نقش مکمل ہوا۔ عزیمت یہ ہے۔

اللھم یا دیان انی اسئلک بالاسماء الحسنیٰ وبآیات کلام الٰہی، ان
تعملوا کفا وکفا سریعًا عاجلاً اسم موکلات اسم دیان یا ددائیل یا دریائیل
یا اسرافیل یا سرفائیل مثال آیت شریف ورفعنٰہ
مکانا علیا کے اعداد ۲۲۵ ہیں یہ نقش ترقی مراتب کیلیے ہے

رفتار نقش

۱۶	۱۰	۱	۱۲	۳۶
۹	۲۱	۱۹	۱۳	۳۰
۱۵	۱۱		۱۴	۲۵
۵	۶	۲۳	۴۲	۷
۲۰	۱۷	۲۲	۲	۴

اس میں ۔ ۸ ۔ ۱۸ ۔ کا ہندسہ خالی نہیں ہے

خانہ ۷ = ۹ × ۷ = ۶۳ + ۱۲ = ۷۵

خانہ ۸ = ۹ × ۹ = ۸۱ + ۱۲ = ۹۳

خانہ ۹ = ۹ × ۱۰ = ۹۰ اسمیں اضافہ نہ کریں۔

خانہ ۱۰ = ۹ × ۱۱ = ۹۹ + ۱۲ = ۱۱۱

خانہ ۱۱ = ۹ × ۱۲ = ۱۰۸ + ۱۲ ۱۲۰

خانہ ۱۲ = ۹ × ۱۳ = ۱۱۷ + ۱۲ ۱۲۹

خانہ ۱۳ = ۹ × ۱۴ = ۱۲۶ + ۱۲ = ۱۳۸

خانہ ۱۴ = ۹ × ۱۵ = ۱۳۵ + ۱۲ = ۱۴۹

خانہ ۱۵ = ۹ × ۱۶ = ۱۴۴ + ۱۲ = ۱۵۶

خانہ ۱۶ = ۹ × ۱۷ = ۱۵۳ + ۱۲ + ۲ = ۱۶۷

خانہ ۱۷ = ۹ × ۱۹ = ۱۷۱ + ۱۲ + = ۱۸۵

خانہ ۱۸ = ۹ × ۲۰ = ۱۸۰ + ۱۲ = ۱۹۲

خانہ ۱۹ = ۹ × ۲۱ = ۱۸۹ + ۱۲ = ۲۰۱

خانہ ۲۰ = ۹ × ۲۲ = ۱۹۸ + ۱۲ = ۲۱۰

خانہ ۲۱ = ۹ × ۲۳ = ۲۰۷ + ۱۲ = ۲۱۹

خانہ ۲۲ = ۹ × ۲۴ = ۲۱۶ + ۱۲ + ۲ ۲۳۰

خانہ ۲۳ = ۹ × ۲۵ = ۲۲۵ + ۱۲ = ۲۳۷

خانہ ۲۴ = ۹ × ۲۶ = ۲۳۴ تمام شد سعید

۵۳: عمل نوروز

علمائے یونان نوروز اس دن کو کہتے ہیں جب کہ آفتاب بارہ بروج کا دورہ طے کرنے کے بعد برج حمل کے نقطہ اول میں داخل ہوتا ہے اس روز دن اور رات برابر ہوتے ہیں۔ اس برج میں آفتاب کو ۱۹ درجہ پر شرف حاصل ہوتا ہے۔ نوروز میں کاملانِ جفر تسخیر خلق عروج ترقی۔ بلندی مرتبت کے اعمال تیار کرتے ہیں یہ وقت شرف سے سو گنا زیادہ قوت رکھتا ہے وسعت رزق اور عزت ووقار میں اضافہ کیلئے ایک سادا سا طریق بیان کئے دیتا ہوں تاکہ ضرورت اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔

اپنے نام مع والدہ کے اعداد بحساب ابجد شمسی لیں۔ ان اعداد میں ۸ ۷ ۴ ۱۹ کا امتزاج دیں۔ طریق امتزاج یہ ہے کہ پہلے ۸ کا ہندسہ پھر اپنے نام کا ہندسہ میں پھر ۷ کا ہندسہ اور اسکے ساتھ اپنے نام کا دوسرا اسی طرح تمام کریں، اب ان اعداد کے ملنے سے ایک سطر بن گئی اب ہر عدد کا حرف بنائیں نقاط چھوڑ دیں مثلاً ق، قاف۔۔ اہیں تو نقطے خارج کرنے صرف ایک کوبی فیں گے، اب ایک مربع آتشی تیار کرکے اسکے گرد گرد یعنی چاروں طرف یہ حروف تحریر کریں اگر ایک، دو حروف زیادہ نہیں تو زیادہ اوپر لکھ دیں مثلاً گیارہ تعداد میں ہوں تو تین طرف دو، دو اور اوپر پانچ حروف تحریر کریں۔ عمل تحریر کرتے وقت کوئی سرخ رنگ کا کپڑا سر پر رکھیں کچھ شیرینی بھی پاس ہونا چاہیے۔ اگر بتی سلگائیں سرخ سیاہی سے اور نئے قلم سے لکھیں قلم کی نب لوہے کی نہ ہو۔ اسکے

بعد رہ زائد ۱۱ یوم تک سورۃ والشمس اکیس ۲۱ بار پڑھا کریں۔

۵۴: عمل چلا ایتن عروج ماہ میں پیر کی شب سے (شب دوشنبہ سے) اسکو شروع کریں یعنی اتوار اور پیر کی درمیانی رات سے (اتوار کا دن گزر کر جو رات آئے جس کی صبح پیر ہوگا) بشرطیکہ اس وقت قمر در عقرب نہ ہو۔ رات کے آخری حصہ میں اس عمل کو کریں۔ روزانہ رات تین بجے عمل کیا کریں دس پندرہ منٹ کی کمی بیشی نقصان دہ نہیں ہے البتہ زیادہ تاخیر سے اندیشہ ہے لباس پاک وصاف جو عطر گلاب سے معطر کیا گیا ہو پہن کر باوضو ننگے سر رو بہ قبلہ کھڑے ہو کر ایکسو ایک بار یہ پڑھیں۔ جب رسل اللہ پر پہنچیں تو اپنے مقصد کے واسطے دعا کریں بعد دعا کے پھر اللہ اعلم پڑھیں آیت شریف جو ملادت کریں گے یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ واذا جاء تھم اٰیۃ قالوا لن نؤمن حتی نوتی مثل ما اوتی رُسل اللہ (یہاں دعا پڑھیں گے) اللہ اعلم حیث یجعل رسلتہ (سورہ انعام آیت ۱۲۴)

ہر مرتبہ دعا مانگیں گے اس طرح روزانہ ۱۰۱ بار اول و آخر ۱۱۔ ۱۱ بار دورد شریف پڑھیں مدت عمل اکیس ۲۱ یوم ان ایام میں جب کامیابی ہو جائے عمل چھوڑ دیں کوئی پرہیز نہیں ہے۔ اس عمل کی برکت سے حصول روزگار مقدمہ سے نجات۔ امراض سے تحفظ کے علاوہ اور بہت سے امور میں مدد لی جاسکتی ہے

۵۵: قرآن عطارد و زہرہ زہرہ محبت اور عورت سے منسوب ہے

عطارد کا تعلق تحریر کے علاوہ دفتری امور سے بھی ہے جب آپ کو حصول رزق یا تلاش ملازمت یا ترقی مرتبہ کی ضرورت ہو تو اس سعد وقت کی قوت سے کام لیں طریق یہ ہے کہ اپنا نام مع والدہ اور اسم الٰہی جو آپکے مقصد کے موافق ہو کرلیں مثلاً ملازمت کیلئے یا رزاقُ ۔ ترقی ہو تو یا رافع لیں گے۔ اب اپنے نام مع والدہ اور اسم الٰہی کے اعداد لیں پھر دونوں کو ملفوظی کر کے حروف بنائیں اب ہر دو اعداد کو جمع کریں اور زعفران و عرق گلاب سے تیار کردہ سیاہی سے مربع آتشی استخراج کریں نقش کے اوپر ۷۸۶ اور نیچے اپنا مقصد لکھیں۔ نقش کے اصلاح قولہ الحق وله الملک سے اور چاروں ملائکہ مع خادم تحریر کریں۔ یہ سارا کام الگ پاکیزہ و معطر کمرہ میں رو بہ قبلہ بیٹھکر بخور صندل سفید سلگا کر کریں۔ ایسے دو نقش تیار کریں ایک تہہ کر کے پاس رکھیں دوسرا گھر میں کسی اونچی جگہ لٹکا لیں پھر خود روزانہ بعد از نماز فجر پہلے ۵ اسم الٰہی پڑھا کریں۔ جو آپ نے ملفوظی کیا ہے مدت پڑھائی وہ ہے جو ملفوظی لفظ نام و اسم الٰہی کے ہوں عدالتی کاروائی ہو تو پھر دونوں کو شمار نہ کریں بلکہ جب تک کام نہ ہو عمل جاری رکھیں۔

۵۶: وسعت رزق

جب سورج یا چاند گرہن ہو اس وقت پہلے غسل کریں پھر پاکیزہ و معطر لباس پہن لیں اب علیحدہ پاک و صاف کمرہ میں بیٹھیں اور یہ اسمائے حسنٰی یا اللہ یا وارث یا ھادیُ وارث حمید طیب کریم لطیف مکرم سلام علیکم

صابر سادف بحق یا عزیز اعزنی فی ان کو پڑھتے کے دوران التحیات کی صورت میں مشرق کو منہ کر کے بیٹھیں گے۔ اس دوران بخور صندل سفیدہ سلگانا ہوگا۔ پھر جب گرہن صاف ہو رہا ہو تو اپنے نام مع والدہ کے اعداد بحساب ابجد قمری استخراج کر کے ایک مربع آتشی زعفران و عرق گلاب کی تیار کردہ سیاہی سے انار کے قلم سے سفید کاغذ پر بخور اس سارے عمل کے درمیان ضدلین ہوگا۔ چند خوشبودار پھول مثلاً چنبیلی و گلاب عمل کے وقت پاس ہونگے۔ عمل کے بعد اس نقش کو موم جامہ کر کے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ پھر دوسرے دن سے نماز فجر کے بعد روزانہ اول و آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف سو بار پڑھیں۔ خدا چاہے تو چودہ یوم میں تاثیر ظاہر ہوگی۔ جب آپ نقش تیار کریں گے تو اپنے نام مع والدہ کے اعداد میں ۹۸۳ اعداد کا اضافہ کر کے نقش مرتب کریں گے۔

۵۷۔ طلب مال

جب آپ کسی سے مالی امداد کی خواہش رکھتے ہوں یا کسی سے رقم لینا ہو اور وہ انکاری ہو تو تالیف قلب کریں تاکہ وہ اس قدر آپ کی طرف مائل ہو کہ آپ کی خواہش سے سرنہ اٹھا سکے یہ عمل عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے روز تثلیث قمر و مشتری ہو تو بہت عمدہ ہے یا زہرہ و مشتری میں زعفران سے تحریر کریں میں ایک مثال سے اس عمل کو پوری تشریح سے سمجھائے دیتا ہوں تاکہ آپ کو عمل تیار کرنے میں دشواری نہ ہو۔

اس عمل میں نقش مخمس ذواکتابت سے کام لیتے ہیں۔ نقش کے پہلے
پانچ خانہ ہائے آپ محبت جس کے اعداد ۳ ۹ ۴ ۱ ہیں۔
دوسرے پانچ خانوں میں جلب قلب کے اعداد ۱۶۷ میں اعداد مطلوب
جمع کر کے پُر کریں گے۔
تیسرے پانچ خانوں میں طالب و مطلوب مع والدہ کے اعداد کو پُر کریں گے۔
چوتھے پانچ خانوں میں اعداد ایک حُب اور طالب و مطلوب مع والدہ
کے اعداد کے مجموعہ کو پُر کریں گے۔
پانچویں بار آخری پانچ خانوں میں جس قدر رقم کی امداد کی ضرورت ہے
لکھیں اور لا کے اعداد ۳۱ جمع بھی شامل کریں گے۔

رفتار نقش

۲۵	۱۹	۱۳	۷	۱
۸	۲	۲۱	۲۰	۱۴
۱۶	۱۵	۹	۳	۲۲
۴	۲۳	۱۷	۱۱	۱۰
۱۲	۶	۵	۲۴	۱۸

مثلاً طالب ظفر جس کے اعداد ۱۱۸۰ ہیں مطلوب عباس جس کے اعداد ۱۳۳
ہیں ظفر چاہتا ہے کہ عباس مجھے ایک لاکھ روپیہ بطور قرض مالی
امداد کرے۔ تو ایک لاکھ روپیہ کے اعداد ۳۶۵ اور لا کے ۳۱ ہوئے
کل مجموعہ ۳۹۶ بنا۔ اب اس سارے عمل کو حسابی طور پر ہم مخمس میں یوں

پورکریں گے کہ پہلے دور میں پانچ خانوں میں ۱۴۹۲ سے ۱۴۹۷ تک عدد ہوں گے ۔

دوسرے دور میں پانچ خانوں میں حلیب قلب کے ۱۶۷ اور مطلوب کے ۱۳۳ کل مجموعہ ۳۰۰ ہے کو سرلوح لائیں گے ۔

اس لئے ایک عدد کم کرکے خانہ ۱۶ میں ۲۹۹ لکھیں گے اور باقی خانے باترتیب پُر کریں گے

تیسرے دور میں سرلوح ۱۳۱۳ طالب و مطلوب کے عدد لکھیں گے اسلئے دو عدد کم کے خانہ ۱۱ میں ۱۳۱۱ لکھکر باقی خانہ ہائے پُر کریں گے ۔

چوتھے دور میں اعداد آیت ۱۴۹۳ + اعداد طالب + اعداد مطلوب جو ۱۳۱۳ میں جمع کریں گے یہ کل مجموعہ ۲۸۰۶ ہوا اس سے تین عدد کم کرکے خانہ ۱۲ میں لکھیں گے۔

پانچویں دور میں مطلوبہ رقم ایک لاکھ روپیہ لا کے اعداد جو ۲۹۶ کو پُر کریں گے یاد رہے سرلوح بند سے نہ لکھیں بلکہ دہ خانہ ہائے میں اصل عبادت تحریر کریں جو آئے اب سارا مثالی نقش یہ ہوا

یحبونہم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ	حلیب قلب عباس	ظفر عباس	ظفر یحبونہم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ عباس	ایک لاکھ روپیہ لا
۱۳۱۴	۲۸۰۷	۳۹۲	۱۴۹۴	۳۰۱
۳۹۳	۱۴۹۵	۳۰۲	۱۳۱۵	۲۸۰۳
۳۰۳	۱۳۱۱	۲۸۰۴	۳۹۴	۱۴۹۶
۲۸۰۵	۳۹۵	۱۴۹۷	۲۹۹	۱۳۱۲

نقش کے نیچے مندرجہ ذیل عزیمت لکھیں۔

عزمت علیکم یا غقغائیل یا تلجائیل یا غتمیاسن ویا سد المطظرون تسلطوا علی وجود عباس بمحبت بحق ظفر طلبو۔ مبلغ ایک لاکھ روپیہ سکہ رائج الوقت بحق یا علیم یا باری یا اللہ یا سمیع و بحق آیۃ پاک یحبونہم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ

پہلا موکل اسم طالب ظفر عدد ۱۱۸۰ کا ہے دوسرا موکل عدد مطلوب ۱۳۳ کا بنایا ہے۔ تیسرا موکل آیت کے اعداد ۱۴۹۳ کا ہے چوتھا موکل تمام ملائکہ کا سردار ہے، اسماء باری تعالے اسم مطلوب کے ہر حرف کے مطابق لیے جائینگے اس لیے ہمیں چار اسماء حسنی علیم باری اللہ اور سمیع لئے ہیں۔ ایسے دو نقش تیار کریں ایک طالب اپنے بازو پر باندھے دوسرا اپنے گھر یا نزدیک کی درخت سے لٹکا دیں تاکہ ہوا سے ہلتا رہے انشاء اللہ تعالے مطلوب طالب کی اس خواہش کو چند دنوں میں پورا کریگا۔ اس مثال میں صرف نام لئے ہیں دونوں والدہ کے نام اور اعداد شامل نہیں کئے۔ آپ جب عمل تیار کریں تو دونوں کی والدہ کے نام ضرور لیں۔ یہ عمل متعدد بار تجربہ کی میزان پر پورا اترا ہوا ہے

۵۸: کشائش رزق وترقی مرتبہ

عاملین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ طلسم انتہائی اثر ہوتا ہے

وظائف، عملیات، سحر وغیرہ سبھی نمایاں ہیں مگر موثر ترین چیز طلسم ہے طلسم ایک ایسا عمل ہوتا ہے کہ ذرا سی بے احتیاطی ہو جائے تو عامل کو

نقصان پہنچ جاتا ہے زیر نظر عمل بھی جفری طلسم ہے۔ اگرچہ میں نے اسے
بہت سبک اور ہلکا کردیا ہے اور خطرہ والے عنصر نکال دیئے ہیں
تاہم طلسم پھر طلسم ہے جو صاحب احتیاط سے کرسکتے ہوں وہی اصحاب کریں۔
سب سے پہلے یہ بیان کردوں کہ اسمیں مخمس خالی البطن کی ضرورت ہوتی
ہے جو ۲۴ چوبیس خانوں میں اعداد پورے ہوجاتے ہیں لیکن درمیان والا خانہ
(پچیسواں خانہ) خالی رہتا ہے اسکے پُر کرنے کی متعدد ترکیبیں ہیں مگر سب
سے آسان طریق یہ ہے کہ جس قدر اعداد ہوں ان سے چالیس عدد خارج
کرکے جو باقی ہوں ان کو خانہ ۲۰-۲۱-۲۲-۲۳-۲۴ میں علی ترتیب
تحریر۔ اور خانہ اول تا انیس تک۔ ایک سے لیکر بالترتیب عدد لکھیں نقش
پُر ہوجائیں گا۔
اس عمل کشائش رزق وترقی مرتبہ کیلئے آپ کو پانچ نقش مخمس خالی
القلب تحریر کرنا ہونگے۔ اس سارے عمل کے دوران بخور صندل۔ عود۔
لوبان سلگائیں۔ پاکیزہ صاف اور معطر الگ جگہ باوضو بیٹھکر سارا عمل
تیار کریں گے ان پانچ نقوش مخمس خالی القلب کی ترکیب یہ ہے کہ آپ
پہلے سورۃ توبہ پارہ دس کی آیت نمبر ۱۲۸ - لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ تا آخر
اس آیت کے اعداد بحساب ابجد شمسی نکال کر مخمس پُر کریں اور درمیان
کے خالی خانہ میں لفظ اُنْظُرْ لکھ دیں یہ ایک نقش مخمس مکمل ہوا۔ دوسرا
نقش اس طرح پُر کریں کہ اپنا نام مع والدہ کے اعداد لیکر مخمس تیار کریں
درمیان کے خالی خانہ میں لفظ نَظَرْتُ لکھیں۔ پھر تیسرا نقش پُر کرنے

کی ترکیب یہ ہے کہ جو یہ رقم اردی ہے اس کو پُر کریں خانہ خالی میں ۔ نز، لیسلن، لیسلن (تین بار اسی خانہ میں لکھیں گے) اب چوتھا نقش پُر کرنا ہے آپ چاروں مقرب ملائکہ (جبرائیل، میکائیل۔ اسرافیل، عزرائیل (ھمزہ قائم مقام الف ہوتا ہے جس کا ایک عدد ہے) کے نام کے اعداد شمسی سے نکال کر نقش تیار کریں اب خانہ خالی میں یا مجیب لکھیں گے اب پانچویں نقش کی ترکیب یہ ہے کہ اِنَّهُ مِن سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ (پارہ ۱۹ سورۃ نمل آیت ۳۰) کے اعداد بحساب ابجد شمسی لیں گے اور نقش تیار کریں گے اس کے خانہ خالی میں آپ یا عزیز لکھیں۔ آپ ان پانچ مخمس کو پہلے سے حل کر کے پاس رکھیں۔ اب ان کے اصل کرنے کا صحیح وقت قمر برج ثور کے تیسرے درجہ ہو (یاد رہے یہاں قمر کو شرف ہوتا ہے) یہ شرف عروج ماہ ہونا چاہیئے تو اسکے چھ گھنٹے بعد ان پانچ مخمسوں کو سرخ کاغذ پر زعفران سے پُر کریں گے اگر ذرا تلاش سے قدرے مشک مل جائے تو وہ بھی زعفران میں ملا دیں اپنا رخ مغرب کو رکھیں گے۔ نقش تیار کرنے کے بعد انہیں اوپر نیچے رکھکر اور تعویذ کی مانند اسے تہہ کر کے سرخ ریشمین دھاگہ سے باندھکر آپ اپنے پاس رکھیں۔ اسکی مدت صرف پانچ یوم ہے یعنی ان پانچ ایام میں ہر وقت آپ کے پاس ہو دفع حاجت جاتے وقت اسکو علیحدہ کر دیا کریں پاک ہو کر دوبارہ فوراً پاس رکھیں۔ ان پانچ ایام میں فعل حیوانی اور حرام اشیاء سے پرہیز کریں۔ چھٹے دن اسے جُدا کر کے کسی صندوقچہ میں حفاظت سے رکھ دیں۔ اور

صد شکریہ

امانت شریف ایڈیٹر ماہنامہ قربت لاہور

حکیم ثاقب مجید، ڈپٹی چیف ایڈیٹر ماہنامہ خیال مجید وہاڑی

محمد سلیم، معاون ایڈیٹر ماہنامہ خیال مجید وہاڑی

غلام جعفر کھوکھر چیف نیوز ایڈیٹر ماہنامہ خیال مجید، کرامت علی چوہدری معاون ایڈیٹر ماہنامہ خیال مجید اور محمد افضل ہاشمی۔ ان تمام دوستوں کا شکر گزار ہوں جنہوں نے کتاب کی پروف ریڈنگ سے لے کر طباعت ہونے تک میرے ساتھ بھرپور تعاون کیا۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر دے اور علم میں برکت دے۔ (آمین)

ڈاکٹر و حکیم حاجی محمد سعید

قادری سعید

اس تصنیف میں مندرجہ ذیل کتب اور میگزینوں سے رہنمائی حاصل کی ہے۔

1۔ ماہنامہ جمال جفر لاہور (میگزین)

2۔ ماہنامہ خیال مجید وہاڑی (میگزین)

3۔ ماہنامہ فلکیات (میگزین)

4۔ ماہنامہ آئینہ قسمت (میگزین)

5۔ ماہنامہ روحانی دنیا (میگزین)

عملیات میں خصوصی طور پر اپنے والد محترم استاذ الحکماء حکیم حاجی عبدالمجید اور محترم بڑے بھائی شاہد الیاس سلیمی کی مختلف تصانیف سے بھی رہنمائی حاصل کی ہے۔

حکیم ڈاکٹر محمد سعید

قادری سعید

محبت کے متوالوں کیلئے انمول تحفہ

میں صد شکر گزار ہوں فاطمہ یسمین کا جنہوں
نے کتاب میں میرے ساتھ مالی اور جانی
تعاون کیا جسکے پرزور اصرار پر میں نے کتابوں
کیلیے قلم اٹھایا اگر انہوں نے میرے ساتھ
اسی طرح تعاون کیا تو انشاء اللہ میری اگلی
کتاب تسخیر ارواح وجنات آپکے ہاتھ میں
ہوگی ۔ میں اس عظیم ہستی فاطمہ یسمین کا پھر
شکریہ ادا کرتا ہوں

منجانب: ڈاکٹر حکیم محمد سعید